138983

کوئی بلاوے مدد کرنیکے لیے تو قبول کرے اور جاوے اور بعضون نے کہا کہ ضیافت کو لیی بلاوی تو حاضر ہووے بشرطیکہ اوسمین گناہ
غزالی سے کہا کہ جو کہا تا ازراہ مفاخرت اور نام ونمود کے بکاوین نہ قبول کرے اور سلف یعنی صحابہ اور اگلے علما مکروہ کہتے
سکو اور جواب دینا چھینک والیکا یعنی اگر وہ الحمد للہ کہے تو اوسکو جواب مین کہے یرحمک اللہ لکھا ہے شرح السنۃ مین کہ
حق اسلام کے ہین برابر ہین انمین سب مسلمان نیک بھی اور بد بھی یعنی گنہگار غیر مبتدع مگر خاص کیا جاوی نیک ساتھہ بشاشت اور
بیمار کے نہ فاجر علی الاعلان کہ کرنیوالا ع ح **وعنه** قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **حق المسلم علی المسلم**
قیل ما هن یا رسول اللہ قال اذا لقیته فسلم علیه واذا دعاك فاجبه واذا استنصحك فانصح له واذا عطس
فحمد اللہ فشمته واذا مرض فعده واذا مات فاتبعه رواه مسلم اور روایت ہی اونہین ابی ہریرہ سی کہ کہا فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے حق مسلمان کے مسلمان پر چھہ ہین عرض کیا گیا کیا ہین وہ ای رسول خدا کے فرمایا جسوقت کہ ملاقات کرے تو
مسلمان سے پس سلام کراوسپر اور جسوقت بلاوے تجکو یعنی مدد کرنے کیلیی یا ضیافت کے لیے پس قبول کر اور جسوقت خیر خواہی
چاہے تجھہ سے پس خیر خواہی کر واسطے اوسکے اور جسوقت چھینکے پھر الحمد للہ کہے پس جواب دے اوسکو یعنی یرحمک اللہ کہہ اور جب بیمار ہو
پس پوچھہ اوسکو اور جسوقت مرجاوے ساتھہ جاوے اوسکے یعنی نماز ودفن کے لیی روایت کی یہ مسلم نے ف اور جب بیمار ہو پس پوچھہ اگرچہ
ایکبار ہو اور یہہ جو مشہور ہے کہ بعض اوقات مین عیادت بیمار کی نہ کیجاوی کچھہ اصل اسکی نہین بلکہ باطل ہی اور اس حدیث مین بیان خیر خواہی
کا زیادہ ہی اور اس مین حقوق مسلمان کی مسلمان پر چھہ فرمائی اور اوپر کی حدیث مین پانچ پس مراد حصر نہین ہی حقوق مسلمانی کی بہت ہین ہر مقام
مین کچھہ کچھہ اون مین سی بیان فرماتے ہین اور یہہ بھی ہوسکتا ہی کہ یہہ احکام وحی مین بتدریج یعنی ٹھہر ٹھہر کر نازل ہوئی ہون یعنی پہلے پانچ نازل ہوے
ہون پھر چھہ ع ح **وعن** البراء بن عازب قال امرنا النبی صلی اللہ علیه وسلم بسبع ونهانا عن سبع امرنا
بعیادة المریض واتباع الجنائز وتشمیت العاطس ورد السلام واجابة الداعی وابرار المقسم ونصر المظلوم ونهانا عن خواتم
الذهب وعن الحریر والاستبرق والدیباج والمیثرة الحمراء والقسی وآنیة الفضة وفی روایة وعن الشرب فی الفضة فانه
من شرب فیها فی الدنیا لم یشرب فیها فی الاخرة متفق علیه اور روایت ہی براء بن عازب سی کہ کہا حکم کیا ہمکو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
سات چیزون کا اور منع فرمایا سات چیزون سے حکم کیا ہمکو ساتہ عیادت بیمار کے اور جانیکے ہمراہ جنازہ کے اور جواب دینے چھینکنے والے کے
اور جواب دینے سلام کے اور قبول کرنے بلانیوالے کے اور سچا کرنے قسم کھانیوالے کے اور مدد کرنے مظلوم کے اور منع فرمایا ہمکو پہننے
انگوٹھی سونیکی سے اور پہننے ریشم کے سے اور اطلس کے سے اور دیباہی کے سے اور استعمال کرنے زین پوش سرخ کے سی اور کپڑے تہی کے سی اور منع فرمایا استعمال
کرنے پاسن چاندی کے سی اور ایک روایت مین ہی پینے سے چاندی کے پاسن مین اسلیے کہ تحقیق جو شخص پیویگا اوس مین دنیا مین نہ پیویگا اوس مین
بیچ آخرت کے روایت کی یہہ بخاری اور مسلم نے ف سچا کرنے قسم کھانیوالے کے یعنی اگر کوئی شخص قسم کھاوی ایک امر آیندہ پر اور تو قادر ہو اوپر
پورا کرنے قسم اوسکی کے اور اوس مین گناہ نہو مثلاً اگر قسم کھاوی کہ مین تجھہ سے جدا نہین ہونیکا یہانتک کہ کریتو ایسا کام اور تو قادر ہو اوسکو
کرنے پر پس کرنا کہ اوسکی قسم ٹوٹے نہین اور بعضون نے کہا کہ معنی یہہ ہین کہ اگر کوئی کسیکو قسم دلاوی کہ تجھہ خدا کی قسم یہہ کام کر تو مستحب ہے اوسکو
کرنا یہہ کام واسطے تعظیم نام پروردگار کے اگرچہ لازم نہین اور مدد کرنے مظلوم کی واجب ہی داخل ہی اس مین مسلمان اور ذمی اور
کبھی یہہ قتال تک اور کبھی ساتہ فعل کے اور میثرہ اوس زین پوش کو کہتے ہین کہ روئی بھری ہوتی ہے اوسمین اور اوسکو

[illegible] پر ڈالکر بیٹھتی ہین اوسکو تمیز [illegible]
ہر رنگ کا حرام ہی اور اگر حریر کا نہو اور ہو سرخ تو مکروہ ہی اور نہین [illegible]
بنا جاتا ہے منسوب طرف قس کے کہ وہ ایک قریہ ہی مصر کا اور استعمال کرنے چاندی کر یا سونے سے
بلکہ اس سے بھی زیادہ گناہ ہے اوسکا استعمال کرنا اور یہہ چیزین جو مذکور ہوئین مردون کو منع ہین
عورتون کو دونونکو استعمال اونکا درست نہین آور نہ پیویگا اوس مین آخرۃ مین ظاہر تر یہہ ہی کہ [illegible]
عذاب اسنے تک یا وقت وقوف اور حساب کے یا جنت مین ایک مدت تک نہین پہنے
ایسی ہی مراد نہ پہنے ریشم سنے ہے اس حدیث مین من لبسہ فی الدنیا لم یلبسہ فی الآخرۃ اور ایسی ہی [illegible]
اس حدیث مین من شرب فی الدنیا لم یشربہا فی الآخرۃ ع ✣ ح **وعن** [illegible] قال
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان المسلم اذا عاد اخاہ المسلم لم یزل فی خرفۃ الجنۃ حتی یرجع رواہ مسلم
اور روایت ہی ثوبان سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق مسلمان جسوقت پوچھتا ہی بھائی اپنے مسلمان کو [illegible]
ہے میوہ خوری بہشت کی یہانتک کہ پھیرے روایت کی یہہ مسلم نے ف یعنی بسبب سعی کرنیکے طرف عیادت بیمار کے لائق جنت اور میوہ خوری
اوسکی کے ہوتا ہی ✣ ع **وعن** ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ تعالی یقول یوم القیمۃ یا ابن
آدم مرضت فلم تعدنی قال یا رب کیف اعودک وانت رب العالمین قال اما علمت ان عبدی فلانا مرض فلم تعدہ
اما علمت انک لو عدتہ لوجدتنی عندہ یا ابن آدم استطعمتک فلم تطعمنی قال یا رب کیف اطعمک وانت رب
العلمین قال اما علمت انہ استطعمک عبدی فلان فلم تطعمہ اما علمت انک لو اطعمتہ لوجدت ذلک
عندی یا ابن آدم استسقیتک فلم تسقنی قال یا رب کیف اسقیک وانت رب العلمین قال استسقاک عبدی
فلان فلم تسقہ اما علمت انک لو سقیتہ وجدت ذلک عندی رواہ مسلم اور روایت ہی ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول
صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ تعالی فرماویگا دن قیامت کی اے بیٹے آدم کے بیمار ہوا مین پس نہ پوچھا تو نی مجکو کہیگا ای رب میرے کیونکر
پوچھتا مین تجکو اور تو پالنے والا ہی عالمون کا یعنی اور پاک ہی بیماری سے فرماویگا اللہ تعالی کیا نجانا تو نی تحقیق [illegible]
نہ پوچھا تو نی اوسکو کیا نجانا تو نی یہہ کہ اگر پوچھتا تو اوسکو البتہ پاتا مجکو نزدیک اوسکے یعنی ضامیری ای بیٹے آدم کی کھانا مانگا تجھ سے
پس نہ کھلایا تو نی مجکو کہیگا ای رب میرے کسطرح کھلاتا مین تجکو اور تو ہی پالنے والا عالمون کا یعنی اور تو کسیکا محتاج نہین [illegible]
نجانا تو نی یہہ کہ کھانا مانگا تھا تجھ سے بندے میرے فلانی نے پس نہ کھلایا تو نی اوسکو کیا نہ جانا تو نی یہہ کہ اگر کھلاتا اوسکو [illegible]
اوسکا نزدیک میرے اے بیٹے آدم کے پانی مانگا مین نی تجھ سے پس نہ پلایا تو نی مجکو کہیگا ای رب میرے کسطرح پلاتا مین تجکو اور تو پالنے والا عالمون کا ہی
یعنی تجکو کسی چیز کی احتیاج نہین نہ پانی کی نہ اور کسی چیز کی فرماویگا پانی مانگا تجھ سے بندے میرے فلانی نے پس نہ پلایا تو نی
کہ اگر پلاتا اوسکو پاتا تو اوسکو یعنی ثواب اوسکا نزدیک میرے روایت کی یہہ مسلم نے ف عیادت مریض کے کرنی مین اشارہ تعالی نزدیک
مجکو نزدیک اوسکے اور کھلانے اور پلانے کے حق مین فرمایا تا ثواب اوسکا نزدیک میرے اس سے معلوم ہوا
اور پلانی سے ✣ ع **وعن** ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم دخل علی [illegible]

[illegible] حق تعالیٰ کے گیرو تیمار
[illegible] ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم
[illegible] بیماری اونکی سے اور [illegible] حضرت جب جاتے بیمار پر کہ پوچھیں اسکو تو
[illegible] کرنیوالی ہے بیماری یعنی گناہوں سے اگر چاہے اللہ پس فرمایا [illegible]
[illegible] اگر چاہے اللہ کما کنوارے نہ مگر نہیں یون بلکہ تپ ہی کہ جوش مارتی ہی بوڑھی پر بڑی پر بلاویل
[illegible] پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پس ان سیطرح ہوگا ارادت کی [illegible]
[illegible] حضرت کی معلوم ہوئی کہ گنوار کی خبر کو تشریف لیگئے تعلیم ہی امت کو لیے کہ ادنی ادنی کی خبر پر کی کریں
[illegible] حضرت اوسپر کہ مین نے ایسا ثواب بیماری کا بیان کیا اور راہ صبر و شکر کی بتائی اور باوجود اسکے
[illegible] کیا ثواب یون ہی ہوویگا جسطرح تو کہتا ہی اس لیے کہ نہین ہی جزا کفران نعمت کی مگر محروم ہوا اوس
[illegible] احتمال ہی کہ وہ بیمار کافر ہو لیکن علما نے کہا ہے کہ ظاہر یہ ہے کہ مسلمان تھا لیکن بیہوش اوجٹ گنوار تھا بسبب
[illegible] کے بیتاب ہوکر اسطرح کہہ بیٹھا ۔ ح ۔ **وَعَنْ** عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اشْتَكٰى
[illegible] مَسَحَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ثُمَّ قَالَ اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً
[illegible] سَقَمًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہی عائشہ سے کہ کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جسوقت کہ بیمار ہوتا ہم مین سے
[illegible] پھیرتے اوسپر داہنا ہاتھہ اپنا پھر فرماتے دور کر بیماری کو اے پروردگار آدمیون کے اور شفا دی تو ہی شفا دیتا ہی والا نہیں
[illegible] شفا کہ نچھوڑے کسی بیماری کو روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے **وَعَنْهَا** قَالَتْ كَانَ اِذَا اشْتَكَى الْاِنْسَانُ
[illegible] اَوْ كَانَتْ بِهٖ قَرْحَةٌ اَوْ جُرْحٌ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِصْبَعِهٖ بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ
[illegible] بَعْضِنَا يُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہی اونہین عائشہ سے کہ کہا جسوقت کہ شکایت کرتا آدمی کسی
[illegible] اوسکے بدن سے یعنی جب کوئی عضو دکھتا کسیکا یا ہوتا پھوڑا یا زخم کہتے [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم اشارہ کرکر
[illegible] اپنی تاکہ برکت حاصل کرتا ہون ساتھہ نام اللہ کے یہہ مٹی زمین ہماری کے ملی ہوئی تھی ساتھہ لعاب بعضی ہماری کے
[illegible] تاکہ شفا دیا جاوے بیمار ہمارا ساتھہ حکم پروردگار ہمارے کے روایت کی یہ بخاری اور مسلم **نزف** آیا ہی کہ آنحضرت
[illegible] مبارک اونگلی پر لگاتے اور رکھتے اوسکو خاک پر پھر رکھتے اونگلی خاک آلودہ اوپر جگہ درد کے اور پھیرتے
[illegible] اور پڑھتے بسم اللہ آخر تک اور یہہ ایک سر ہے اسرار الٰہی سے ہیچ علاج پھوڑون اور زخمون کے اس سر کو
[illegible] ہماری عقلین قاصر ہین اسکو معلوم کرنے سے لیکن قاضی بیضاوی نے ازراہ احتمال کو بیان
[illegible] کہ لعاب مین کو تاثیر دی ہیچ تبدیل مزاج کے اور خاک وطن کی مٹی کو بھی تاثیر ہی ہیچ حفظ مزاج کو حتی کہ لکھا ہی حکما نے کہ
[illegible] کی ساتھہ کمہار اور تھوڑی سی پانی کر باسن مین ڈال دی اور وہ پانی پیتا رہی تا امن مین رہی تغیر مزاج سے پس
[illegible] وجہین اسکی بیان کی ہین یہہ سب احتمالات ہین حقیقت وہی ہی جو پہلے مذکور ہوئی
[illegible] تک اوسمین کوئی حرام چیز نہو مانند سحر اور کلمہ کفر کے

اور منتر کسی زبان کا ہو ہندی ہو یا سنسکرت یا عربی جب [illegible]

ایک منتر بچھو کا حدیث مین آیا ہی بسم اللہ شجوہ تربۃ آمرک [illegible]

وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اشْتَكَى نَفَثَ عَلَى نَفْسِهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ [illegible]

وَجَعُهُ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيهِ كُنْتُ أَنْفُثُ عَلَيْهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ الَّتِي كَانَ يَنْفُثُ وَأَمْسَحُ بِيَدِ [illegible]

وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَتْ كَانَ إِذَا مَرِضَ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ نَفَثَ عَلَيْهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ اور روایت [illegible]

علیہ وسلم جب بیمار ہوتے دم کرتے اپنے پر معوذات اور پھیرتے اپنے ہاتھ اپنا یعنی جہانتک ہاتھ پہنچ [illegible]

پس جب بیمار ہوی اوس بیماری مین کہ وفات کیگئی اوس مین تھے مین دم کرتے حضرت پر معوذات وہ معوذات کہ تھے حضرت دم کرتے

اور پھیرتے مین ہاتھہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یعنی اسطرح کہ مین پڑہتی معوذات اور حضرت کی ہاتھون پر دم کرتی اور دونو ہاتھہ انکے

مبارک پر پھیرتی نقل کی یہہ بخاری اور مسلم نے اور ایک روایت مسلم کی مین ہی کہ کہا حضرت عائشہ نے تھے حضرت جب بیمار ہوتا کوئی گھر [illegible]

سے دم کرتے اوسپر معوذات **ف** معوذات سے مراد قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس مین لفظ جمع کا [illegible]

آیتون کے کہا یا اقل جمع کے دو ہین یا دو سورتین یہہ اور تیسرے قل ہو اللہ ان تینون کو معوذات کہا تغلیبا اور معتمد یہی

اور بعضون نے کہا قل یا بھی اس مین داخل ہے اور مسلم کی دوسری روایت مین ذکر ہاتھہ پھیرنیکا نہین ہی پس احتمال ہی کہ پھیرتی ہو

حضرت لیکن ذکر اس لیے نکیا کہ دم کرنے سے پھیرنا ہاتھون کا آپھی سمجھا جاویگا اور احتمال یہہ بھی ہی کہ حضرت ترک کرتی ہون اوسکو

کبھی اور اکتفا کرتے ہون دم کرنے پر اور ظاہر تر اول ہی ہے اور اولے یہی ہے کہ دونون باتین کرے اور اس حدیث مین دلالت

ہی اسپر کہ کلام اللہ کی آیتین پڑہ کر دم کرنا سنت ہی ع • **وعن** عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ أَنَّهُ شَكَى إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ وَجَعًا يَجِدُهُ فِي جَسَدِهِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعْ يَدَكَ عَلَى الَّذِي يَأْلَمُ مِنْ جَسَدِكَ

وَقُلْ بِسْمِ اللهِ ثَلَاثًا وَقُلْ سَبْعَ مَرَّاتٍ أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ فَقَالَ فَفَعَلْتُ فَأَذْهَبَ اللهُ

مَا كَانَ بِي رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہی عثمان بن ابی العاص سے یہہ کہ اونہون نے شکایت کی طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی

ایک درد کی کہ پاتے تھے اوسکو اپنے بدن مین پس فرمایا واسطے اونکے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھہ ہاتھہ اپنا اوس جگہ پر کہ

دکھتی ہے بدن تیرے اور کہہ بسم اللہ تین بار اور کہہ سات بار پناہ مانگتا ہون مین ساتھہ عزت اللہ کے اور قدرت اوسکی کے

برائی اوس چیز کی سے یعنی درد کی سے کہ پاتا ہون مین اب اور ڈرتا ہون مین یعنی زیادتی اوسکی سے آیندہ کو کہا عثمان نے پس کیا مین نے

پس دور کی اللہ نے وہ بیماری کہ تھی مجھے نقل کی یہہ مسلم نے **وعن** أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ جِبْرِيلَ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اشْتَكَيْتَ فَقَالَ نَعَمْ قَالَ بِسْمِ اللهِ أَرْقِيكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ [illegible]

بِسْمِ اللهِ أَرْقِيكَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہی ابی سعید خدری سے یہہ کہ جبرئیل آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پس [illegible]

ہی تو پس فرمایا حضرت نے ہان کہا جبرئیل نے ساتھہ نام خدا کے افسون پڑہتا ہون تجھپر ہر چیز ہی کہ [illegible]

یا آنکھہ حسد کرنیوالی کی سے اللہ شفا دی تجکو ساتھہ نام اللہ کے منتر پڑہتا ہون تجھپر نقل کی یہہ مسلم نے

كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَوِّذُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ [illegible]

Marfat.com

پناہ مین دیتے حضرت حسنؓ اور حضرت ح
یہ کلمات باللہ تعالیٰ کے ذریعہ سے ہر بدی ہر شیطان کو سی اور ہر جانور زہریلا مارڈ
گرانے والے کے ہے اور فرمایا حضرت کہ تحقیق باپ تمہارے یعنی حضرت ابراہیم پناہ مین دیتے تھے ساتھ
ان اسحٰق کے یہ بخاری نے اور ہے اکثر نسخون مصابیح کے لفظ بہما کا ساتھ ضمیر تثنیہ کے ہے ف
تعالیٰ کے ساتھ معلومات اوسکے ہین یا نام پاک اوسکے یا کتابین اوسکی اور ہر شیطان سے یعنی ہر سرکش اور حد سے
ہر مخلوق سے خواہ وہ جمادات مین سے ہو یا آدمیون مین سے یا جانورون مین سے اور ہامہ اوس جانور زہریلے کو
کہ ڈسنے سے آدمی مرجاوے مانند سانپ وغیرہ کے اور جس زہریلے کے کاٹے سے مرے نہین اوسکو سامہ کہتے ہین مانند
بچھو کے اور کبھی حشرات الارض کو بھی ہوام کہتے ہین اور ساتھ ضمیر تثنیہ کے کہ پھرتی ہے طرف دو کلمون کے کہ جسپر
ہوا ہے لیکن یہ تکلف ہوا اس لیے کہا ہے طیبی نے کہ یہ بسبب سہو لکھنے والے کے ہے صحیح ساتھ ضمیر مفرد ہی کی ہے ع ح **وعن**
ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من یرد اللہ بہ خیرا یصب منہ رواہ البخاری اور روایت
ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کو کہ ارادہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ ساتھ اوسکے بھلائی کا ہو جاتا ہے وہ
مبتلا رنج دہ واسطے حصول بھلائی کے نقل کی ہے بخاری نے ف مصیبت کہتے ہین ہر امر ناخوش کو پس پہونچنا مصیبت کا
ہمیشہ از راہ قہر ہی کے نہین ہے بلکہ کبھی بسبب مہربانی کے بھی ہوتی ہے کہ گناہ جھڑتے ہین اوس سے اگر صبر کرے اور راضی رہے
تو یہ علامت مہر کی ہے اور اگر جزع فزع کرے اور خفا ہووے علامت قہر کی ہے ح **وعن** ابی سعید الخدری عن النبی
صلی اللہ علیہ وسلم قال ما یصیب المسلم من نصب ولا وصب ولا ہم ولا حزن ولا اذی ولا غم حتی الشوکۃ یشاکہا
الا کفر اللہ بہا من خطایاہ متفق علیہ اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہین پہونچتا مسلمان
سے رنج اور نہ کوئی کسل اور نہ کوئی فکر اور نہ غم اور نہ ایذا اور نہ غم یہانتک کہ کانٹا پونچا جاتا ہے اوسکو مگر کفارہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ بسبب اوسکے گناہ
کے بخاری اور مسلم نے ف معانی لفظ ہم وغیرہ کے آپس مین قریب ہین اور مراد ہم و غم مین یہ ہے کہ ہم امر آیندہ مین ہوتا ہے
اور غم امر گذشتہ مین ہوتا ہے حاصل یہ کہ کسیطرح کا رنج مسلمان کو پونہچے باعث
کفارہ گناہون کا ہوتا ہے ع **وعن** عبد اللہ بن مسعود قال دخلت علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وہو یوعک
فمسستہ یا رسول اللہ انک لتوعک وعکا شدیدا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اجل انی اوعک
کما یوعک رجلان منکم فقال ذلک لان لک اجرین فقال اجل ثم قال ما من مسلم یصیبہ اذی من مرض فما
سواہ الا حط اللہ بہ سیاتہ کما تحط الشجرۃ ورقہا متفق علیہ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہ کہا گیا مین حضرت نبی
صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تو پایا مین نے آپ کو بخار سخت پس ہاتھ لگایا مین نے اوپر آپ کے ساتھ ہاتھ اپنا پھر کہا مین نے ای رسول خدا کے آپ کو ہوتا ہے بخار سخت پس فرمایا نبی
صلی اللہ علیہ وسلم نے ہان بخار ہوتا ہے مجھ کو بخار دو شخصون کی تم مین سے کہا ابن مسعود نے پس کہا مین نے یہ اسواسطے کہ ہووے تمہارے
لیے اوسکے اجر دو اجر فرمایا ہان واسطے یہ ہے اوسکے اجر دو چند کہ سوا اوسکے نہین کوئی مسلمان کہ پہونچتی ہے اوسکو ایذا مرض سے سوا اوسکے مگر دور کرتا ہے اللہ تعالیٰ

Marfat.com

بسبب اوسکے گناہ اوسکے میں کی جانے [illegible]

صدا اللہ جمع علیہ اشتر بن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]

کسیکو [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم کو بیماری ہی روایت کی [illegible]

مات النبی صلی اللہ علیہ وسلم بین حاقنتی و ذاقنتی فلا اکرہ لیلۃ

علیہ وسلم دونوں [illegible] اور روایت ہی اونمین عائشہ سے کہ کہتی وفات ہوئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی میرے

اور ٹھوڑی [illegible] نہین کرتے تھے جانتے تھے میں آخری عمر کی واسطے کسیکے کبھی پیچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے روایت کی

یعنی وفات ہوئی حضرت کی اوس حال مین کہ ٹیک دیے ہوئے تھے مجھپر پس مین خوب جانتی ہون شدت موت اوسکی کے [illegible]

الخ یعنی مین گمان کرتے تھے پہلے کہ سختی موت کی ہوتی ہے بسبب کثرت گناہون کے پس جب دیکھی مین نے سختی حضرت کی موت کی جانا

مین نے کہ سختی موت کی علامت بری ہونی خاتمہ کے بلکہ وہ ہوتی ہی واسطے بلند ہونے درجات کے اور آسانی موت کی نشان ہے

بزرگی واسطے حضرت کے بطریق اولی ہوتی ع **وعن** کعب بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مثل المؤمن

کمثل الخامۃ من الزرع تفیئہا الریح تصرعہا مرۃ وتعدلہا اخری حتی یاتیہ اجلہ ومثل المنافق کمثل الارزۃ المجذیۃ

[illegible] انجا متفق علیہ اور روایت ہی کعب بن مالک سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مثل مومن کے مانند مثل کھیتی سبز و تازہ کھیتی کے ہے جھکاتی ہین اوسکو باد ین گرادیتی ہین اوسکو

[illegible] کبھی یہانتک کہ آتی ہے اوسکو موت یعنی اسیطرح مسلمان کو کبھی گرا دیتا ہی حادثہ ضعف و بیماری کا اور کبھی سیدھا

[illegible] مثل منافق کے مانند مثل درخت صنوبر کے ہے کہ محکم اور ثابت ہوتا ہی کہ نہین پہونچتی اوسکو کوئی چیز یعنی سبب

[illegible] جھکاتا ہی یہانتک کہ ہوتا ہے اکھڑنا اوس کل ایک دفع یعنی اسیطرح منافق ہمیشہ توانا اور تندرست ہوتا ہی بغیر ضعف اور بیماری کے

یکبارگی ہی [illegible] اور مرتا ہی نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** حاصل حدیث کا یہہ ہی کہ مومن نہین خالی ہوتا بیماری سے یا کمی مال سے

یا ذلت سے اور یہہ سب اسطرح مومن سعادت کی ہین لیکن بشرط صبر اور رضا اور شکر کے اور منافق اور فاسق کو کم ہوتی ہین بیماریان اور مصیبتین

تاکہ [illegible] حاصل ہوا ونکو کفارہ اور نہ ثواب ع **وعن** ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مثل المؤمن

کمثل الزرع لا تزال الریح تمیلہ ولا یزال المؤمن یصیبہ البلاء ومثل المنافق کمثل شجرۃ الارزۃ لا تہتز

[illegible] انجا ابی ہریرۃ کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مثل مومن کے مانند مثل کھیتی کے ہے جھکاتی ہی اوسکو باد اور مصیبت رہتا ہی مومن کو پہونچتی ہی اوسکو بلا اور مثل منافق کے مانند مثل درخت صنوبر کے ہے کہ نہین [illegible]

[illegible] کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے **ف** یعنی اسیطرح منافق کو بلا کم پہونچتی ہی دنیا مین تاکہ نہ ہلکا [illegible]

وعن جابر قال دخل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی ام السائب فقال مالک تزفزفین قالت الحمی لا بارک

فیہا فقال لا تسبی الحمی فانہا تذہب خطایا بنی ادم کما یذہب الکیر خبث الحدید رواہ مسلم

جابر سے کہا تشریف لائے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ام سائب کے پاس پھر فرمایا [illegible]

دی اللہ اوس مین برکت فرمایا حضرت نے مت برا کہہ تپ کو اس لیے کہ [illegible]

Marfat.com

[illegible] سبب ایک شب کی اور ابو ہریرہ سے
[illegible] قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
[illegible] رواہ البخاری اور روایت ہی ابی موسیٰ سے کہ کہا فرمایا
[illegible] بیمار ہوتا ہی بندہ یا سفر کرتا ہی یعنی اور قوت ہوتی ہین اوس [illegible]
[illegible] پیرے کے کہ عمل کرتا تھا گھر مین تندرست نقل کی یہہ بخاری نے **وعن** انس قال قال
[illegible] وسلم الطاعون شہادۃ لکل مسلم متفق علیہ اور روایت ہی انس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا
[illegible] شہادت ہی ہر مسلمان کی نقل کی یہہ بخاری اور مسلم **ف** یعنی جو کوئی طاعون مین صبر کرتا ہی اور بھاگتا
[illegible] رہتا ہی ثواب شہید کا سا پاتا ہی اور طاعون کہتے ہین مرض عام اور وبا کو فاسد ہو جاتی ہی بسبب اوسکی ہوا اور
[illegible] بعضون نے کہا کہ طاعون خاص بیماری کو کہتی ہین کہ زخم پڑ جاتے ہین بدن پر نرم جگہون مین مانند بغلون وغیرہ کے
[illegible] سیاہی ہی یا سبزی یا سرخی ع ح **وعن** ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الشہداء
[illegible] والمبطون والغریق وصاحب الہدم والشہید فی سبیل اللہ متفق علیہ اور روایت ہی ابی ہریرہ سے
[illegible] رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے شہید پانچ ہین ایک طاعون زدہ دوسرا جو پیٹ کی بیماری سے مرے یعنی دستون اور سقا وغیرہا
[illegible] والا بدون اختیار کے چھتا دیوار یا چھت کے نیچے دبنے والا پانچوان شہید بیچ راہ خدا کے نقل کی یہہ بخاری اور مسلم **ز** [illegible]
[illegible] کہ در شہادت کا اوس ڈوبنے والے کو ہوگا کہ بارادہ گناہ کے کشتی پر نہ بیٹھا ہوگا اور حقیقی شہید اغیر ہی کا ہی اور
[illegible] ثواب شہیدون کا سا ملتا ہی جاننا چاہیے کہ شہدا حکمی کہ وارد ہوے ہین حدیثون مشہورہ مین [illegible]
[illegible] اونکو سبیل وغیرہ **ق** پانچ تو یہی ہین جو مذکور ہوے اور اور یہہ ہین ذات الجنب والا اور جو جل کر مرے اور عورت جو مرے
[illegible] کے یعنی پیٹ سے یا جنگ یا باکرہ اور عورت کہ مرے حمل سے جنی تک یا دودہ چھٹانے تک اور سل والا یعنی دق والا اور
[illegible] پر سے سواری پر سے اللہ کی راہ مین یعنی جہاد مین اور مرابط یعنی نگہبانی کرنیوالا اور گرہ پڑنے والا گرہ مین اور
[illegible] مین درندہ یعنی شیر وغیرہ اور جو کوئی قتل کیا جاوے واسطے مال اپنی کے یا اہل یا دین یا خون اپنی کے یا مظلمہ کے یعنی حق کے
[illegible] مین یعنی جو جہاد مین اپنی موت سے مرجاوے اور رغبت کرنیوالا شہادت مین کہ مرجاوے بچھونون پر اور حضرت
[illegible] کرے بادشاہ از راہ ظلم کے پھر مرجاوے قید خانہ مین پس وہ شہید ہی اور جو مارا جاوے ظلم سے پھر مرجاوے
[illegible] شہید ہی اور جو کوئی مرے گواہی دیتا ہوا توحید کی پس وہ شہید ہی اور انس سے روایت ہی بطریق مرفوع کہ [illegible]
[illegible] روایت ہی کہ کہا اونہون نے کہ کہا مین نے یا رسول اللہ کونسا شہیدون مین بزرگ تر ہی اللہ کی نزدیک فرمایا
[illegible] کے پس کہے اوسکو امر بالمعروف اور منع کرے اوسکو منکر سے پس مار ڈالے وہ امیر اوسکو اور ابی موسیٰ
[illegible] یا مرد حملہ کرے سے زہریلے جانور کے پس وہ شہید ہی اور ابن عباس سے ہی کہ جو کوئی عاشق ہوا اور پھر گا
[illegible] اور روایت ہی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ جسکو دوران سر ہو کشتی مین ادرے
[illegible] تعالیٰ ملازم کی غیرت عورتون پر اور جہاد مردون پر پس

Marfat.com

جسنے صبر کیا اون عورتون مین سے یعنی جو کہ اون کے ہوئے پہلا صدمہ
زیادہ جسنے کہی دن مین پچیسون بار یہ دعا اللھم بارک لی فی الموت وفیما بعد الموت پھر مرے تو
اور سو [illegible] کہ جسنے نماز پڑہی ضحی کی اور روزے رکھے تین دن کے
نہ حضر مین لکھا جاتا ہے اوسکو ثواب شہید کا اور شہید یہہ ہین چنگل مارنیوالا سانپ بچھو
اور مراد طلب علم سے یہہ ہے کہ مشغول ہو علم کے حاصل کرنے اور تعلیم کرنے اور تالیف کرنے مین
کوئی جیتا ہے اس حالت مین کہ مدارات کرنیوالا ہو لوگون کے پس وہ شہید ہے اور جو لاوے جنازہ
بیوی اور اولاد اور لونڈی غلام اپنے کے لیے پس وہ شہید ہے اور مرتث یعنی جو کہ بعد زخمی ہونیکے
جنبی اگر ڈوبنیوالین اوسکو کافر لڑائی مین اور شرقی یعنی جسکے گلے مین پانی پھنس گیا اور دم گھٹ کر مر گیا
ہر مسلمان جو مرض مین پڑہے دعا یونس کی لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین چالیس بار پھر مرجاوے اوسی مرض مین
اچھا ہوتا ہے اوسکی مغفرت کیجاتی ہے اوسکی اور آیا ہے کہ تاجر سچا امانت دار شہدا کے ساتھ ہوگا
جو کوئی مرے شب جمعہ مین شہید ہے اور آیا ہے کہ موذن للہ اذان دینے والا مانند شہید کے ہے کہ لوٹتا ہوا اپنے خون مین اور
نہ ہوتا تو نہیں کہ پرسے اوسکی قبر مین اور آیا ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ جسنے درود بھیجا مجھپر ایکبار رحمت بھیجتا ہے اللہ
اوسپر دس بار اور جو کوئی درود بھیجتا ہے مجھپر دس بار رحمت بھیجتا ہے اللہ اوسپر سو بار اور جو کوئی درود بھیجتا ہے مجھپر سو بار لکھتا ہے اللہ
درمیان دونون آنکھون اوسکی کو برات یعنی خلاصی نفاق سے اور خلاصی آگ سے اور رکھیگا اوسکو اللہ دن قیامت کے ساتھ شہیدون کے
اور آیا ہے کہ جو کوئی سکے صبح کو تین بار اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم اور پڑہے تین آیتین اخیر سورہ حشر کی متعین
کرتا ہے اللہ تعالے ساتھ اوسکے ستر ہزار فرشتے کہ دعا بخشش کے کرتے ہین اوسپر شام تک پھر اگر مرجاتا ہے اس دن مین شہید مرتا ہے
اور جو کوئی پڑہتا ہے شام کو یہی ثواب پاتا ہے اور آیا ہے کہ وصیت کی حضرت نے ایک شخص کو کہ جب پڑے خوابگاہ اپنی پڑہے اخیر سورہ
حشر کا اور فرمایا اگر مریگا تو شہید مریگا اور جو کوئی مرتا ہے مرگی سے شہید ہوتا ہے اور جو کوئی مرتا ہے حج یا عمرہ مین شہید ہے اور جو کوئی
مرتا ہے باوضو شہید ہے اور ایسے ہی رمضان کے مہینے مین یا مرے بیت المقدس یا مکے یا مدینہ مین شہید ہے اور جسے دیر ہوئی ہے
اور جسکو پہنچی آفت اور مرے وہ صبر کرنیوالا ضرر اور بری بلا پر شہید ہے اور دعا مقالید السموات والارض آخر تک کہ فضیلت اوسکی حدیث مین
موت آئی ہے جو کوئی پڑہے صبح شام شہید ہے یا مرے نوے برس کا ہو کر یا آسیب دہ یا مرشے اور ماں باپ اوسکے اوس سے راضی ہون اور جو کوئی
نیکبخت کہ مرجاوے اور خاوند اوسسے راضی ہو اور ایسی ہی امام عادل اور حاکم شرعی یعنی قاضی کہ حکم کرے حق اور جو کوئی عمدہ کرے
ایک کو بچانے کے واسطے مسلمان ضعیف کو شہید ہے ع ۰ وطوالع الانوار حاشیہ دمختار وعن [illegible] قال
رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الطَّاعُونِ فَاَخْبَرَنِي اَنَّهُ عَذَابٌ يَبْعَثُهُ اللهُ عَلٰى مَنْ يَشَاءُ [illegible]
لِلْمُؤْمِنِينَ لَيْسَ مِنْ اَحَدٍ يَقَعُ الطَّاعُونُ فَيَمْكُثُ فِي بَلَدِهِ صَابِرًا مُحْتَسِبًا [illegible]
رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ اور روایت ہے عائشہ سے کہ کہا پوچھا مین نے رسول خدا سے
ہے بھیجتا ہے اوسکو اللہ اپنے بندون [illegible]

[illegible] اسی واسطے ہی کہ ایسو شہر ارہا نہ اور عرصہ لمبا
[illegible] اوسکے مانند ثواب شہید کی ہدایت کی
[illegible] صلی اللہ علیہ وسلم الطاعون رجز ارسل علی طائفۃ من
[illegible] بہ بارض فلا تقدموا علیہ واذا وقع بارض وانتم بہا فلا
ابن زید سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے طاعون عذاب ہی بھیجا گیا تھا ایک
[illegible] کون پر کہ پہلے تمسے تھے یعنی راوی کو شک ہوا ہی کہ پہلی بات کہی یا دوسری پس جسوقت
[illegible] بجا اوس مین اور جسوقت کہ ہو ایک زمین مین اور ہو تم اوس مین پس نکلو بھاگ کر اوس سے نقل کی یہہ بخاری اور
[illegible] بنی اسرائیل سے مراد وہ ہین کہ جنکو کہا گیا تھا اُدخلوا الباب سجدا پس مخالفت کی اونہون نے فرمایا اللہ تعالے
[illegible] عمر بن العاص نے کہا ابن ملک نے پس بھیجا اللہ نے اونپر طاعون پس مر گئے ایک ساعت مین اونمین سے چوبیس ہزار بڑی بوڑھے
[illegible] یان اسکا مفصل لکھا ہی اور جانا وہان اس لیے منع ہی کہ نفس کو ہلاکت مین ڈالنا لازم آتا ہی اور بھاگنہین اس لیے کہ تقدیر سے
[illegible] بلو با ہین یہی ہی کہ جہان ہو وہی وہان جاوی نہین اور اگر کہین پہلے سے تھا اور وہان وبا آگئی بھاگو نہین جو کوئی بھاگو
[illegible] کثیر کا ہوگا اور مردود ہی وہ اور سوای وبا کے اور بعضی جگہو مین بھاگنا آیا ہی ہے جیسے کوئی ایک گھر مین ہو اور زلزلہ آوی یا آگ لگ جاوے
[illegible] کے نیچے بیٹھا ہو اور غالب ظن ہلاکت کا ہو تو جائز ہی بھاگنا وہان سے ع ح **وعن** انس قال سمعت النبی صلی اللہ
[illegible] یقول قال اللہ سبحانہ وتعالے اذا ابتلیت عبدی بحبیبتیہ ثم صبر عوضتہ منہما الجنۃ یرید عینیہ رواہ
روایت ہی انس سے کہ کہا سنا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ فرماتا ہی اللہ تعالی کہ پاک ہی وہ اور بلند ہی جسوقت کہ
[illegible] مین مبتلا کرتا ہون بندہ اپنے کو ساتھ دو پیاریون اوسکی کے پھر صبر کرتا ہی دیتا ہون مین اوسکو عوض اون دونون کی بہشت ارادہ کرتے
[illegible] دونون آنکھین اوسکی نقل کی یہہ بخاری نے **ف** یعنی جسکو اندہا کرتا ہون اوسکو اوسکے عوض مین بہشت دیتا ہون
[illegible] گا بہشت مین ساتھ نجات پائی ہونگے یا منازل مخصوصہ دونگا اوس مین پس چاہیے [illegible] مین اوسکو چاہیے کہ صبر کرے
[illegible] مین بیجا نے اوسکو اور جانے کہ اندہا ہونا از راہ غضب الہی کے نہین ہی بلکہ واسطے دور کرنے گناہون کے اور بلند ہونے
[illegible] کے بدلنے سے ہو ایک بزرگ جب آخر عمر مین اندہے ہو گئے تو فرماتے تھے کہ جو خادت کہ تمام عمر مین چاہتا تھا اب حاصل
الفصل الثانی فصل دوسری **عن** علی قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول
[illegible] الا صلی علیہ سبعون الف ملک حتی یمسی وان عاد عشیۃ الا صلی علیہ سبعون
[illegible] فی الجنۃ رواہ الترمذی وابو داؤد روایت ہی حضرت علی سے کہ کہا سنا مین نے
[illegible] کی مسلمان کہ عیادت کرے مسلمان کی اول روز یعنی دوپہر کے پہلے مگر کہ دعا کرتے ہین
[illegible] کو شام کرے اور نہین عیادت کرتا اوسکی آخر روز یعنی بعد زوال کے مگر کہ دعا کرتے ہین
[illegible] واسطے اوسکے بہشت مین نقل کی یہہ ترمذی اور ابو داؤد نے **وعن** زید بن
[illegible] احمد وابو داؤد کو روایت ہی زید بن ارقم سے کہ کہا

Marfat.com

عیادت کی میری نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سبب دکھنا آنکھ

ہوا کہ نت ہی عیادت کرنی آنکھون کے دکھنے مین اور ایک اور روایت مین آیا ہے

یعنی جسکی آنکھ دکھے اور ڈاڑھ کا درد والا اور دنبل والا انتہی یہہ حدیث جامع صغیر کی

تطبیق الحسنین دیجاوی کہ نہ عیادت کری انکی وہ شخص کہ تکلف کری واسطے اوسکے بیمار اور گران ہووے اوسپر آنکھ

کھولنے آنکھ کے رمد مین اور محتاج ہوگا طرف کلام کرنے کے ڈاڑھ کو درد مین اور ایسی سے بہت ضرر ہوگا

بیٹھنے کے اچھی ہیأت پر ساتہ تکلف کے دنبل والا اور جس صورت مین کہ گران نہووے اوسکو پس نہین یہ مضائقہ عیادت کا

کی محمول ہی صورت اخیرہ پر اور روایت جامع صغیر کی محمول ہی پہلی صورت پر ۵ مولانا عبد الغنی رح **وعن** اَنَسٍ قَالَ قَالَ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّأَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوْءَ وَعَادَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ مُحْتَسِبًا بُوْعِدَ مِنْ جَهَنَّمَ مَسِيْرَةَ سَبْعِيْنَ

رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ اور روایت ہی انس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ وضو کری پس اچہا وضو کری یعنی پہلا عیادت

کری بجائی اپنی مسلمان کی بقصد ثواب کے دور کیا جاتا ہی دوزخ سے مقدار ساٹہ برس کی نقل کی یہہ ابو داؤد نے **ف** اس سے معلوم ہوا کہ

وضو کرنا عیادت کی لیے سنت ہی اور حکم وضو کا شاید اس لیے فرمایا کہ عیادت عبادت ہی اور وضو سے عبادت کامل و افضل ہوتی ہے اور

اس حال مین دعا کری گا تو خوب قبول ہوگی ۵ **وعن** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ

يَعُوْدُ مُسْلِمًا فَيَقُوْلُ سَبْعَ مَرَّاتٍ اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ اِلَّا شَفِيَ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ قَدْ حَضَرَ

اَجَلُهٗ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ اور روایت ہی ابن عباس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین کوئی مسلمان کہ پہر

بیمار مسلمان کو پہر کے سات بار سوال کرتا ہون مین اللہ بزرگ پروردگار عرش بڑی کے سچے یہہ کہ شفا دی تجکو مگر کہ شفا دیا جاتا ہووے

کہ حاضر ہوا اجل اوسکی یعنی یہہ مرض لا علاج ہے روایت کی یہہ ابو داؤد اور ترمذی نے **وعنه** اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

كَانَ يُعَلِّمُهُمْ مِنَ الْحُمّٰى وَمِنَ الْاَوْجَاعِ كُلِّهَا اَنْ يَّقُوْلُوْا بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ

حَرِّ النَّارِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا يُعْرَفُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اِبْرٰهِيْمَ بْنِ اِسْمٰعِيْلَ وَهُوَ يُضَعَّفُ

اور روایت ہی اونہین سے یہہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے سکھلاتے صحابہ کو واسطے تپ کی بلکہ واسطے سب درد کے کہ مین ابتدا کرتا ہون نام اللہ

بڑے کے پناہ مانگتا ہون مین ساتا اللہ بڑے کی برائی ہر رگ جوش مارنے والی کے سے اور برائی گرم آگ کی اور نقل کی

یہہ حدیث غریب ہی نہین پہچانی جاتی مگر حدیث ابراہیم بیٹے اسمعیل کے سے اور وہ ضعیف گنا جاتا ہی حدیث مین **ف** اس سے معلوم ہوا کہ

یعنی خون جو جوش مارے رگ مین پناہ چاہی اس سے اس لیے کہ جب خون غالب ہوتا ہی ایذا دیتا ہی کہ تپ ہوتا اور امراض

ہین اور یہہ حدیث ابن ابی شیبہ اور ترمذی اور ابن ماجہ اور ابن ابی الدنیا اور ابن سنی اور حاکم نے روایت کی

ہی نے دعوات مین ۵ **وعن** اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

اِذَا اشْتَكَاهُ اَخٌ لَهٗ فَلْيَقُلْ رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِي السَّمَآءِ

رَحْمَتُكَ فِي الْاَرْضِ اغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَخَطَايَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ

الوجیز فہیم ۱۲ اور روایت ہی ابی درداء کی کہ سنا مین نے رسول

Marfat.com

[illegible] اوسکی آسمان مین ہے یا وہ ایسا ہی
[illegible] سب نقصانون سے حکم تیرا مانا گیا ہے آسمان مین
[illegible] اپنی زمین مین بخش ہمارے لیے گناہ ہمارے بڑے اور چھوٹے تو ہی پروردگار
[illegible] اپنی رحمت عظیمہ اپنی رحمت مین سے یعنی جو کہ پھیل رہی ہے ہر چیز پر اور شفا اپنی شفا
[illegible] نازل کی یہ ابو داؤد **ف** جیسکہ رحمت تیری آسمان مین ہے یعنی سب جگہ اور سب وہان ہے
[illegible] ڈالون کہ رحمت خاص بعضون پر ہوتی ہے اور بعضون پر نہین یعنی مومنون پر ہوتی ہے نہ کافرون پر اگرچہ
[illegible] اللہ تعالی کے رحمتی وسعت کل شے اور مراد پاکیزون سے مومن ہین پاک شرک سے یا متقی جو کہ بچتے ہین برے افعال
[illegible] عن عبید اللہ بن عمر وقال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا جاء الرجل یعود مریضا
[illegible] فلیقل اللھم اشف عبدک ینکأ لک عدوا او یمشی لک الی جنازۃ رواہ ابو داؤد اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے کہ کہا
[illegible] صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ آوے آدمی عیادت کرے مریض کی پس چاہیے کہ کہے یا الٰہی شفا دے بندے اپنے کو ایذا پونہچاوے واسطے تیرے
[illegible] دشمنان دین کو زخمی کرے اور قتل کرے یا چلے واسطے خوشی تیری کے طرف جنازہ کے یعنی نماز کے لیے نقل کی یہ ابو داؤد نے
[illegible] عن ابی یزید عن امیۃ انہا سالت عائشۃ عن قول اللہ عز وجل ان تبدوا ما فی انفسکم او تخفوہ یحاسبکم بہ اللہ
[illegible] من یعمل سوءا یجز بہ فقالت ما سالنی عنہا احد منذ سالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ھذہ
[illegible] متابعۃ المؤمن یصیبہ من الحمی والنکبۃ حتی البضاعۃ یضعہا فی ید قمیصہ فیفقدہا فیفزع لہا حتی ان العبد
[illegible] یخرج منہ کما یخرج التبر الاحمر من الکیر رواہ الترمذی اور روایت ہے علی بن زید تابعی سے کہ نقل کی امیہ سے یہ کہ
[illegible] پوچھے عائشہ سے معنی قول اللہ عز وجل کے کہ اگر ظاہر کرو تم وہ چیز کہ تمہارے دلون مین ہے یا چھپاؤ اوسکو حساب کریگا تمسے ساتھ
[illegible] معنی قول اللہ تعالی کے اور جو شخص کہ عمل کرے برا یعنی صغیرہ یا کبیرہ بدلا دیا جاویگا ساتھ اوسکے یعنی دنیا مین یا عقبے مین
[illegible] نہین پوچھا مجھ سے اس مسئلہ کو کسی نے جیسکہ پوچھا تھا مین نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے پس فرمایا یہ محاسبہ اور
[illegible] دونون آیتون مین عتاب کرنا خدا کا ہے بندے پر ساتھ اوس چیز کے کہ پہونچتی ہے اوسکو تپ سے اور رنج سے یہانتک کہ کوئی
[illegible] اوسکو بیچ آستین کرتے اپنے کے پس نہین پاتا اوسکو پھر غمگین ہوتا ہے بسبب پانے اوسکے کہ دور کیے جاتے ہین اوس سے گناہ
[illegible] یہانتک کہ بندہ البتہ نکلتا ہے اپنے گناہون سے جیسا کہ نکلتا ہے بھٹی سے سونا اور چاندی سرخ یعنی بسبب پڑنے
[illegible] زردی نے **ف** باعث پوچھنے معنی دونون آیتون کا یہ تھا کہ پہلی آیت دلالت کرتی ہے کہ بندے حساب کیے جاتے ہین
[illegible] دونون پر اور دوسری آیت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ لوگ سزا دیے جاتے ہین ہر عمل پر تھوڑا ہو یا بہت پس مشکل ہوا یہ امر
[illegible] کیا کہ یہ کس لیے ہے کہ ہمکو نہین پہونچنا اوس سے پس امیہ نے حضرت عائشہ سے مطلب ان آیات کا پوچھا اونھون نے
[illegible] کہ یہ حساب لیگا اللہ مومنون سے تمام دلکی باتون پر اور عذاب کریگا بسبب تمام
[illegible] اور سزا سے مراد یہ ہے کہ بسبب گناہ کے مواخذہ از راہ عتاب کے دنیا مین کرتا ہے کہ بخار اور رنج
[illegible] اوسکے بندے پر غصہ کرے ظاہر مین بسبب کسی بڑا دبی کے کہ ہو جاوے

Marfat.com

اوس پر اور دل مین اوسکی محبت ہو ... وحسن ... سلبہٗ فما فوقہا او دونہا الا بذنب وما یعفو اللہ عنہ اکثر وقرأ الی ما کانوا یصنعون یعفو عن کثیر رواہ الترمذی اور روایت ہی ابی موسیٰ سے یہ کہ تحقیق سلال ... بندیکو تھوڑی ایذا اور وہ چیز کم یا زیادہ ہی اس سے یا کم اس سے مگر بسبب گناہ کے اور وہ گناہ کہ بخشتا ہی اوسکو اوپر دنیا اور آخرت مین زیادہ ہین اون گناہون سے کہ سزا دیتا ہی اوسکو اوپر اور پڑہی حضرت نے یہہ آیت پس بسبب اوس چیز کے کہ کمایا ہاتھون تمہارے نے یعنی ذاتون تمہاری نے اور معاف کرتا ہی بہت اوسی گنہگارون سے نقل کی یہہ ترمذی نے **ف** مصیبت سے یعنی مرض اور سختی وغیرہما بسبب اعمال بد تمہاری ... گنہگارون کے لیے اور غیر گنہگارون کو پہونچتی ہے مصیبت واسطے بلند ہونے درجون اونکی کے لیکن وہ بسبب ... نقل ہی کہ ایک بزرگ کی تسمہ جوتی کو چوہا کتر گیا وہ روتے تھے اور کہتے تھے آہ کیا گناہ کیا ہی مین نے کہ سزا اوسکی یہہ پائی ... وعن عبد اللہ بن عمر وقال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان العبد اذا کان علی طریقۃ ... من الساعۃ قیل للملک الموکل بہ اکتب لہ مثل عملہ اذا کان طلیقا حتی اطلقہ او اکفتہ الی رواہ رزین عبد اللہ بن عمرو سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بندہ جسوقت ہوتا ہی راہ نیک پر عبادت سے پھر بیمار ہوتا ہی یعنی اوسپر سختی نازل ہوتا ہی اوس عبادت پر کہا جاتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہی واسطے فرشتے کے کہ متعین ہے ساتھ اوسکے یعنی نیکی لکھنے کے لیے لکھا کر واسطے اوسکے اوسکے عمل اوسکے جسوقت کہ تھا تندرست یہانتک کہ تندرست کرون اوسکو یا ملالون اوسکو اپنی طرف یعنی مرے **وعن** انس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا ابتلی المسلم ببلاء فی جسدہ قیل للملک اکتب لہ صالح عملہ الذی کان یعمل فان شفاہ غسلہ وطہرہ وان قبضہ غفر لہ ورحمہ رواہما فی شرح السنۃ اور روایت ہی انس سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسوقت کہ مبتلا کیا جاتا ہی مسلمان بیماری کے بیچ بدن اپنی کے کہا جاتا ہی واسطے فرشتے لیکھنے والون کے لکھا کر واسطے اوسکے اچھا عمل اوسکا جو کہ تھا کرتا یعنی پہلے اس بیماری کے پس اگر شفا دے اوسکو اللہ تو دھوتا ہی اوسکو اور پاک کرتا ہی اوسکو گناہون سے اور اگر مارتا ہے اوسکو بخشتا ہی واسطے اوسکے اور رحم کرتا ہے اوسکو نقل کین یہہ دونون حدیثین بغوی نے شرح السنۃ مین **وعن** جابر بن عتیک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الشہادۃ سبع سوی القتل فی سبیل اللہ ... شہیدۃ والغریق شہید وصاحب ذات الجنب شہید والمبطون شہید وصاحب الحریق شہید والذی یموت ... الہدم شہید والمرءۃ تموت بجمع شہید رواہ مالک وابو داؤد والنسائی اور روایت ہی جابر بن عتیک سے کہ کہا فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے شہادتین سات ہین سوائے مارے جانیکے راہ خدا مین جو وبا مین مرے شہید ہی اور جو ڈوبا شہید ہی اور جو ذات الجنب والا شہید ہی اور پیٹ کی بیماری سے مرے شہید ہی یعنی استسقا ہو یا دست آوین وغیر ذالک اور جل کر مرے شہید ہی اور جو دب کر دیوار وغیرہ کے نیچے شہید ہی اور وہ عورت کہ مرے پیٹ سے یا باکرہ شہید ہی روایت کیا

ف شہادتین یعنی حکمیہ سات ہین بلکہ زیادہ ہین جیسیکہ اور حدیثون مین مذکور ہین اور ... کے نزدیک دل و سینہ کے ہوتی ہین اور علامت اوسکی یہہ ہوتی ہی کہ دم رکنا ہی ...

Marfat.com

[illegible] كان يمشي على الارض ما له

[illegible] والنسائي من كذلك الترمذي هذا حديث حسن صحيح اور روایت ہی سعد سے کہ کہا پوچھے

[illegible] کون آدمیون مین سخت تر ہے از روی بلا کے یعنی محنت و مصیبت کو فرمایا انبیا پھر جو [illegible]

[illegible] کے بعد اور کہا جاتا ہے آدمی موافق دین اپنے کے پس اگر ہوتا ہے اپنے دین مین سخت سخت ہوتی ہے

[illegible] اسکے دین مین سستی ہوتی ہے اور کم کیجاتی ہے اوسپر بلا پس ہمیشہ رہتا ہی یعنی سخت دین والا اسیطرح سے یعنی گرفتار

[illegible] اسکی سبب اوسکے یہانتک کہ چلتا ہے زمین پر نہین ہوتا واسطے اوسکے کوئی گناہ نقل کی یہہ ترمذی و ابن ماجہ

[illegible] کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن صحیح ہی ف انبیا بہت مبتلای بلا ہوتی ہین اس لیے کہ وہ لذت پاتے ہین

[illegible] جیسے کہ اور لوگ لذت پاتے ہین ساتہ نعمتون کے اور پھر بہت مشابہ اونکے یعنی اولیا اور صلحا بلا مین گرفتار ہوتے ہین

[illegible] سے کم تاکہ ثواب بہت پاوین پھر جو کم ہوتے ہین اون سے درجہ مین بلا مین بھی کم گرفتار ہوتی ہین اور سخت دین والے کی

[illegible] ہوتی ہے اس لیے کہ یقین والا ہوتا ہی پس صبر کرتا ہی اوسپر اور جانتا ہی کہ مین لائق اسی کے ہون بسبب گناہون کے پس کامل

[illegible] اور قوی ہوتی ہی محبت اوسکی اور دور ہوتے ہین گناہ اوسکی اور بلند ہوتی ہین درجات اوسکے اور نرم [illegible]

[illegible] بے صبری نکرے اور دین سے نہ نکل جاوے بسبب قوی ہونے ایمان کے ۵ ع ۵ ح وعن

[illegible] ما اغبط احدا بهون موت بعد الذي رايت من شدة موت رسول الله صلى الله عليه وسلم

[illegible] والنسائي اور روایت ہی عائشہ سے کہ کہا نہین آرزو کرتی مین کسیکو ساتہ آسانی موت کے بعد اسکے کہ دیکھی مین نے

[illegible] رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے روایت کی یہہ ترمذی اور نسائی نے ف یعنی اول آرزو کرتے تھے مین آسانی

[illegible] حضرت کی موت کی سختی دیکھی وہ آرزو نہ ہے اور اعتقاد کیا مین نے کہ بھلائی سختی موت مین ہے نہ آسانی ہین ع ۵

[illegible] رايت النبي صلى الله عليه وسلم وهو بالموت وعنده قدح فيه ماء [illegible] يدخل يده في

[illegible] ثم يقول اللهم اعني على منكرات الموت او سكرات الموت رواه الترمذي وابن ماجة

[illegible] نہین ہے کہ کہا دیکھا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اور وہ تھے حالت وفات مین اور نزدیک اونکے پیالہ تھا کہ اوس مین تھا

[illegible] اپنا ہاتہ پیالے مین پھر پھیرتے اپنے مونہہ پر پھر فرماتے یا الٰہی مدد کر تو میری اوپر دفع کرنے سختی موت کے

[illegible] موت کی نقل کی یہہ ترمذی اور ابن ماجہ نے ف پانی سے ہاتہ بھگو کر پھیرتے تھے واسطے دفع کرنے گرمی موت کے

[illegible] اسکی موت کی ہونی اسکی بہت سی وجہین شارحین نے لکھی ہین ایک اون مین یہہ ہے کہ یہہ سختی واسطے تسلی امت کے

[illegible] کے نقل ہوئی ایک حضرت کی مین یہہ صورت ہوئی تو صبر کرینگے اور آسانی ہوگی جان کنی مین ۵ ح ۵ وعن

[illegible] قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اراد الله بعبده الخير عجل له العقوبة في الدنيا واذا اراد الله

[illegible] به يوم القيمة رواه الترمذي اور روایت ہی انس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

[illegible] تعالی ساتہ بندے اپنے کے بھلائی کا جلدی دیتا ہی واسطے اوسکے سزا گناہون کی دنیا مین

Marfat.com

اور جسوقت ارادہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ بندے پر بھلائی کا تو جلد کرتا ہے اوسکو بسبب گناہ کردن قیامت کے نقل کی یہہ ترمذی نے **ف** پہلے کو دنیا میں مصیبتوں میں مبتلا کرکے اوسکے گناہ معاف کرتا ہے اور دوسرے کی سزا وہین پر موقوف رکھتا ہے اس لیے کہ بندہ کا گناہ بہر نوع گذر جاتی ہے اور دوسرے کی سزا وہین پر موقوف رکھتا ہے اس لیے کہ بندہ کا گناہ

وعنه قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ عِظَمَ الْجَزَاءِ مَعَ عِظَمِ الْبَلَاءِ اِنَّ اللّٰهَ اِذَا اَحَبَّ قَوْمًا اِبْتَلَاهُمْ فَمَنْ رَضِيَ فَلَهُ الرِّضَاءُ وَمَنْ سَخِطَ فَلَهُ السَّخَطُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ

سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بڑی جزا ساتھہ بڑی بلا کی اور تحقیق اللہ عزوجل جسوقت کہ دوست رکھتا ہے کسی قوم کو مبتلا کرتا ہے اونکو پس جو شخص کہ راضی ہوا یعنی ساتہ بلا کے پس واسطے اوسکے رضا ہے یعنی اللہ کے اور جو شخص کہ ناراض ہوا بلا سے پس واسطے اوسکے غصہ ہے اللہ کیطرف سے نقل کی یہہ ترمذی اور ابن ماجہ نے **ف** جب دوست رکھتا ہے مبتلا کرتا ہے ایک قوم کو اسیطرح جب دوست رکھتا ہے ایک قوم کو مبتلا کرتا ہے اونکو یہ شئے نہین ذکر کی اسلیے کہ سمجھی جاتی ہے سیاق سے کہ کہا فمن رضی آخر تک حاصل اسکا یہ کہ رضا اور غصہ بندے کا علامت رضا اور غصہ پروردگار کی ہے صحابہ رضی اللہ عنہم آپس مین سوال کرتے تھے کہ کسطرح معلوم ہو رضا اور غصہ اللہ تعالیٰ کا بندے سے جواب دیتے تھے کہ اگر بندہ خدا سے راضی ہے خدا بھی اوس سے راضی ہے اور اگر ناراض ہے خدا بھی اوس سے ناراض ہے ۱۲

وعن اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ الْبَلَاءُ بِالْمُؤْمِنِ اَوِ الْمُؤْمِنَةِ فِيْ نَفْسِهٖ وَمَالِهٖ وَوَلَدِهٖ حَتّٰى يَلْقَى اللّٰهَ وَمَا عَلَيْهِ مِنْ خَطِيْئَةٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوٰى مَالِكٌ نَحْوَهٗ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہتی ہے بلا پہونچتی مرد مسلمان کو یا عورت مسلمان کو بیچ ذات اوسکی کے اور مال اوسکے اور اولاد اوسکی کے یہانتک کہ ملاقات کرتا ہے اللہ تعالیٰ سے یعنی بعد مرنے کے اور نہین ہوتی اوسپر کوئی خطا یعنی بخشی جاتی ہین سب خطائین بسبب بلاؤن کے نقل کی یہہ ترمذی نے اور نقل کی مالک نے مانند اسکے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن صحیح ہے

وعن مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ السُّلَمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا سَبَقَتْ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ مَنْزِلَةٌ لَمْ يَبْلُغْهَا بِعَمَلِهٖ اِبْتَلَاهُ اللّٰهُ فِيْ جَسَدِهٖ اَوْ فِيْ مَالِهٖ اَوْ فِيْ وَلَدِهٖ ثُمَّ صَبَّرَهٗ عَلٰى ذٰلِكَ حَتّٰى يُبَلِّغَهُ الْمَنْزِلَةَ الَّتِيْ سَبَقَتْ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ اور روایت ہے محمد بن خالد سلمی سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور اوسکے باپ نے نقل کی اوسکے دادا سے یعنی اپنے باپ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بندہ جسوقت کہ مقدر ہوتا ہے واسطے اوسکے اللہ کیطرف سے ایک مرتبہ یعنی مرتبہ عالی جنت مین کہ نہین پہونچ سکتا وہ مرتبہ کسی عمل سے بتلا کرتا ہے اوسکو اللہ بدن اوسکے مین یا مال اوسکے مین یا اولاد اوسکی مین پھر عطا کرتا ہے اوسکو صبر اسپر یہانتک کہ پہونچاتا ہے اوسکو اوس مرتبہ مین کہ مقدر تہا واسطے اوسکے اللہ کی طرف سے نقل کی یہہ احمد اور ابو داؤد نے **ف** اس سے معلوم ہوا کہ بندہ بسبب بلا پر اوس مرتبہ اور مقام کو پہونچتا ہے کہ بسبب طاعت اور عبادت کے نہین پہونچتا ۱۲

وعن عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خُبَيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُثِّلَ ابْنُ اٰدَمَ وَاِلٰى جَنْبِهٖ تِسْعٌ وَتِسْعُوْنَ مَنِيَّةً اِنْ اَخْطَاَتْهُ الْمَنَايَا وَقَعَ فِي الْهَرَمِ حَتّٰى يَمُوْتَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ اور روایت ہے عبداللہ بن خبیر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پیدا کیا گیا ابن آدم اوس حال مین کہ طرف پہلو اوسکے کے نو [illegible] گئین اوسکے یعنی نہ پہونچین اوسکو بلائین واقع ہوتا ہے بڑہاپے مین یہانتک کہ مر

...اکر نا مدر اخلاصی پاکی اون سے
...اور آخر کو ایمان مرنے سے نہین بچتا حاصل یہہ کہ دنیا قیدخانہ
...الآخرت ہے مومن کو یہہ کہ ہو صابر اللہ کے حکم پر اور راضی اوسپر کہ مقدر کیا ہے اللہ نے
...حدیث مین آیا ہے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے جو صبر کرے میری بلا پر اور نہ شکر کرے میری نعمتون پر
...کے لیکن خوش ہو میرے سب سوائے میرے خیال کرنا چاہیے کہ کیا غصہ ہی بی صبر اور ناشکر پر اور اوسپر راضی
...ہونا صبر اور شکر والرضاء ع ح ٥ وعن جابرٍ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
...لیتمنین اہل العافیۃ حین یعطی اہل البلاء الثواب لو ان جلودھم کانت قرضت فی الدنیا بالمقاریض
...رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب ٥ اور روایت ہی جابر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے آرزو
...کرینگے اہل عافیت کے یعنی جو کہ دنیا مین سلامت رہتے تھے بلاؤن سے وہ آرزو کرین گے دن قیامت کی اوسوقت
...کہ دیکھینگے ثواب مبتلاء بلا ثواب بہت کا شکے تحقیق چمڑے اون کے کاٹے جاتے دنیا مین ساتھ قینچیون کے یعنی
...بہت ملتا اونکا سا نقل کی یہہ ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہی وعن عامرٍ الرامی قال ذکر رسول اللہ صلی اللہ
...علیہ وسلم الاسقام فقال ان المؤمن اذا اصابہ السقم ثم عافاہ اللہ عز وجل منہ کان کفارۃ لما مضی
...من ذنوبہ وموعظۃ لہ فیما یستقبل وان المنافق اذا مرض ثم اعفی کان کالبعیر عقلہ اہلہ ثم ارسلوہ
...فلم یدروا لم عقلوہ ولم ارسلوہ فقال رجل یا رسول اللہ وما الاسقام واللہ ما مرضت قط فقال ثرعتما
...رواہ ابو داؤد ٥ اور روایت ہی عامر رامی سے کہ کہا ذکر کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیماریون کا پس فرمایا
...تحقیق مومن جسوقت پہنچتی ہے اوسکو بیماری پھر عافیت دیتا ہے اوسکو اللہ عزوجل اوس بیماری سے ہوتی ہے بیماری کفارہ
...گذری ہوی گناہون اوسکی کے اور نصیحت ہوتی ہے واسطے اوسکے یعنی تنبیہ ہوتی ہے پس توبہ کرتا ہی اور پرہیز کرتا ہی
...آیندہ مین اور تحقیق منافق جسوقت بیمار ہوتا ہے پھر عافیت دیا جاتا ہے ہوتا ہے مانند اونٹ کے کہ باندھا اوسکو
...اہل اوسکے نے پھر چھوڑ دیا اوسکو پس نہ جانا اونٹ نے کہ کسواسطے باندھا اوسکو اور کیون چھوڑا اوسکو پس کہا ایک شخص نے
...ہم مین بیماری کیا چیز ہے نہین بیمار ہوا مین کبھی پس فرمایا حضرت نے اوٹھ کھڑا ہو ہم مین سے پس نہین تو ہم مین سے
...رواہ ابو داؤد نے ف تحقیق مومن الخ یعنی جب مومن بیماری سے اچھا ہوتا ہی متنبہ ہوتا ہی اور جانتا ہی کہ بیماری بسبب گناہون
...کے ہوتا ہی اور آیندہ کو بچتا ہی گناہون سے اور منافق کا حال بعد صحت کے ایسا ہوتا ہی جیسے اونٹ کو باندھا اور پھر چھوڑ دیا
...کہ کیون باندھا اوسکو اور کیون چھوڑا یعنی منافق کو تنبیہ نہین ہوتا اور نہ نصیحت پکڑتا ہی اور نہ توبہ کرتا ہی پہلے گناہون سے
...اور نہ پرہیز کرتا ہی آیندہ گناہون سے اور نہ زمانہ آیندہ مین نصیحت ہوتی ہی اولئک کالانعام بل ہم اضل اولئک ہم الغافلون اور نہین
...ہم مین سے نہین ہوا اس لیے کہ نہین مبتلا ہوا ہمارے سے بلاؤن مین ٥ ع ح ٥ وعن ابی سعیدٍ قال
...قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا دخلتم علی المریض فنفسوا لہ فی اجلہ فان ذلک لا یرد شیئا ویطیب بنفسہ
...رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب ٥ اور روایت ہی ابی سعید سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

نے جسوقت کہ داخل ہو تم یعنی جبر پوچھنے کے لیے پس [illegible]
پاویگا تو دراز ہوگی عمر تیری اس لیے کہ یہہ نہین پھیرتا کسی چیز کو کہ مقدر ہے اور خوش ہوتا ہے
نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث غریب ہی ف کہا ہی بعضون نے مستحب ہے مریض کے لیے مسواک کرنا
چنانچہ حضرت سے منقول ہی صحیحین مین کرنا مسواک کا وقت انتقال کے اور کہا ہے بعضون نے
روح کا اور اسیطرح مستحب ہی لگانا خوشبو کا واسطے ملائکہ کے اور اسیطرح مستحب ہی پھٹتا پاکیزہ کپڑونکا
نہانا مستحب ہی ۵ ع ۵ **وعن** سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَتَلَهُ بَطْنُهُ لَمْ
فِي قَبْرِهٖ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ اور روایت ہی سلیمان بن صرد سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ
وسلم نے جسکو کہ مارا پیٹ اوس کے نے یعنی پیٹ کی بیماری سے مرگیا مثل استسقا کے اور دستون وغیرہا کے نہین عذاب کیا جاویگا بیچ قبر اپنی کے
روایت کی یہہ احمد اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث غریب ہی ف اس لیے کہ بسبب سختی اس مرض کی جھڑ جاتے ہین گناہ اور یہہ
شہید مرتا ہے جیسیکہ اوپر گذر ہی چکا ہی اور شہید کی حق مین صحیح مسلم مین ایک حدیث آئی ہے کہ شہید کے یہی بخشی جاتی ہے ہر چیز یعنی سب گناہ
سوای دین کے یعنی حقوق آدمیون کے واللہ تعالیٰ اعلم ع ۵ **الفصل الثالث** فصل تیسری **عن** اَنَسٍ قَالَ كَانَ
غُلَامٌ يَهُوْدِيٌّ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرِضَ فَاَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُهٗ فَقَعَدَ عِنْدَ رَاْسِهٖ
فَقَالَ لَهٗ اَسْلِمْ فَنَظَرَ اِلٰى اَبِيْهِ وَهُوَ عِنْدَهٗ فَقَالَ اَطِعْ اَبَا الْقَاسِمِ فَاَسْلَمَ فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ
يَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَنْقَذَهٗ مِنَ النَّارِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ روایت ہی انس سے کہ کہا تھا ایک لڑکا یہودی خدمت کرتا تھا نبی
صلی اللہ علیہ وسلم کی پس بیمار ہوا وہ پس آئے اوسکے پاس حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم عیادت کرتے تھے اوسکی پس بیٹھے نزدیک سر اوسکی کے پھر کہا واسطے اوسکے مسلمان ہو تو پس دیکھا لڑکے نے
طرف باپ اپنی کے اور وہ تھا پاس اوسکے پس کہا باپ اوسکے تو اطاعت کر ابو القاسم کی یعنی محمد کی پس اسلام لایا پھر نکلے حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور وہ کہتے تھے
تعریف ہی واسطے اللہ کے ایسا اللہ کہ نجات دی اسکو آگ سے یعنی بسبب اسلام لانے کے نقل کی یہہ بخاری نے ف بیٹھنے
نزدیک سر اوسکی کے سر کے پاس بیٹھنا مستحب ہی عیادت مین اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جائز ہی خدمت کروانی کافر ذمی سے
اور جائز ہی عیادت اوسکی اور کتاب خزانہ مین لکھا ہی کہ نہین مضائقہ ساتھ عیادت یہود کی اور اختلاف کیا ہی علمانے بیچ عیادت مجوسی کے
اور فاسق کے بھی عیادت کرنے مین اختلاف کیا ہے اور صحیح تر یہہ ہی کہ کچھ مضائقہ نہین اور ظاہر اس حدیث کا مؤید ہے
مذہب امام ابو حنیفہ کا وہ کہتے ہین اسلام لانا لڑکے کا صحیح ہی اور لکھا ہی علمانے کہ نام اوس لڑکے کا عبد القدوس تھا ۵ ع
وعن اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَادَ مَرِيْضًا نَادٰى مُنَادٍ مِنَ السَّمَآءِ طِبْتَ وَطَابَ مَمْشَاكَ وَتَبَوَّاْتَ مِنَ الْجَنَّةِ مَنْزِلًا
ابن ماجہ اور روایت ہی ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ عیادت کرے بیمار کی پکارتا ہی پکارنے والا [illegible]
تجکو دنیا مین اور آخرت مین اور اچھا ہووے چلنا تیرا آخرت مین یا دنیا مین اور پکڑی تو بہشت سے ایک مرتبہ بڑا نقل کی یہہ ابن ماجہ نے ف [illegible]
عیادت کی لیے پیادہ پا جانا افضل ہی ۵ ح ۵ **وعن** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّ عَلِيًّا خَرَجَ مِنْ عِنْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ
النَّاسُ يَا اَبَا الْحَسَنِ كَيْفَ اَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَصْبَحَ بِحَمْدِ اللّٰهِ بَارِئًا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ اور
حضرت علی نکلے حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پاس سے ہم اور [illegible] حضرت کی کہ دفات پاوے [illegible]

Marfat.com

[illegible] معنی یہہ ہین کہ قریب صحت [illegible] یک کا ادب یہی ہے کہ جو کوئی حال بیمار کا پوچھے اسیطرح جواب نیک دے

[illegible] بن ابی رباح قال قال لی ابن عباس الا اریک امرأۃ من اھل الجنۃ قلت بلی قال ھذہ

[illegible] النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالت یا رسول اللہ انی اصرع وانی اتکشف فادع اللہ لی فقال ان

[illegible] وان شئت دعوت اللہ ان یعافیک فقالت اصبر فقالت انی اتکشف فادع اللہ ان لا اتکشف

متفق علیہ اور روایت ہے عطا بن ابی رباح سے کہ کہا کہا واسطے میرے ابن عباس نے آیا نہ دکھلاؤن مین تجکو ایک عورت اہل بہشت سے

کہا میزان کہا یہہ عورت کالی آئی یہہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا ای رسول خدا کی تحقیق مین مرگی کی بیماری مین مبتلا ہوتی ہون اور مین

ڈرتی ہون کہ کھل جاؤن سے حالت بیخودی مین پس دعا کرو اللہ سے میری لیے پس فرمایا اگر چاہے تو صبر کر اور تیرے لیے ہو بہشت

اور اگر چاہے تو دعا کرون مین اللہ سے یہہ کہ شفا دے تجکو پس کہا عورت نے صبر کرون گی پھر کہا عورت نے کہ تحقیق مین ڈرتی ہون ستر کھل جانے

سے پس دعا کیجیے اللہ سے یہہ کہ نہ کھلون مین پس دعا کی حضرت نے واسطے اوسکے نقل کی یہہ بخاری اور مسلم نے ف نام اوس عورت کا سعیرہ

تھا یا شکیرہ یا شکیرہ ساتھہ پیش سین مہملہ کے اور ایک روایت مین آیا ہے کہ وہ کنگھی کرنیوالی حضرت خدیجہ کی تھی اور اسمین اشارہ ہے طرف اسکی کہ

جائز ہے ترک کرنا دوا اور دعا کا ساتھہ صبر کرنیکے بلا پر اور راضی ہونے کی قضا پر بلکہ ظاہر اس حدیث کا دلالت اسپر کرتا ہے کہ ہمیشہ رہنا مرض کا

ساتھہ صبر کرنے کا افضل ہے عافیت سے لیکن بہ نسبت بعض افراد کے یعنی اوسکے لیے کہ نہ معطل کرے مرض نفع رسانی مسلمانون کی سے اور دلالت

کرتا ہے اسپر کہ چھوڑ دینا دوا کا افضل ہے اگرچہ دوا کرنی سنت ہے ساتھہ حدیث ابی داؤد کے کہ کہا صحابہ نے کیا دوا کرین ہم فرمایا دوا کرو اس لیے

کہ اللہ تعالی نے نہین پیدا کی ہے کوئی بیماری مگر کہ رکھی ہے اوسکی دوا سوا بڑھاپے کے اور دوا کرنی منافی توکل کے نہین اس لیے کہ اسمین کرنا

سے آوے اور احتلام نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث نہیں محفوظ اور عبدالرحمان بن زید راوی ضعیف کیا جاتا ہے حدیث میں **ف** [illegible]
کیا ہے اس حدیث کو دارقطنی اور بیہقی اور ابو داؤد نے بھی اور حدیث ابو داؤد کی مشبہ ساتھ صواب کے [illegible]

ﷺ وسلم قال لا امن اجل الضعف رواه البخاری
[illegible] جاتے تھے سینگی کو واسطے روزہ دار کے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین کہا کہ نہیں مگر بسبب ضعف
[illegible] بسبب لاحق ہونے ضعف کے مکروہ جانتے تھے نہ اس حجت سے کہ روزہ توڑتی ہین ۔ ح ۔ **وعن** البخاری
[illegible] وھو صائم مستتر کہ فکان یحتجم باللیل اور روایت ہی بخاری سے بطور تعلیق کے کہ کہا ابن عمر نے سینگی
[illegible] چھوڑ دی سینگی کچھوانی پس تھی سینگی کچھواتی رات کو **ف** یعنی احتیاطاً چھوڑ دی یا واسطے خوف ضعف کے اور بعضی حدیث بخاری
[illegible] روایت کی ہے اوسکو تعلیق کہتے ہین اور مصنف کو چاہیے تھا کہ اول کہتا عن ابن عمر الخ پھر کہتا رواہ البخاری تعلیقا ۔ ع **وعن** عطاء
[illegible] ثم افرغ ما فی فیہ من الماء لا یضرہ ان یزدرد ریقہ وما بقی فی فیہ ولا یمضغ العلک فان ازدرد ریقہ
[illegible] الاول انہ یفطر ولکن ینہی عنہ رواہ البخاری فی ترجمۃ باب اور روایت ہی عطا سے کہ کہا اگر کلی کرے روزہ دار
[illegible] پانی کو کہ اوسکے مونہہ مین ہی یعنی بالکل ڈالدی نہین ضرر کریگا اوسکو یہ کہ نگل جاوی تھوک اپنا اور وہ چیز کہ باقی ہی مونہہ اوسکے مین اور
[illegible] نگل گیا تھوک مصطگی کا نہین کہتا مین کہ افطار کیا ولیکن منع کیا جاتا ہی اس سے نقل کی یہ بخاری نے بیچ ترجمہ باب کے **ف** لفظ
[illegible] باقی مین حرف ما موصولہ ہی اور عطف ہی اسکا لفظ ریقہ پر یعنی ضرر نہین کرتا کہ نگلی بعد کلی کرنیکے تھوک اور جو کچھ کہ باقی رہے تراوت پانی کی اس لیے
[illegible] احتراز اوس سے غیر ممکن ہی اور مصطگی بعضے آدمی دانتون کی تقویت کے لیے مونہہ مین رکھتے تھے پس حالت روزے مین اوسکے چبانے سے منع فرمایا اور فرمایا
[illegible] اوسکے چبانے ہوئے تھوک جو مونہہ مین جمع ہوا اوسکے نگلنے سے روزہ جاتا نہین اس لیے کہ وہ مونہہ مین سمٹ جاتی ہی اوس سے کچھ جدا نہین ہوتا کہ
[illegible] مین اوسکو جاوی اور روزہ توڑ ڈالے ولیکن منع ہی یہ احتیاطاً پس نہی اسمین تنزیہی ہی اس لیے ہمارے علماء نے کہا ہی کہ مکروہ ہی چبانا کسی چیز کا مصطگی
[illegible] کچھ ہو مگر ٹکیہ کو ٹکڑا وغیرہ چبا کر دینا جائز ہی ضرورت کے لیے اور یہ مصطگی وغیرہ کے چبانے کی کراہت اوسی صورت مین ہی کہ یقین ہو اوسکے
[illegible] اور اگر یقین ہو کہ اوس مین سے کچھ حلق مین اوتر گیا ہی تو روزہ ٹوٹ جاویگا اور اگر دری ایک ڈورا رنگا ہوا مونہہ سے صاف کرے
[illegible] تھوک ہو جاوے مانند رنگ ڈورے کے اور پھر نگل جاوے تو فاسد ہو جاتا ہی روزہ اوسکا اور نہین تو نہین فاسد ہوتا انتہی اس مین اشارہ ہی طرف
[illegible] مذہب کا ہی واللہ اعلم ۔ ع **باب صوم المسافر** باب ہی بیچ بیان روزے مسافر کے [illegible] مسافر کو روزہ رکھنا
[illegible] افضل کیا ہی ان دونون مین ۔ ع **الفصل الاول** فصل پہلی **عن** عائشۃ قالت ان حمزۃ بن عمرو
[illegible] قال للنبی صلی اللہ علیہ وسلم اصوم فی السفر وکان کثیر الصیام فقال ان شئت فصم وان شئت فافطر
[illegible] روایت ہی عائشہ سے کہ کہا تحقیق حمزہ بن عمرو اسلمی نے کہا واسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ کیا روزہ رکھونمین سفر مین اور تھا حمزہ
[illegible] والا پس فرمایا حضرت نے اگر چاہی تو پس روزہ رکھ اور اگر چاہی تو پس افطار کر نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف**
[illegible] سفر مین یعنی رمضان مین اگر سفر کرون تو روزہ رکھون یا نہ رکھون یعنی کیا حکم ہی اسکا گناہ ہی یا ثواب اور اتفاق رکھنا
[illegible] روزہ رکھنا دونون جائز ہین سفر مین خواہ سفر راحت کا ہو یا ایذا کا لیکن اگر کچھ اسکو تکلیف نہین ہوتی ہی تو رکھنا
[illegible] اسکو مشقت اور ایذا ہوتی ہی تو افطار روزے کا بہتر ہی اور سفر طاعت اور سفر اباحت اور سفر معصیت برابر ہین بیچ
[illegible] کے اور نزدیک امام شافعی کے سفر معصیت مین افطار کرنا روزہ رمضان کا جائز نہین ۔ ع مولانا **وعن**
[illegible] ﷺ وسلم لیست عشرۃ مضت من شہر رمضان فینا من

صام ومنا من افطر فکم یعیب الصائم علی المفطر ولا المفطر علی
ساتھہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے سولہوین رمضان کو بعضون نے ہم مین سے روزہ رکھا یعنی قریبون نے اور بعضون نے
نے امہون کے خادمون نے پس نہ عیب کیا روزہ دار نے افطار کرنے والے پر یعنی ایسے کہ عمل کیا اوس نے رخصت پر اور نہ انکار کیا
کہ عمل کیا اوس نے عزیمت پر نقل کی یہہ مسلم نے **وعن** جابر قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی سفر فرای
قد ظلل علیہ فقال ما ھذا قالوا صائم فقال لیس من البر الصوم فی السفر متفق علیہ اور روایت ہے جابر سے کہ
صلی اللہ علیہ وسلم سفر مین پس دیکھا مجمع اور ایک شخص کو دیکھا کہ سایہ کیا گیا تھا اوسپر یعنی دھوپ کے بچاؤ کے لیے پس فرمایا کیا ہے یہہ کنایہ
کہ یہہ روزہ دار ہے یعنی بسبب ضعف کے گر پڑا ہے پس فرمایا نہین نیکی روزہ رکھنا سفر مین نقل کی یہہ بخاری و مسلم نے **ف** یعنی روزہ سے
حالت ہو جاوے تو سفر مین روزہ رکھنا خوب نہین افطار ہے افضل ہے **ع** **وعن** انس قال کنا مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم
السفر فمنا الصائم ومنا المفطر فنزلنا منزلا فی یوم حار فسقط الصوامون وقام المفطرون فضربوا الابنیۃ وسقوا
الرکاب فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذھب المفطرون الیوم بالاجر متفق علیہ اور روایت ہے انس سے کہ کہا تھے ہم ساتھہ رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم کے سفر مین پس بعضے ہم مین سے روزہ دار تھے اور بعضے ہم مین سے افطار کرنیوالے پس اوترے ہم ایک منزل مین بیچ دن گرمی کے پس گر پڑے بعضے
یعنی بسبب ضعف کے لائق کاروبار کے نہ رہے اور کھڑے رہے افطار کرنیوالے یعنی خدمت مین مشغول ہوئے اور کھڑے کیے خیمے اور پلایا پانی اونٹونکو پس فرمایا نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے کہ لے گئے افطار کرنیوالے آج کے دن ثواب نقل کی بخاری اور مسلم **ز ف** ثواب یعنی ثواب کامل تر لے گئے اس لیے کہ افطار اونکے حق مین ایسے وقت
مین بہتر تھا اور لفظ الیوم مین اشارہ ہے اسپر کہ افضلیت افطار کی بسبب خدمت گاری روزہ دارون کے تھی نہ مطلق اور اسمین دلیل اسپر بھی ہے کہ خدمت صالحون کی
افضل ہے نوافل سے۔ ذکرہ الشیخ فی العوارف **ع** **وعن** ابن عباس قال خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من المدینۃ
الی مکۃ فصام حتی بلغ عسفان ثم دعا بماء فرفعہ الی یدیہ لیراہ الناس فافطر حتی قدم مکۃ وذلک فی رمضان
فکان ابن عباس یقول قد صام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وافطر فمن شاء صام ومن شاء افطر متفق علیہ وفی
روایۃ لمسلم عن جابر انہ شرب بعد العصر اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا تشریف لے چلے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ سے طرف
مکے کے یعنی جس سال مین مکہ فتح ہوا پس روزہ رکھا یہانتک کہ پہنچے عسفان تک کہ نام ہے ایک جگہ کا دو منزل ہے مکے سے پھر منگوایا پانی پھر
اوٹھایا اوسکو ہاتھہ مین یعنی ہاتھہ مین لیکر بہت اونچا کیا اوسکو تاکہ دیکھین اوسکو لوگ پھر افطار کیا یہانتک کہ آئے مکہ مین اور یہہ سفر تھا رمضان مین
پس تھے ابن عباس کہتے کہ تحقیق روزہ رکھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور افطار بھی کیا پس جو چاہے روزہ رکھے اور جو چاہے افطار کرے نقل کی یہہ
بخاری و مسلم نے اور ایک روایت مسلم کی مین جابر سے یہہ ہے کہ حضرت نے پیا پانی پیچھے عصر کے **ف** تا دیکھین اوسکو لوگ یعنی جانین کہ بہتر ہے افطار
کرنا یا اختیار کرین متابعت حضرت کی **ع** **الفصل الثانی** فصل دوسری **عن** انس ابن مالک الکعبی قال قال رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ وضع عن المسافر شطر الصلوۃ والصوم عن المسافر وعن المرضع والحبلی رواہ احمد والترمذی
والترمذی والنسائی وابن ماجۃ روایت ہے انس بن مالک کعبی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالی نے موقوف کر دی مسافر سے
آدھی نماز اور معاف کیا روزہ مسافر سے اور دودھ پلانیوالی سے اور حمل والی سے نقل کی یہہ ابو داؤد اور ترمذی و نسائی و ابن ماجہ نے **ف**
یعنی سر ہی سے مسافر پر آدھی نماز فرض کی گئی کہ چار رکعت کی دو پڑھی اور دو کی قضا نہین ہے اور یہہ کہ پہلی بار تھی

[illegible] اور روزہ معاف ہی اگر نقصان کرے
[illegible] امام شافعی اور احمد کے نزدیک واجب ہی اونپر فدیہ بھی ف ع **وعن سلمة**
[illegible] صلی اللہ علیہ وسلم من کان لہ محمولة تاوی الی شبع فلیصم رمضان حیث ادرکہ رواہ ابوداؤد
[illegible] کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ہو واسطے اوسکے سواری کہ پہنچادی منزل کو حالت سیری اور آسانی مین
[illegible] روزہ رکھے جہان آجاوی رمضان کا جہان آجاوی رمضان اوسکو نقل کی یہہ ابوداؤد **ف** یہہ حکم استحباب اور فضیلت کیلیے ہی
[illegible] کے نزدیک روزہ افطار کرنا سفر مین اگرچہ مشقت نہو اور یہہ حدیث ضعیف بھی ہی ف ع **الفصل الثالث** فصل تیسری
عن جابر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خرج عام الفتح الی مکة فی رمضان فصام حتی بلغ کراع الغمیم فصام
الناس ثم دعا بقدح من ماء فرفعہ حتی نظر الناس الیہ ثم شرب فقیل لہ بعد ذلک ان بعض الناس قد صام فقال اولئک
العصاة اولئک العصاة رواہ مسلم اور روایت ہی جابر سے یہہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لیچلے سال فتح مکہ کے مین طرف مکہ کے رمضان مین پس روزہ رکھا
[illegible] کراع الغمیم تک پس روزہ رکھا آدمیون نے پھر منگوایا حضرت نے پیالہ پانی کا پھر اوٹھایا اوسکو یہانتک کہ دیکھا لوگون نے طرف اوسکے پھر پیا
[illegible] کہا گیا اوسکو حضرت کے بعد اسکے کہ تحقیق بعضے آدمیون نے روزہ رکھا یعنی روزی ہی سے رہے افطار نکیا پس فرمایا یہہ ہین پکے گنہگار یہہ ہین
پکے گنہگار نقل کی یہہ مسلم نے **ف** کراع الغمیم نام ایک جگہ کا ہی درمیان مکہ اور مدینہ کے قریب عسفان کے اور لفظ اولئک العصاة مکرر فرمایا
[illegible] جبر کے لیے اس لیے کہ حضرت نے یہہ فعل اس لیے کیا تھا کہ لوگ دیکھکر پیروی اونکی کرین بیچ قبول کرنے رخصت اللہ تعالی کے پس جنہون نے کہ روزہ
رکھا مخالفت کی فعل رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور قبول نکی رخصت اللہ تعالی کی نہ اس لیے حضرت نے خفا ہوکر اسطرح فرمایا کہ روزہ رکھنا حرام ہے
سفر مین ف ع **وعن عبد الرحمن بن عوف قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صائم رمضان فی السفر کالمفطر فی**
الحضر رواہ ابن ماجة اور روایت ہی عبدالرحمن بن عوف سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھنے والا رمضان کا سفر مین
[illegible] کے حضر مین یعنی گھر مین نقل کی یہہ ابن ماجہ نے **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ روزہ رکھنا سفر مین بڑا گناہ ہی جیسا افطار
[illegible] گھر مین لیکن یہہ حدیث اکثرون کے نزدیک منسوخ ہی یا محمول ہی اوس حالت پر کہ آدمی کو ضرر ہوتا ہو روزہ سے سفر مین اور خوف ہلاک کا ہو
[illegible] من الشروح **وعن حمزة بن عمرو الاسلمی انہ قال یا رسول اللہ انی [illegible] علی الصیام فی السفر فہل علی**
جناح فقال ہی رخصة من اللہ عز وجل فمن اخذ بہا فحسن ومن احب ان یصوم فلا جناح علیہ رواہ مسلم
اور روایت ہی حمزہ بن عمرو اسلمی سے کہ اوس نے کہا یا رسول اللہ مین پاتا ہون اپنے مین قوة روزہ رکھنے کو سفر مین پس کیا ہی مجھپر گناہ یعنی روزہ
رکھون مین یا افطار کرنے مین فرمایا یہہ یعنی افطار کرنا رخصت ہی اللہ عزوجل کی طرف سے پس جسنے کہ لی یہہ رخصت پس اچھا کیا اور جو شخص چاہے
کہ روزہ رکھے مین کوئی حرج نہین اوسپر نقل کی یہہ مسلم نے **ف** اس مین اشارہ ہی اسپر کہ فطار اولے ہی ح **باب القضاء** باب ہی بیچ
[illegible] قضا روزہ کے **ف** یعنی حکم اور آداب قضا کے اور ظاہر یہہ ہی کہ مراد قضا روزی رمضان کی ہی اور رمضان کا روزہ جو افطار کرڈالے
[illegible] کا حکم ہی اگر بھول کر افطار کرے نہ قضا ہی اور نہ کفارہ اور اگر قصدا ہو بغیر عذر کے کفارہ ہی اور اگر بعذر ہو مانند سفر اور مرض وغیرہ
[illegible] ہی ح **الفصل الاول** فصل پہلی **عن عائشة قالت کان یکون علی الصوم من رمضان فما استطیع**
[illegible] بن سعید یحیل الشغل من النبی صلی اللہ علیہ وسلم او بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

متفق علیہ روایت ہی عائشہ سی کہا ہو تو مجھ پر نذر روزہ رمضان کے پس
رفع کرنا عائشہ کو یعنی قضا سی مشغول ہونا خدمت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مین یا کنایہ مشغول ہونا سے
نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف یعنی حضرت عائشہ کی ذمی جو قضا روزی رمضان کی ہوتی بسبب حیض کے تاخیر
شعبان کی اس لیے کہ اور دنون مین مستعد رہتی تہین حضرت کی خدمت مین کہ سبب محبت کے یا سبب
اکثر حضرت روزی سے ہوتے تھے پس یہہ فرصت پاتین اور روزہ قضا کرتین ۱۲ وعن ابی ہریرۃ قال قال
علیہ وسلم لا یحل للمرءۃ ان تصوم وزوجہا شاہد الا باذنہ ولا تاذن فی بیتہ الا باذنہ
ہی ابی ہریرہ سی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین درست عورت کو روزہ رکھنا نفل اسحالت مین کہ خاوند اوسکا حاضر ہو
ساتھہ حکم اوسکی کے اور نہ اذن دی کسیکو اپنی گھر مین آنیکا بدون پروانگی اپنی خاوند کی نقل کی یہہ مسلم نے ف یعنی جس عام
اوسکی پاس اوسکو نفل روزہ رکھنا درست نہین بغیر خاوند کے اذن کی خواہ اذن صراحۃً ہو خواہ دلالۃً اس لیے کہ تکلیف ہوگی اوسکو
طرف ہی اور حدیث سی مطلق روزہ رکھنا منع معلوم ہوتا ہی پس یہہ حجت ہی شافعیہ پر کہ اونہون نے استثنا کیا ہی عرفا اور عادۃً کو
اور نہین درست عورت کو کہ اذن دی کسیکو گھر مین آنیکا بغیر اذن خاوند کی آنیوالا خواہ قرابتی ہو یا اجنبی حتی کہ عورت کو بھی بغیر اذن خاوند
نہ اذن دی اور بیچ حکم اذن کی ہے علم رضا اوسکی کا یعنی رضا اذن ندیا مگر جانتی ہی یہہ کہ راضی ہوگا خاوند اسکی آنے سے تو بھی اجازت دی آنیکی
کہ اذن دلالۃً ہے ۱۲ ع وعن معاذۃ العدویۃ انہا قالت لعائشۃ ما بال الحائض تقضی الصوم ولا تقضی الصلوۃ
قالت عائشۃ کان یصیبنا ذلک فنؤمر بقضاء الصوم ولا نؤمر بقضاء الصلوۃ رواہ مسلم اور روایت ہی معاذہ
عدویہ کی یہہ کہا اوسنی حضرت عائشہ سی کہ کیا حال ہی عورت حائضہ کا کہ قضا کرتی ہی روزہ اور نہین قضا کرتی نماز فرمایا حضرت عائشہ نے
کہ ہوتین ہم حیض سی حضرت کی زمانی مین پس حکم کی جاتی تھین ہم ساتھہ قضا روزی کے اور نہ حکم کیجاتی تھین ہم ساتھہ قضا نماز کی نقل
کی یہہ مسلم نے ف یعنی شارع نے جو حکم فرمایا اوسکی علت پوچھنی کی حاجت نہین جو فرمایا کرنا چاہیے اگرچہ ممکن تھا کہ کہتین حضرت عائشہ
کہ قضا نماز مین حرج ہی کہ بہت ہین اس لیے قضا اوسکی نہین اور روزی کم ہین کہ سال بھر مین ایک ہی بار آتی ہین اونکی قضا مین اشتغال سے
اس لیے قضا اونکی مقرر ہوئی پس یہہ علت ہوسکتی تھی لیکن حضرت عائشہ نے جواب مذکور دیکر راہ گفتگو کی بند کی اس لیے کہ شاید وہ کہتی کہ ہمکو
حرج و مشقت نہین ۱۲ ح وعن عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من مات وعلیہ صوم صام عنہ
ولیہ متفق علیہ اور روایت ہی عائشہ سی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ مری اور اوسپر ہو روزہ روزہ رکھی اوسکی
دی اوسکی طرف سی وارث اوسکا نقل کی یہہ بخاری اور مسلم نے ف اختلاف کیا ہی علما نے اوس شخص کے حق مین کہ مرجاوی اور اوسکی ذمہ روزہ
واجب ہن پس جمہور علما کہ اونمین ہین امام مالک اور ابو حنیفہ اور شافعی رح ہین گئی ہین طرف اسکی کہ نہ روزہ رکھی اوسکی طرف سی کوئی
تاویل اسحدیث کی یہہ کی ہی کہ فدیہ دیوی بدلے ہر روزی کی وارث اوسکا ایک فقیر کو اور بیان فدیہ کا آگے ہوگا پس یہہ بمنزلہ روزہ رکھنے کے
اگلی حدیث سی یہہ توجیہ معلوم ہوتی ہی اور روزہ رکھنی میت کی طرف سی منع اس لیے کرتے ہین کہ ایک حدیث مین صریح منع آیا ہی
وہ حدیث موجود ہی اور امام احمد نی ظاہر حدیث پر عمل کیا ہی کہ روزہ رکھی اوسکی طرف سی وارث اوسکا بہر حال چاہے کم ہو یا زیادہ
میت کو تو لازم ہوتا ہی وارث پر بنکا فدیہ مذکور کا یعنی کل سے کھانے مسکین کو

[illegible] سے پہلے ممکن ہو قضا کر پس نہین لازم تدارک اوسکا اور نہ گناہ ہو اوسپر

[illegible] جبکہ ہو تدارک ساتھ ہونے زیادہ کے اگرچہ مرجاوے پہلے ممکن ہونے قضا کے اور امام شافعی کے نزدیک

[illegible] سے **الفصل الثانی** فصل دوسری **عن** نافع عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ

[illegible] مَنْ مَاتَ وَعَلَیْہِ صِیَامُ شَہْرٍ رَمَضَانَ فَلْیُطْعَمْ عَنْہُ مَکَانَ کُلِّ یَوْمٍ مِسْکِیْنًا رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ

[illegible] روایت ہے نافع سے کہ نقل کی ابن عمر سے اوس نے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص کہ

[illegible] پر روزے رمضان کے پس چاہیے کہ کھلایا جاوے اوسکی طرف سے بدلے ہر روز کے ایک مسکین نقل کی یہہ ترمذی نے اور کہا

[illegible] موقوف ہے کہ ابن عمر پر یعنی قول ابن عمر کا ہے **ف** بدلے ہر روز کے مسکین یعنی دو دو سیر گیہون دے سر اسم

[illegible] چاہیے جو یا قیمت انکی اور اسیقدر دیا جاوے بدلے ہر نماز کے اور یہہ حدیث دلیل جمہور کے ہے اور غالب ہے کہ یہہ حدیث ناسخ

[illegible] اول کی ہے یا اول تاویل کی گئی ہے ساتھ اسکے جیسا کہ کہا گیا اور یہہ موقوف بیچ حکم مرفوع کے ہے اس لیے کہ مانند اسکے نہیں کہا جاتا

[illegible] **الفصل الثالث** فصل تیسری **عن** مالک بَلَغَہٗ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ کَانَ یُسْأَلُ ھَلْ یَصُوْمُ اَحَدٌ عَنْ

[illegible] اَحَدٍ اَوْ یُصَلِّیْ اَحَدٌ عَنْ اَحَدٍ فَیَقُوْلُ لَا یَصُوْمُ اَحَدٌ عَنْ اَحَدٍ وَلَا یُصَلِّیْ اَحَدٌ عَنْ اَحَدٍ رَوَاہُ فِی الْمُوَطَّا اور روایت ہے مالک سے کہ پہنچا اونکو یہہ کہ ابن عمر سے

[illegible] پوچھا جاتا تھا کیا روزہ رکھے کوئی کسیکی طرف سے یا نماز پڑھے کوئی کسیکی طرف سے پس کہتے کہ نہ روزہ رکھے کوئی کسیکی طرف سے اور نہ نماز پڑھے

[illegible] کوئی کسیکی طرف سے نقل کی یہہ موطا مین **ف** یہی مذہب ہے امام شافعی اور حنفیہ کا کہ نماز و روزہ کسی کی طرف سے کرنا کہ وہ بری الذمہ ہو میت نہین لیکن حنفیہ کے نزدیک یہہ جائز ہے کہ آدمی بخشے ثواب عمل اپنے کا کسیکو خواہ نماز ہو یا اور کچھہ اور مذہب امام احمد کا اوپر گذرا **باب**

صیام التطوع باب ہے بیچ بیان روزے نفل کے **الفصل الاول** فصل پہلی **عن** عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ

[illegible] رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَصُوْمُ حَتّٰی نَقُوْلَ لَا یُفْطِرُ وَیُفْطِرُ حَتّٰی نَقُوْلَ لَا یَصُوْمُ وَمَا رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی

[illegible] وَسَلَّمَ اسْتَکْمَلَ صِیَامَ شَہْرٍ قَطُّ اِلَّا رَمَضَانَ وَمَا رَاَیْتُہٗ فِیْ شَہْرٍ اَکْثَرَ مِنْہُ صِیَامًا فِیْ شَعْبَانَ وَفِیْ رِوَایَۃٍ

[illegible] قَالَتْ کَانَ یَصُوْمُ شَعْبَانَ کُلَّہٗ کَانَ یَصُوْمُ شَعْبَانَ اِلَّا قَلِیْلًا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ [illegible] عائشہ سے کہ کہا تھے رسول خدا صلی اللہ

[illegible] روزے سے کہتے یہانتک کہ کہتے ہم کہ نہ افطار کرین گے اور افطار کرتے یہانتک کہ کہتے ہم کہ نہ روزہ رکھین گے اور نہین دیکھا

[illegible] رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ پورے کیے ہون روزے تمام مہینے کے کبھی مگر رمضان مین اور نہین دیکھا مینے حضرت کو کسی مہینہ مین کہ

[illegible] روزے رکھتے ہون بہ نسبت شعبان کے یعنی شعبان مین اتنے روزے رکھتے کہ اور مہینہ مین اتنے نہ رکھتے سوا رمضان کے اور ایک روایت مین

[illegible] عائشہ ذکر کیا ہے کہ حضرت روزے رکھتے تمام شعبان مین تھوڑے روزے رکھتے شعبان مین مگر کم یعنی کم نہ رکھتے نقل کی یہہ بخاری اور مسلم نے **ف**

[illegible] اس حدیث کی یہہ ہین کہ عادت شریف حضرت کی روزہ نفل مین یہہ تھی کہ ہمیشہ رکھین کبھی کتنے دنون متصل روزے رکھتے حتی کہ لوگ

[illegible] کہتے کہ افطار نہین کرینگے اور کبھی اتنا افطار کرتے کہ گمان کرتے کہ روزے رکھتے ہی کے نہین اور جملہ اخیر یعنی لفظ کان دوسرے

[illegible] کے تمام سے مراد یہہ ہے کہ اکثر شعبان مین رکھتے تھے اور بعضون نے کہا ہے کہ مراد یہہ ہے کہ آنحضرت روزہ رکھتے تمام

[illegible] دوسری روایت **وعن** عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ شَقِیْقٍ قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَۃَ اَکَانَ النَّبِیُّ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم یصوم شہرا کلہ قالت ما علمتہ صام شہرا کلہ الا [illegible]

رواہ مسلم اور روایت ہی عبداللہ بن شقیق سی کہ کہا مینی واسطے حضرت عائشہ کو کہ کیا تھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]
جانتی ہین اونکو کہ روزی رکھی ہون کسی مہینی مین تمام مہینی سوای رمضان کی اور نہین افطار کیی تمام مہینی یہانتک کہ [illegible]
وفات ہوئی نقل کی یہہ مسلم نے **وعن** عمران بن حصین عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ سالہ او سال رجلا [illegible]
فقال یا ابا فلان اما صمت من سرد شعبان قال لا قال فاذا افطرت فصم یومین متفق علیہ اور بروایت عمران بن [illegible]
نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی کہ اونہون نی پوچہا عمران سی یا پوچہا کسی سی اور عمران سنتا تہا پس فرمایا اے باپ فلانی کیا تو [illegible]
تو نی آخر شعبان کے کہا نہین فرمایا جسوقت افطار کری تو یعنی فارغ ہووی رمضان سی پس تو روزی رکہہ دو دون نقل کی یہہ بخاری و مسلم

ف اس شخص نی واجب کیی تہی اپنے نفس پر دو روزی آخر ہر مہینی کی بسبب نذر کے پس جبکہ فوت ہوی روزی رکہنی ایک مہینی شعبان کی [illegible]
جب رمضان ہو چکی اور افطار کری اسکی بدلے دو روزی رکہہ لینا اور بعضون نی کہا کہ اوسکو عادت تہی آخر ہر مہینی کی دو روزی رکہنی کی ایک [illegible]
آخر شعبان مین اتفاق روزی رکہنی کا ہوا پس حضرت نی بنا بر استحباب کی حکم فرمایا کہ بعد تمام ہونی مہینی رمضان کی دو روزی رکہدینا **وعن**
ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افضل الصیام بعد رمضان شہر اللہ المحرم وافضل الصلوۃ بعد
الفریضۃ صلوۃ اللیل رواہ مسلم اور روایت ہی ابی ہریرہ سی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی بہترین روزی بعد روزی رمضان کی
روزی مہینی اللہ کی ہین کہ محرم ہی اور بہترین نماز پیچہی نماز فرض کی نمازرات کی ہی نقل کی یہہ مسلم نی **ف** کہا ہی بعضی حفاظ نی کہ [illegible]
جب کی روزون کی موقوع ہین اوپر پیچہی نماز فرض کی یعنی اور سنتون موکدہ اوسکی کی یا کہا جاوی کہ نمازرات کی افضل ہی سنتون موکدہ سی
باعتبار مشقت کی اوزور ہونیکی ریا و سمعہ سی اور سنتین موکدہ افضل ہین اس سی باعتبار بہت تاکید ہونی اونکی کی اور تابع ہونی فرضون کی
اور داخل ہی فرض مین وتر بہی **وعن** ابن عباس قال ما رایت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یتحری صیام یوم فضلہ علی
غیرہ الا ہذا الیوم عاشوراء وہذا الشہر یعنی شہر رمضان متفق علیہ اور روایت ہی ابن عباس سی کہ کہا نہین دیکہا مینی نبی
صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ قصد کرتے ہون روزی کسی دنکا کہ بزرگی دیتی ہون اوسکو اوسکی غیر پر مگر اس دن کو یعنی روزی دن عاشورہ کی کہ اوسکو
مہینی کو یعنی مہینی رمضان کی کو نقل کی یہہ بخاری و مسلم نی **ف** یعنی حضرت کسی روز یکو اوسکی غیر پر فضیلت ندیتی تہی سوای عاشورہ یکی روزی
اور رمضان کی روزون کی کہ انکو سب سی افضل فرماتی لکہا ہی علماء نی کہ یہہ فہم ابن عباس کا ہی کہ اونہون نی حال مقال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی سی ایسا سمجہا والا روز عرفہ اور روزہ اوسکا افضل ہین عاشورہ سی اور روزی اوسکی سی **وعنہ** قال حین صام
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم عاشوراء وامر بصیامہ قالوا یا رسول اللہ انہ یوم تعظمہ الیہود والنصاری فقال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لئن بقیت الی قابل لاصومن التاسع رواہ مسلم اور روایت ہی ابن عباس سی
کہ کہا اوسوقت کہ روزہ رکہا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی دن عاشورہ کی اور حکم کیا ساتہہ روزی رکہنی اوسکی کی عرض کیا صحابہ نی
تحقیق یہ دن ہی کہ تعظیم کرتے ہین اوسکی یہود و نصاری یعنی اور ہم دوست رکہتی ہین مخالفت اونکی پس کیونکر موافقت کرینگے [illegible]
تعظیم کرنی مین پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ اگر زندہ رہا مین سال آیندہ تک تو البتہ روزہ رکہونگا نوین کو بہی نقل کی
سارا حصہ اس روزہ رکہنی کا فضیل تیسری کی اول حدیث مین آچکا اور دیکہو [illegible]

[illegible] حضرت نے فرمایا کہ اگر زندہ رہا میں برس آیندہ تک تو نویں کو
[illegible] دسویں کی پس ہوگی مخالفت فی الجملہ اور اول ظاہر تر ہی پھر نہ زندہ رہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سال
[illegible] الاول کو پس جو نویں کا روزہ بھی سنت اس لیے کہ ارادہ کیا حضرت نے روزی کا اگرچہ رکھا نہیں اور کہا ابن ہمام نے
[illegible] دن کا اور مستحب ہی روزہ رکھنا ایکدن پہلے اوسکی یا بعد اوسکی پس اگر نذری دسویں کو رکھی مکروہ ہی بسبب مشابہت کے ساتھ یہود
وعن ام الفضل بنت الحارث ان ناسا تماروا عندها یوم عرفة فی صیام رسول الله صلی الله علیه وسلم
[illegible] موصائم وقال بعضهم لیس بصائم فارسلت الیه بقدح لبن وهو واقف علی بعیره بعرفة فشربه
[illegible] اور روایت ہی ام فضل بنت حارث کی سے یہہ کہ کتنے شخص جھگڑے اونکے پاس دن عرفہ کے بیچ روزہ رکھنے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
[illegible] حضرت روزی سے ہین اور کہا بعضون نے نہین روزی سے پس بھیجا مین نے طرف حضرت کی پیالہ دودہ کا اور وہ کھڑے
[illegible] میدان عرفہ کے پس پیا اوس دودہ کو نقل کی یہہ بخاری اور مسلم نے **ف** ام الفضل یہوی حضرت عباس رض کی ہین اور رہتی آنحضرت
[illegible] وسلم کے اور اس حدیث سی معلوم ہوا کہ روزہ رکھنا عرفہ کے دن حج کرنیوالی کو سنت نہین اور غیر حج کرنیوالی کو سنت ہی + ح
وعن عائشة قالت ما رایت رسول الله صلی الله علیه وسلم صائما فی العشر قط رواه مسلم اور روایت ہی عائشہ سے
[illegible] کہ نہین دیکھا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو روزی سے بیچ دہی کے نقل کی یہہ مسلم نے **ف** مراد دہی سے دس دن اول ذی الحجہ کے ہین
[illegible] ایک روایت مین آیا ہی کہ روزہ رکھنا ہر روز ان دس دنون مین یعنی سوای دسوین کی نوین تک ثواب ہی برابر روزہ رکھنے برس کے اور قیام کرنا
[illegible] رات مین اسی ہی کی برابر ہی قیام شب قدر کی پس مراد حضرت عائشہ کی اس حدیث سی یہہ ہی کہ حضرت عائشہ نے اپنی علم کی نفی کی کہ نہین دیکھا مینے کہ
[illegible] حضرت عائشہ کا دلیل نہین اسپر کہ حضرت نے نہ کہا ہو اور یا یہہ احتمال ہی کہ حضرت نے ثواب روزہ رکھنے ان دنونکا فرمایا اور آپ کو اتفاق روزہ رکھنے کا
[illegible] ہوا مولانا من الرقاة **وعن** ابی قتادة ان رجلا اتی النبی صلی الله علیه وسلم فقال کیف تصوم فغضب رسول الله
[illegible] علیه وسلم من قوله فلما رای عمر غضبه قال رضینا بالله ربا وبالاسلام دینا وبمحمد نبیا نعوذ بالله من غضب الله
[illegible] من قوله فجعل عمر یردد هذا الکلام حتی سکن غضبه فقال عمر یا رسول الله [illegible] یصوم الدهر کله
[illegible] قط او قال لم یصم ولم یفطر قال کیف من یصوم یومین ویفطر یوما قال ویطیق ذلک احد قال کیف
[illegible] ویفطر یوما قال ذلک صوم داود قال کیف من یصوم یوما ویفطر یومین قال ودددت انی طوقت
[illegible] رسول الله صلی الله علیه وسلم ثلث من کل شهر ورمضان الی رمضان فهذا صیام الدهر کله صیام یوم
[illegible] عرفة احتسب علی الله ان یکفر السنة التی قبله والسنة التی بعده وصیام یوم عاشوراء احتسب علی الله ان یکفر
[illegible] قبله رواه مسلم اور روایت ہی ابی قتادہ سی یہہ کہ ایک شخص آیا حضرت کی پاس پس کہا کسطرح روزہ رکھتے ہو تم پس غصہ ہوے
[illegible] وسلم کہنے اوسکی سے پس جبکہ دیکھا حضرت عمر نے غصہ حضرت کا کہا راضی ہوتے ہم ساتھ اللہ کے رب ہونے
[illegible] کے دین ہونے پر اور ساتھ محمد کے نبی ہونے پر اور پناہ مانگتے ہین ہم ساتھ اللہ کے غضب اللہ کے سے اور غضب
[illegible] کہ بار بار کہتے تھے یہہ کلام یہانتک کہ ٹھہر گیا غصہ حضرت کا پھر کہا حضرت عمر نے یا رسول اللہ
[illegible] نہ روزہ رکھا اور نہ افطار کیا یا کہا نہ روزہ رکھا اور نہ افطار کیا یعنی سوای کو

Marfat.com

تمسک ہوا کہ وہ لفظ کہے یا یہہ کہا حضرت عمر نے کیا حال ہے اوس شخص کا کہ روزہ رکھے [illegible]
اسکی کہا عمر نے کیا حال ہے اوسکا کہ روزہ رکھے ایک دن اور افطار کرے ایک دن فرمایا
داود کہا کیا حال ہے اوس کا کہ روزہ رکھے ایک دن اور افطار کرے دو دن فرمایا کہ
کہ طاقت دیا جاؤن مین اسکی پھر فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تین روزے ہر مہینے مین اور
پس یہہ ہین روزے ہمیشہ کے یعنی ثواب انکا ایسا ہوتا ہی جیسی ہمیشہ روزہ رکھنے کا روزہ دن عرفہ کا یعنی غیر حج کرنیوالے کو امید ہے
یہہ کہ جھاڑدی گناہ اوس سال کے کہ پہلے اس سے ہو اور گناہ اوس سال کے کہ پیچھے اس سے ہی یعنی بچادی گناہ کرنے اوس دن مین
ہون گناہ اوس مین بخشی جاوین اور روزہ رکھنا دن عاشورہ کا امید رکھتا ہون اللہ سے یہہ کہ جھاڑدی گناہ برس روز کے پہلے اس
کی یہہ مسلم نے ف غصہ ہوئی یعنی نشانی غصہ کی معلوم ہوئی چہرۂ مبارک پر سبب غصہ کا یہہ تھا کہ اوسکو چاہیے تھا کہ سوال کرتا حال
کہ مین کیونکر روزہ رکھون تا جواب دیتے حضرت جو کچھ کہ موافق حال اوسکی کے ہوتا نہ یہہ کہ حال حضرت کو سے سوال کرے اس لیے کہ حضرت
افعال مین بیچ قلت و کثرت کے اسرار اور مصالح تھے کہ ہر کسیکے افعال مین ویسی نہین ہوسکتی اور حضرت بہت سوزی نہ رکھتے تھے اس لیے کہ شفقت
رہتی تھی مصالح مسلمین کے مین اور حقوق بی بیون اور مہمانون کے مین اور روزی رکھی ہمیشہ یعنی یہہ اچھا ہی یا بُرا وہ شخص جو کچھ کہ سوال کیا
تھا اوسکو حضرت عمر نے ساتھہ تفصیل کے ادب و عاجزی سے پوچھا اور جملہ لا صام ولا افطر یا دعا بد ہی اوسپر تنبیہ کے لیے یا خبر ہے
کہ نہ روزہ رکھا اس لیے کہ شارع کو حکم سے نہین ہی اور نہ افطار کیا اس لیے کہ نہ کہا یا کچھہ کہا شافعی اور مالک نے کہ یہہ اوسکے حق مین ہی کہ
ممنوع روزی بھی رکھی یعنی تمام سال رکھی حتی کہ عیدین اور ایام تشریق مین بھی نچھوڑی اور جو کہ وہ روزے نہ رکھے اوسکو کچھ نقصان
روزی رکھنی کا اس لیے کہ ابو طلحہ انصاری اور حمزہ بن عمرو اسلمی ہمیشہ روزی رکھتے تھے سوای ان دونون منع کیے گئے کراوزنہ
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یا علت نہی کی یہہ ہی کہ اسطرح سکھ روزے ضعیف کر دیتے ہین پس عاجز ہوتا ہی آدمی
پس جو کہ ضعیف نہو وہ اس سے نہین مضائقہ اوسکو اور کہا ابن ہمام نے کہ مکروہ ہین روزی ہمیشہ کے یعنی مکروہ تنزیہی اس لیے کہ ضعیف ہوتے
ہین وہ اور فتاوی عالمگیری اور درمختار مین بھی لکھا ہی کہ صوم دہر مکروہ ہی اور کوئی طاقت رکھتا ہی اسکی یعنی اگر کوئی طاقت اسکی رکھتا تو نہین
مضائقہ اوسکو یا پس یہہ افضل ہے اور یہہ روزہ داؤد کا ہی یعنی یہہ نہایت معتدل ہی اور رعایت ہی اس مین عبادت و عادت کی کہا ہی
علما نے کہ کوشش کر علم مین اسطرح کہ نہ منع کرے تجکو عمل سے اور کوشش کر عمل مین اسطرح کہ نہ منع کرے تجکو علم سے غیر الاولی و [illegible]

تفریط ہا و افراط ہا اس لیے وارد ہوا ہی افضل الصیام صیام داؤد علی نبینا و علیہم السلام اور طاقت دیا جاؤن مین یعنی دوست رکھتا ہون مین
دیا جاؤن مین ایک دن روزہ رکھنی کی اور دو دن افطار کرینگے اور مانع نہ آوین مجکو اس سے حقوق اور اصل مسلمین کے اس عبادت مین
ہوا اسپر کہ مین اسکی طاقت نہین رکھتا مگر یہہ کہ حق تعالی قوت دیوی مجکو اسکی حاصل یہہ کہ پسند کیا آنحضرت نے دائم کرنا کو بھی لیکن بسبب ضعف
مین نہین لاؤ اور تین روزی ہر مہینہ مین یعنی ایام بیض کے تیرہوین اور چودہوین اور پندرہوین اور بعضون نے کہا کہ کوئی تین روزے
مہینہ مین بھی ثواب پاویگا اور یہی صحیح ہی بموجب حدیث حضرت عائشہ کے کہ آگے آتی ہے ع وعنہ قال سئل رسول
اللہ علیہ وسلم عن صوم الاثنین فقال فیہ ولدت وفیہ انزل علی وہو الصوم اور روایت ہوئی ہی
کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روزے پیر کے سے فرمایا اس دن مین [illegible]

Marfat.com

[illegible] مراد اوسکی کفارہ مین نہین رکھتے ہین ح **وعن** مُعَاذَةَ الْعَدَوِيَّةِ [illegible] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ قَالَتْ نَعَمْ فَقُلْتُ لَهَا مِنْ اَيِّ [illegible] مِنْ اَيِّ اَيَّامِ الشَّهْرِ يَصُوْمُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہی معاذۂ عدویہ سے یہہ کہ اوس نے [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے ہر مہینے مین تین دن کہا کہ ہان پھر کہا مینے اوسسے حضرت عائشہ سے کہ کون سے دنون مین مہینے سے روزہ رکھتے تھے کہا کہ روزہ رکھتے کسی دن مہینے کے یعنی جسدن چاہتے رکھتے کچھ معین نہ تھا نقل کی یہہ مسلم نے **ف** [illegible] کہ کافی ہین تین روزے ہر مہینے مین جب چاہے رکھے کچھ قید تیرہوین چودھوین پندرہوین کی نہین ولیکن اکثر حدیثین اور آثار اون مین [illegible] ہوئے ہین پس وہی افضل ہین اور اور بھی کتنی طرحین آئی ہین ان روزون کی آگے منقول ہونگی ح **وعن** اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ [illegible] اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ اَتْبَعَهُ سِتًّا مِنْ شَوَّالٍ كَانَ كَصِيَامِ الدَّهْرِ رَوَاهُ [illegible] اور روایت ہی ابی ایوب انصاری سے یہہ کہ ابو ایوب نے بیان کی حدیث اپنی راوی سے کہ عمر وبن ثابت ہی یہہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو روزے رکھے رمضان کے پھر پیچھے اوسکے روزے رکھے چھ دن شوال کے مہینے مین ہوگا مانند روزہ رکھنے ہمیشہ کے نقل کی یہہ مسلم نے **ف** امام شافعی کے نزدیک متصل ان روزون کا رکھنا بہتر ہی یعنی دوسری تاریخ سے ساتوین تک مین رکھ لے اور امام اعظم رح کے نزدیک متفرق رکھنی افضل ہین کہ ساری مہینے مین رکھے **وعن** اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَوْمِ يَوْمِ الْفِطْرِ وَالنَّحْرِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہی ابی سعید خدری سے کہ کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھنے دن فطر کے اور نحر کے نقل کی یہہ بخاری مسلم نے **ف** نحر سے مراد جنس ہے یعنی سب دن نحر کی اور اوس مین تغلیب ہی اس لیے کہ تشریق کے دنون مین بھی حرام ہی اور یہان یہ مسئلہ ہی کہ دن نحر کے تین ہین اور ایام تشریق کے بھی تین ہین اور سب چارون ہوتی ہین اس لیے کہ دسوین ذی الحجہ کو نحر ہی فقط اور دو دن [illegible] بھی گیارہوین بارہوین نحر بھی ہی اور تشریق بھی اور ایکدن بعد اون دو دنون کے یعنی تیرہوین تشریق ہی فقط حاصل یہہ کہ [illegible] دو عیدون کے اور تین روزے بعد عید الضحی کے تیرہوین تک ع **وعنه** قَالَ قَالَ [illegible] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [illegible] مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہی ابی سعید سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تین ہی روزہ بیچ دو دن کے تین روزے دن فطر کے اور عید قربان کے یعنی چار دن تیرہوین تک نقل کی یہہ بخاری و مسلم نے **وعن** نُبَيْشَةَ الْهُذَلِيِّ قَالَ [illegible] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَّامُ التَّشْرِيْقِ اَيَّامُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ وَذِكْرِ اللّٰهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہی نبیشہ ہذلی سے کہ کہا [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم نے ایام تشریق کے دن کھانے اور پینے اور یاد کرنے اللہ کے ہین نقل کی یہہ مسلم نے **ف** ایام تشریق [illegible] اور اس مین تغلیب ہی اس لیے کہ محرم کا بھی دن کھانے اور پینے کا ہی بلکہ وہ اصل ہے اور باقی تابع اوسکے [illegible] کہ ابن ہمام نے کہ مکروہ ہی روزہ رکھنا نوروز اور مہرجان کو اس لیے کہ اس مین تعظیم ہوتی ہی اون دنون کی [illegible] اور صفات ذمیمہ مین سے ہی اور یاد کرنے اللہ کے ہین یعنی باوجود کھانے اور پینے کے غافل ذکر خدا سے نہو [illegible] ایام معدودات اور یاد کرنے خدا کے سے مراد ہی تکبیرات نمازون کی بعد کی اور وقت ذبح اور

وعن اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَصُوْمُ اَحَدُكُمْ يَوْمَ

Marfat.com

الجمعة الا ان یصوم قبلہ او یصوم بعدہ متفق علیہ اور روایت ہی ابی ہریرہ سی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہارا دن جمعہ کو مگر اسطرح کہ روزہ رکھو پہلے اوس سے یا روزہ رکھو پیچھے اوس سے نقل کی یہ بخاری و مسلم نے ف بلکہ ایک روزہ پنجشنبہ یا ہفتہ کا ملالیوے اور اگر دونون دن رکھی بہتر ہی اور یہہ بھی تنزیہی ہی اور کہا ابن ہمام نے کہ نہین یعنی نفل رکھنا نزدیک ابی حنیفہ اور محمد رح کے ع + ح وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تختصوا لیلۃ الجمعۃ بصیام من بین اللیالی ولا تختصوا یوم الجمعۃ بصیام من بین الایام الا ان یکون فی صوم یصومہ احدکم رواہ مسلم + ع + ح یعنی خاص نہ کرو رات جمعہ کو روزہ سے درمیان راتون کے اور روایت ہی ابی ہریرہ سی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ خاص کرو رات جمعہ کو ساتھہ قیام کرنیکے درمیان راتون کے اور نہ خاص کرو روز جمعہ کو ساتھہ روزہ رکھنے کے دنون مین مگر ہووے جمعہ بیچ دن روزون کے کہ روزہ رکھتا تھا ایک تمہارا اگر کوئی ف یہود ہفتہ کی تعظیم کرتے ہین اور مخصوص کیا ہی اسکو عبادت کی لیے اور نصاری اتوار کی تعظیم کرتے ہین اور مخصوص کیا ہی اوسکو عبادت کی لیے حضرت نے منع فرمایا کہ تم اسطرح جمعہ کو اور جمعہ کی شب کو معظم اور مخصوص عبادت کو لیے نکرو کہ مشابہت ہوگی یہود و نصاری کے ساتھہ تعظیم و تخصیص شرع مین آئی ہی وہ تو ثابت ہی کرنی چاہیے اگرچہ مشابہت ہو کسیکی ساتھہ لیکن اپنی طرف سی تعظیم و تخصیص نہ کرے یا سبب منع کے چاہیے کہ سب اوقات مین عبادت و طاعات مین مشغول ہو اور ہمیشہ امیدوار رحمت الٰہی کا رہی ایک وقت کو مخصوص کرنا اور اوقات سی مثل اسکے نہ کرنا کچھ نہین واللہ اعلم اور مگر ہووے جمعہ الخ یعنی مثلاً عادت تھی کہ دسوین یا گیارہوین دن روزہ رکھتا تھا اوس روز جمعہ آپڑا یا مثلاً روزہ مانا تھا کہ فلانی تاریخ روزہ رکھونگا اور وہ تاریخ جمعہ مین آن پڑی تو اس عذر سے نری جمعہ کا روزہ منع نہین اور کہا نووی نے کہ اس حدیث سی صریح ہر خاص کرنے شب جمعہ کے سے واسطے نماز کے اور اوسپر سب علما متفق ہین اور دلیل پکڑی ہی ساتھہ اسکے علما نے اوپر مکروہ ہونے اس نماز مبتدعہ کے کہ نام اوسکا صلوۃ الرغائب ہی کہ رجب کے پہلے جمعہ کی شب مین پڑہتی ہین اور علما نے بہت سی کتابین اوسکی برائی مین اور گمراہی اوسکے نکالنے والے کی مین لکھے ہین ع + ح نری جمعہ کے روزہ رکھنے مین جو شارحین رحمہ اللہ نے توجیہات لکھی ہین تو یہہ بموجب مذہب اونکی کے ہین کہ جو اسکو مکروہ کہتے ہین اور بموجب مذہب حنفیہ کے حاجت ان توجیہات کی کچھ نہین اسلیے کہ اونکے نزدیک یہہ مکروہ نہین چنانچہ فتاوی عالمگیری مین لکھا ہی کہ جائز ہی نری جمعہ کا روزہ بلکہ درمختار مین مستحب لکھا اسکو پس اونکے نزدیک شاید کہ حدیث عبداللہ بن مسعود کی کہ آگے آتی ہی ناسخ ہے ان حدیثون کی کہ جنسی منع معلوم ہوتا ہی + مولانا وعن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صام یوما فی سبیل اللہ بعد اللہ وجھہ عن النار سبعین خریفا متفق علیہ اور روایت ہی ابی سعید خدری سی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ روزہ رکھی ایک دن راہ خدا مین دور کریگا اللہ مونہہ اوسکا یعنی ذات اوسکی آگ سی مقدار ستر برس کی نقل کی یہہ بخاری و مسلم نے ف راہ خدا مین یعنی جہاد مین یا خالصۃ لشرع وعن عبداللہ بن عمرو قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا عبداللہ الم اخبر انک تصوم النہار وتقوم اللیل فقلت بلی یا رسول اللہ قال لا تفعل صم وافطر وقم ونم فان لجسدک علیک حقا وان لعینک علیک حقا وان لزوجک علیک حقا وانک عسی ان یطول بک عمر انک عسی ان یطول بک عمر فان من حسبک ان تصوم من کل شہر ثلثۃ ایام فان لک بکل حسنۃ عشر امثالہا فان ذلک صیام الدہر کلہ فشددت فشدد علی قلت فانی اطیق اکثر من ذلک قال صم افضل الصوم صوم داود صیام یوم وافطار یوم ولا یفر اذا لاقی متفق علیہ اور روایت ہی عبداللہ بن عمرو بن العاص سی

Marfat.com

دن کو یعنی ہر دن اور قیام کرتا ہے تمام رات یعنی ہر شب
رسول اللہ کرتا ہون فرمایا کہ نکر روزے بھی رکھہ اور افطار بھی کر اور قیام بھی کر اور سو بھی رہ اسواسطے
ن تیری تجھ پر حق ہے یعنی بہت مشقت مین نہ ڈال تا بیمار و ہلاک نہو جاوے اور واسطے آنکھوں تیری
حق ہے یعنی کبھی سویا بھی کر تا آنکھین آرام پاوین اور تحقیق تیری بی بی کا بھی تجھ پر حق ہے یعنی
لفت اور مخالطت کر اور تحقیق تیرے مہمان کا بھی تجھ پر حق ہے یعنی کلام کر اون سے اور خاطر داری کر اور رہا
نکے ساتھہ نہ روزہ رکھا جس نے کہ روز رکھا ہمیشہ روزے تین دن کے ہر مہینے سے روزے ہمیشگی کے ہین
ے رکھہ ہر مہینے مین تین دن یعنی ایام بیض کے یا مطلق تین روزے اور پڑھ قرآن مہینے مین یعنی ختم ہر مہینے مین
ریا کر کہا مین نے طاقت رکھتا ہون مین زیادہ اس سے فرمایا روزہ رکھہ بہترین روزہ روزہ داؤد کا روزہ رکھنا ایک دن
ر افطار کرنا ایک دن اور پڑھ قرآن بیچ سات رات کے ایکبار اور نہ زیادہ کر اس پر یعنی جو کہ مذکور ہوا روزون اور ختم کا نقل
کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** پس نہ کر اس لیے کہ اس سے بدن ضعیف ہو جاتا ہے اور بعضی عبادتون ضروریہ مین خلل
ہوتا ہے اور ہر مہینے مین تین روزے رکھنے سے ثواب ہمیشہ روزے رکھنے کا اس لیے لکھا جاتا ہے کہ ہر نیکی کی دس
نیکیان لکھی جاتی ہین پس تین روزون کی تیس لکھے گئے گویا سارے مہینے روزے ہی سے رہا **ع الفصل**
الثانی فصل دوسری **عن** عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ [illegible]
رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ روایت ہے عائشہ سے کہ کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے پیر اور
کو نقل کی یہ ترمذی اور نسائی نے **وعن** اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُعْرَضُ
يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسِ فَاُحِبُّ اَنْ يُعْرَضَ عَمَلِيْ وَاَنَا صَائِمٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے
فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کیے جاتے ہین عمل یعنی درگاہ رب العزۃ مین دن پیر اور جمعرات کے
پس دوست رکھتا ہون مین یہہ کہ عرض کیے جاوین عمل میرے اور مین ہون روزے سے نقل کیا ترمذی نے
عمل ہر صبح و شام ملائک لیجاتے ہین اور عرض ان دونون مین ہوتے ہین پس تعارض [illegible] اور اوس حدیث مین
عرض کیے جاتے ہین عمل رات کو پہلے عمل دن کے اور عمل دن کے پہلے عمل رات کے یا یہہ کہ مفصل ہر روز عرض ہوتے ہون اور مجمل ان دونون مین
وعن اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا ذَرٍّ اِذَا صُمْتَ مِنَ الشَّهْرِ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ فَصُمْ ثَلٰثَ عَشْرَةَ وَاَرْبَعَ عَشْرَةَ
وَخَمْسَ عَشْرَةَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ اور روایت ہے ابی ذر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
اے ابوذر بصورت کہ روزہ رکھا چاہے تو مہینے سے تین دن پس روزہ رکھہ تیرہوین اور چودہوین اور پندرہوین کو نقل کی یہ ترمذی
ف یہہ تین روزے مہینے کے کئی طرح پر آئے ہین لیکن افضل اسیطرح ہین کہ ان تین دنون مذکورہ مین رکھے کہ انکو ایام بیض سے
وعن عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ مِنْ غُرَّةِ كُلِّ شَهْرٍ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ
وَكَانَ لَا يُبَالِيْ مِنْ اَيِّ الْجُمُعَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ اِلٰى ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ اور روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے
کہ تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے یعنی کبھی اول مہینے کے سے تین دن اور کم تھے کہ افطار کرین دن جمعہ کو نقل کی یہہ ترمذی

و نسائی نے اور روایت کی ابو داؤد نے ثلثہ ایام تک ف پہلی ... کہ ثابت ہوا پس تاویل اس حدیث کی یہہ ہی کہ ایکدن پہلے یا ایک دن پیچھے جمعہ کے روزہ رکھتے تھے اور یا دن جمعہ کے ... روزہ رکھنے کے کہ یا مراد روزی سے روزہ لغوی ہی یعنی بند رہتے تھے کھانے وغیرہ سے نماز جمعہ تک ع یہہ تاویل جو کہ مکروہ رکھتے ہین نزی جمعہ کے روزیکو اور بموجب حنفیہ کے حاجت اس تاویل کی کچھ نہین بلکہ وہ اسی حدیث سے جائز ہونا اس کی

وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ مِنَ الشَّهْرِ الثَّلٰثَ وَالْاَحَدَ وَالْاِثْنَيْنِ مِنَ الْاُخْرَى الثَّلٰثَاءَ وَالْاَرْبِعَاءَ وَالْخَمِيْسَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ اور روایت ہی عائشہ سے کہ کہا تھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے تھے مہینے مین ہفتے اور اتوار اور پیر کو اور ایک اور مہینے مین منگل اور بدھ اور جمعرات کو نقل کی یہہ ترمذی نے ف حضرت عمل کرتے تھے کسی ہفتہ کو مین روزہ رکھتے اس لیے کہ سب دن اللہ تعالیٰ کے ہین مناسب جانا کہ بعض مین رکھین اور بعض مین نہ رکھین جمعہ کا روزہ یہان ذکر کیا گیا اور باقی چھ دنونکا اس مین ع **وَعَنْ** اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُنِيْ اَنْ اَصُوْمَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ اَوَّلُهَا الْاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسُ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ اور روایت ہی ام سلمہ سے کہ کہا تھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم حکم فرماتے مجکو یہہ کہ روزہ رکھون مین تین دن ہر مہینے سے پہلا اون مین سے پیر یا جمعرات نقل کی یہہ ابو داؤد و نسائی نے ف لفظ والخمیس مین او بمعنی او کی ہی یعنی تین روزے رکھے کہ اوّل اونکا پیر کا دن ہو اور دوسرا منگل اور بدھ یا اول اونکا دن جمعرات کا ہو اور دوسرا جمعہ ہفتہ چنانچہ طبرانی کی روایت مین لفظ او ہی کا آیا ہی غرضکہ روزے رکھنے والا اختیار رکھتا ہی کہ ابتدا پیر سے کرے یا جمعرات سے دونون دن معتبر ہین ع ح **وَعَنْ** مُسْلِمِ الْقُرَشِيِّ قَالَ سَاَلْتُ اَوْ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صِيَامِ الدَّهْرِ قَالَ اِنَّ لِاَهْلِكَ عَلَيْكَ حَقًّا صُمْ رَمَضَانَ وَالَّذِيْ يَلِيْهِ وَكُلَّ اَرْبِعَاءَ وَخَمِيْسٍ فَاِذَا اَنْتَ قَدْ صُمْتَ الدَّهْرَ كُلَّهٗ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ اور روایت ہی مسلم قریشی سے کہ کہا پوچھا مینے یا پوچھی گئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ کی روزے رکھنے سے پس فرمایا کہ تحقیق واسطے اہل تیری کے تجھپر حق ہی روزے رکھنہ رمضان کی اور اون ایام کے کہ متصل اونکے ہین یعنی شش عید کی اور ہر بدھ اور جمعرات کو پس اوسوقت تو نے روزے رکھی ہمیشہ نقل کی یہہ ابو داؤد و ترمذی نے ف واسطے اہل تیری کے تجھپر حق ہی یعنی ہمیشہ روزہ رکھنا سبب ضعف کا ہی اور اوس سے اونکی ادای حقوق مین قصور آتا ہی اور اسیطرح اور عبادتون کے کرنے مین بھی خلل پڑتا ہی پس اسی لیے یہہ مکروہ ہی اور جسکو اس سے ضعف نہو اوسکے لیے نہین مکروہ بلکہ مستحب ہی اور اس سے حاصل ہو جاتی ہے تطبیق درمیان حدیثون کے اور درمیان عمل بعض سلف کے یعنی جو کہ ہمیشہ روزہ رکھتے تھے اور شاید کہ یہہ حدیث پہلے فرمائی ہوگی اوس حدیث سے کہ پہلے گذری کہ صوم دہر یعنی ہمیشہ کے روزے رکھنا ثواب ہوتا ہی بسبب تین روزون کے ہر مہینے سے ۔ع ۔ح ۔ اوپر ایک فائدہ مین قول ابن ہمام وغیرہ کی نقل کی گئی اون سے معلوم ہوا کہ مطلق روزی ہمیشہ کی مکروہ ہین اور در مختار مین بھی لکھا ہی کہ روزی ہمیشہ کی مکروہ تنزیہی ہین اور یہان جو ملا علی ح نے لکھا ہی اس سے معلوم ہوا کہ اگر خوف ضعف کا ہو تو مکروہ ہین اور نہین تو نہین تطبیق انمین یون دیجاوی کہ وہ روایتین بھی محمول ہین خوف ضعف پر مولانا **وَعَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ صَوْمِ يَوْمِ عَرَفَةَ بِعَرَفَةَ رَوَاهُ اَحْمَدُ اور روایت ہی ابی ہریرہ سے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا روزہ رکھنے دن عرفہ کے سے عرفات مین نقل کیا ف اس لیے کہ سبب ضعف کے وہان کے افعال مین قصور واقع ہوگا اور یہہ نہی تنزیہی ہے نہ تحریمی ع **وَعَنْ**

Marfat.com

[illegible] وَمَا يَوْمُ السَّبْتِ لِي إِلَّا فِيمَا افْتُرِضَ عَلَيْكُمْ فَإِنْ لَمْ يَجِدْ
[illegible] لَيْسَ لَهُ تَصْمُمْهُ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ اور روایت ہے
[illegible] کہ نقل کی بہن ہے کہ نام اوسکا صماء تھا یہہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ روزہ رکھو تم دن ہفتہ کے یعنی اکیلا مگر
[illegible] کہ فرض کیا ہووے تمپر پس اگر نہ پاوے ایک تمہارا مگر پوست انگور کا یا لکڑی درخت کی پس چاہیے کہ چباوے اوسکو نقل کی یہ احمد اور
[illegible] داؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے **ف** فرض کیا جاوے تمپر یعنی فرض روزہ ہو یا نذر کا ہو یا قضاء کا یا کفارہ کا اور اوسپر حکم
[illegible] ہے روزہ سنت موکدہ مانند عرفہ اور عاشورہ کے اور روزہ معمولی پس اگر ان روزون مین سے کوئی روزہ ہفتہ کے دن آپڑے تو منع نہین اور
[illegible] چاہیے کہ چباوے اوسکو یعنی افطار کرے روزہ ہفتہ کا اگر رکھا ہو اور اگر اور کچھ نپاوے مانند پوست انگور یا لکڑی درخت کی سے توڑ ڈالے اور
[illegible] سبب منع کا روزہ ہفتہ کے سے یہہ ہے کہ اس مین تعظیم اوسکی لازم آتی ہے اور اوسکی تعظیم کرنے مین مشابہت یہود کے ساتھہ ہوتی ہے اگرچہ
[illegible] مدت نہین مکتی بسبب ہونے اوسکی کے عیدا ونکی ولیکن تعظیم کرتے ہین اور یہہ نہی تنزیہی ہے نزدیک جمہور کے ۔ ع ۔ ح **وَعَنْ** أَبِي
أُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ جَعَلَ اللّٰهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّارِ خَنْدَقًا كَمَا
بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص روزہ
رکھے ایک روز خدا کی راہ مین گردانتا ہے اللہ تعالی درمیان اوسکے اور درمیان آگ کے خندق جیسے درمیان آسمان زمین کے نقل کی یہہ
ترمذی نے **ف** خدا کی راہ مین یعنی جہاد مین یا حج کی راہ مین یا عمرہ مین یا طلب علم مین یا اللہ کی ضامندی طلب کرنیکے لیے اور خندق
یعنی کا وبڑا اور پردہ شدید ۔ ع **وعن** عَامِرِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغَنِيمَةُ الْبَارِدَةُ الصَّوْمُ
فِي الشِّتَاءِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ مُرْسَلٌ اور روایت ہے عامر بن مسعود سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
نے کہ غنیمت ٹھنڈی روزہ رکھنا جاڑے مین ہے یعنی بلا محنت ثواب پاتا ہے نقل کی یہہ احمد اور ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث مرسل ہے

وذکر حدیث أَبِي هُرَيْرَةَ مَا مِنْ أَيَّامٍ أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ فِي بَابِ الْأُضْحِيَّةِ اور ذکر کی گئی حدیث ابی ہریرہ کے ما من ایام
[illegible] اللہ قربانی کے باب مین **الفصل الثالث** فصل تیسری **عَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
[illegible] الْمَدِينَةَ فَوَجَدَ الْيَهُودَ صِيَامًا يَوْمَ عَاشُورَاءَ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هٰذَا الْيَوْمُ الَّذِي
[illegible] فَقَالُوا هٰذَا يَوْمٌ عَظِيمٌ أَنْجَى اللّٰهُ فِيهِ مُوسٰى وَقَوْمَهُ وَغَرَّقَ فِرْعَوْنَ وَقَوْمَهُ فَصَامَهُ مُوسٰى شُكْرًا فَنَحْنُ
[illegible] فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَحْنُ أَحَقُّ وَأَوْلٰى بِمُوسٰى مِنْكُمْ فَصَامَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
[illegible] مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے ابن عباس سے یہہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم آئے مدینہ مین پس پایا یہودیون کو روزہ سے
[illegible] پس پوچھا اونکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ہے یہہ دن جسمین روزہ رکھتے ہو تم کہا یہودیون نے یہہ دن بڑا ہے نجات دی اللہ نے اسمین موسی کو اور
[illegible] کو اور ڈبویا فرعون کو اور اوسکی قوم کو پس روزہ رکھا اوسدن موسی نے واسطے شکر کے پس ہم بھی روزہ رکھتے ہین اوسدن پھر فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
[illegible] اور نزدیک تر ہین ساتھہ موسی کے تم سے پس روزہ رکھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حکم فرمایا ساتھہ روزے اوسکی کے نقل کی یہہ بخاری اور مسلم نے **وعن**
[illegible] كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ يَوْمَ السَّبْتِ وَيَوْمَ الْأَحَدِ أَكْثَرَ مَا يَصُومُ مِنَ الْأَيَّامِ وَيَقُولُ إِنَّهُمَا
[illegible] أَنَّ أَخَالِفَهُمْ رَوَاهُ أَحْمَدُ اور روایت ہے ام سلمہ سے کہ کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے دن ہفتہ کے

Marfat.com

اور اتوار کو اکثر لوس چیز سے کہ روزہ رکھتے اور دونون مین اور فرماتے کہ تحقیق یہہ دو دن عید کے ہین واسطے مشرکون کے ہمکو
ہونیکے پس مین بہت دوست رکھتا ہون یہہ کہ خلاف کرون مین اونکا نقل کی یہہ احمد نے **ف** مشرکون کے یعنی یہود و نصاریٰ
کہا کہ یہود کہتے تھے عزیر بیٹا اللہ کا اور نصاریٰ کہتے تھے کہ مسیح بیٹا اللہ کا ہے اور تطبیق اس حدیث مین اور پہلی حدیث مین کہ جس مین منع ہے
ہفتے کو یہہ ہے کہ یہہ خصوصیات حضرتؐ کے سے ہے اور وہ خصوصیات امت کے سے یا روزہ کہ جس سے منع کیا گیا وہ ہے کہ ہو بطریق تعظیم
محبوب ہے کہ بطریق مخالفت کے ہو **وعن** جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُنَا بِصِيَامِ يَوْمِ
وَيَحُثُّنَا عَلَيْهِ وَيَتَعَاهَدُنَا عِنْدَهُ فَلَمَّا فُرِضَ رَمَضَانُ لَمْ يَأْمُرْنَا وَلَمْ يَنْهَنَا عَنْهُ وَلَمْ يَتَعَاهَدْنَا عِنْدَهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ
اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہ کہا تھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہمکو ساتھ روزے دن عاشورا کے اور رغبت دلاتے ہمکو اوسپر اور خبر گیری
کرتے ہماری یعنی نصیحت کرتے نزدیک آنے اوسدن کے پس جبکہ ہوا فرض رمضان نہ حکم فرمایا ہمکو اور نہ منع کیا ہمکو اوس سے اور نہ خبر گیری رکھی
ہماری وقت آنے اوسدن کے نقل کی یہہ مسلم نے **ف** لفظ یامرنا اکثر نسخون مشکوۃ کے مین بغیر لفظ نا کی ہے مگر صحیح مسلم مین موجود ہے
وعن حَفْصَةَ قَالَتْ أَرْبَعٌ لَمْ تَكُنْ يَدَعُهُنَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صِيَامُ عَاشُوْرَاءَ وَالْعَشْرِ وَثَلٰثَةِ أَيَّامٍ مِنْ
كُلِّ شَهْرٍ وَرَكْعَتَانِ قَبْلَ الْفَجْرِ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ اور روایت ہے حفصہ سے کہ کہا چار چیزین ہین کہ نہ چھوڑتے اونکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم
یعنی سنتون موکدہ سے ہین روزہ رکھنا عاشورا کا اور دہ ذیحجہ کا یعنی نو دن اول ذیحجہ کا اور تین دنکا ہر مہینے سے اور دو رکعتین فجر سے پہلے
یعنی سنتین فجر کی نقل کی یہہ نسائی نے **وعن** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُفْطِرُ أَيَّامَ الْبِيْضِ فِي
حَضَرٍ وَلَا سَفَرٍ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا تھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نہ افطار کرتے ایام بیض مین نہ گھر مین
نہ سفر مین نقل کی یہہ نسائی نے **ف** مراد ایام بیض سے دن چاندنی راتون کے ہین یعنی تیرون اور چودون اور پندرون پس بیض
صفت لیالی کی یعنی راتون کی ہے ان راتونکو بیض اسواسطے کہتے ہین کہ چاندنی اول سے آخر تک رہتی ہے اور یا بیض صفت ایام کی ہے انکو بیض اس لیے
کہتے ہین کہ روزے انکے دور کرتے ہین گناہون کو اور روشن کرتے ہین دلونکو یا اسواسطے بیض کہتے ہین کہ حضرت آدم علیہ السلام جب بہشت سے اوترے تو اونکا
تمام بدن سیاہ ہوگیا تھا جب توبہ قبول ہوئی تو حکم ہوا کہ تین روزے ان تین دنون مین رکھو جب تیرون کو روزہ رکھا تو تہائی بدن اونکا سفید اور
روشن ہوگیا جب چودہون کو روزہ رکھا تو دو تہائی بدن اونکا سفید اور روشن ہوگیا اور جب پندرہون کو رکھا تو تمام بدن روشن و سفید ہوگیا آور جانا
چاہیے کہ تین روزے جو مہینے مین رکھنے مسنون ہین بارہ طرح پر آئے ہین ایک تو غیر معین کہ ساری مہینے مین جب چاہے جب کہ لے اور دوسری یہہ کہ تین روزے اول مہینے
یعنی پہلی سے تیسری تک اور تیسرے ہفتے اور اتوار اور پیر اور چوتھی منگل بدھ جمعرات اور پانچوین تیرون چودہون پندرہون اور چھٹی یہہ کہ اول اونکا دوشنبہ
یعنی دوشنبہ سہ شنبہ چہارشنبہ اور ساتوین یہہ کہ اول اونکا پنجشنبہ ہو یعنی پنجشنبہ اور جمعہ اور ہفتہ اور آٹھوین نوچندا پیر اور دو جمعراتین اور نوین پنجشنبہ
جمعرات اور دو پیرین اور دسوین پیر اور جمعرات اور پھر دوسرے ہفتہ کی اور گیارہوین ہر عشرے مین ایک روزہ اور بارہوین تین روزے اخیر مہینے مین
اور سب روزے مسنون بیس مین اکیاون ہین تین تیس تو یہی ہین بحساب فی مہینے تین روزے کی اور یوم روزے ذیحجہ مین یعنی پہلی سے نوین تک اور ایک روزہ
عاشورے کا اور ایک اول عاشورے کے یا بعد اوسکے اور ایک پندرہوین شعبان مین اور چھ روزے شوال کے کہ جنکو شش عید کہتے ہین
مِنْ كُتُبِ الْحَدِيْثِ **وعن** أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ شَيْءٍ زَكٰوةٌ وَزَكٰوةُ الْجَسَدِ الصَّوْمُ
ابن ماجہ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر چیز کے لیے ہے زکوٰۃ اور زکوٰۃ بدن کی روزہ ہے

[illegible] روزہ رکھنے
پیسلا دن کی روزہ سو گنا عبادت مالیہ ہی اور روزہ طاعت بدنیہ ع
يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسِ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّكَ تَصُوْمُ يَوْمَ
[illegible] يُغْفَرُ اللّٰهُ فِيْهِمَا لِكُلِّ مُسْلِمٍ اِلَّا ذَاهَاجِرِيْنَ يَقُوْلُ دَعْهُمَا حَتّٰى
[illegible] روایت ہی ابی ہریرہ سی یہہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھی روزہ رکھتی دن پیر اور جمعرات کی پس
[illegible] روزہ رکھتی بیشتر پیر اور جمعرات کو پس فرمایا کہ تحقیق دن پیر اور جمعرات کی بخشش کرتا ہی اللہ تعالیٰ ان دونون مین
[illegible] ترک ملاقات کرتے ہین فرماتا ہی اللہ تعالیٰ چھوڑ دی اونکو یہانتک کہ صلح کرین نقل کی احمد و ابن ماجہ نے **ف**
[illegible] روزہ رکھتا ہون انمین بسبب بزرگی ان دنون کی اور واسطے ادا کرنے شکر نعمت مغفرت اور رحمت الہی کی اور
[illegible] کہ تعین ہی تمانی برائیون پر وقت ظاہر ہونی آثار مغفرت کی اور صلح کرین یعنی آپس مین پس جب مغفرت کیجاوے
[illegible] **وَعَنْهُ** قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ يَوْمًا اِبْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ بَعَّدَهُ اللّٰهُ
[illegible] كَبُعْدِ غُرَابٍ طَائِرٍ وَهُوَ فَرْخٌ حَتّٰى مَاتَ هَرِمًا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنْ سَلَمَةَ
[illegible] روایت ہی ابی ہریرہ سی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ روزہ رکھی ایکدن واسطے طلب کی رضامندی
[illegible] تعالیٰ کے دور رکھتا ہی اوسکو اللہ تعالیٰ دوزخ سے مانند دور رکھنی کوّی اوڑتے ہوے کی اور وہ ہو بچہ یہانتک کہ بوڑھا ہو کر مرجاوے
[illegible] کی یہ احمد نے اور نقل کی بیہقی نے شعب الایمان مین سلمہ بن قیس سے **ف** کہا گیا ہو کہ ہر کوی کی ہزار برس کی ہوتی ہی پس فرمایا
[illegible] کہ ابتدای عمر سے اخیر عمر تک اوڑتا ہی تو دیکھا چاہیی کہ کسقدر مسافت طی کریگا جتنی وہ مسافت طی کریگا اوتنا ہی اللہ تعالیٰ روزہ دار کو
[illegible] دوزخ سے دور رکھتا ہی ع ح بیہقی سے منقول ہی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ سونا روزہ دار کا عبادت ہی اور چپ
[illegible] اوسکا تسبیح ہی اور عمل اوسکا مضاعف ہی اور دعا اوسکی مقبول ہی اور گناہ اوسکا بخشا گیا ہی اور یہہ بھی منقول ہی بیہقی سے کہ فرمایا
[illegible] صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالیٰ نے وحی کی طرف ایک نبی کی بنی اسرائیل مین سے یہہ کہ خبر دے اپنی کو کہ نہین کوئی بندہ
[illegible] کہ کسی دن واسطے طلب کی خوشی میری کی مگر کہ تندرست کرتا ہون جسم اوسکا کو [illegible] ہون ثواب اوسکو اور خطیب نے
[illegible] کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص نفل روزہ رکھی کہ نہ مطلع ہو اوسپر کوئی نہین راضی ہوتا اللہ تعالیٰ واسطے
[illegible] ثواب کی سوای جنت کی یعنی اوسکا ثواب یہی ہی کہ جنت مین داخل کرتا ہی اور طبرانی نے روایت کیا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ
[illegible] واسطے اللہ تعالیٰ کی ایک خوان ہی کہ اوسپر ایسی چیزین ہین کہ نہ کسی آنکھ نے دیکھین ہین اور نہ کسی کان نے سنی ہین اور
[illegible] نہین آتا ہی نہین بیٹھین گی اوسپر مگر روزہ دار باب ہی یعنی بیچ تتمہ اور لواحق بابون پہلی کی

الفصل

[illegible] کی اصل وہ کبھی متضمن توبہ کو ہوتی ہی اور کبھی نہین اسی لیے کہا والتوبۃ یا استغفار زبان سی ہوتی ہی اور تو[illegible]
[illegible] کرنا گناہون سی طرف طاعت کے اور غفلت سے طرف ذکر کے اور رغبت سی طرف حضور کی اور بخشش اللہ تعالی کی بندے کے
[illegible] اوسکو دنیا مین کہ نہ مطلع کرے کسیکو اوسپر اور دونکو آخرت مین کہ نہ عذاب کری اوسکو گناہ پر اور سید الطائفہ جنید بغدادی [illegible]
[illegible] یا فراموش کرنا گناہ کا یعنی بعد توبہ کرنیکے ایسی حلاوت گناہ کی دل سی نکل جاوی کہ گویا پہچانتا ہی نہین گناہ کو اور سہل تستری سے
[illegible] کہ توبہ کیا ہی فرمایا کہ نہ ہو ترا گناہ کو یعنی بسبب خوف عذاب کی انتہی اور توبہ اور استغفار کرنے بموجب امر و توبوا الی اللہ جمیعا کی ہر بندہ پر واجب
[illegible] لیے کہ ہر ایک بحسب حال و مرتبہ اپنی کو گناہ یا چوک سی خالی نہین پس ہر ایک کو لازم ہی کہ تمام گناہون گذشتہ سی توبہ کرے اور بخشش چاہی اور آئندہ
[illegible] گناہ ترک کرے اور صبح اور شام توبہ اور استغفار کو ورد کری تاکہ کفارہ ہوتا رہی تمام گناہون کبیرہ اور صغیرہ کا کہ قصدا کیی ہون یا خطاءً یا سہوا اور بسبب
[illegible] گناہون کی توفیق طاعت سی محروم نہ ہی اور ظلمت اصرار کی گناہ ہونپر دلکو بالکل نگہیر لے اور کفر و دوزخ کو نہ پہنچاوی اور شرطین توبہ کی چار ہین
[illegible] توبہ یہہ کہ محض خوف عذاب الہی ہی اور بسبب تعظیم امر اوسکی کے توبہ کرے اور کوئی غرض درمیان مین نہو مانند تعریف کرنے لوگونکی اور ضعف اور فقر
[illegible] مانند انکی کے دوسری یہہ کہ گناہون گذری ہوون سی شرمندہ ہو تیسری یہہ کہ آیندہ ترک کرنا گناہون ظاہر و باطن کا کرے چوتھی یہہ کہ عزم بالجزم
[illegible] ہے کہ آیندہ ہرگز کوئی گناہ نہین کرونگا اور کیفیت توبہ اور صحت اس عزم کی یہہ ہی کہ ابتدای بلوغ اپنی سی وقت توبہ تلک تلاش کری کہ کیا کیا گناہ
[illegible] تا تدارک ہر ایک کا کری پس اگر نماز روزہ اور حج اور زکوۃ اور اور فرائض ترک ہوتی ہون قضا اونکی کرے اور سنتی نکری انکو ادا کرے دین
[illegible] صرف کرنی وقت کی نفل مین اور فرض کفایہ مین کہ نہ متعین یعنے نہ موقوف ہوا وسپر اور جو منع چیزین کی ہین مانند پینے شراب غیرہ کی اسی درگاہ
[illegible] مین توبہ استغفار کرے اور بہت عمل خیر کرے اور للہ دی تا توبہ اوسکی مقبول ہو اور بخشا جاوی چنانچہ وعدہ کیا ہی اللہ تعالی نے
[illegible] یقبل التوبۃ عن عبادہ ویعفو عن السیات اور یہہ توبہ اللہ تعالی سی کرنی اون گناہون سی ہی کہ محض گناہ خدا کی ہین اور جو گناہ کہ بسبب
[illegible] بندون کی ہون تو اللہ سی بھی بخشش چاہی اس لیے کہ نافرمانی اوسکی کے اور اون سی بھی تدارک اوسکا کرے کہ اگر حق قسم مال سی ہو
[illegible] بخشواوی اور اگر سوای مال کے ہو مانند غیبت وغیرہ کی تو اوس سے بخشواوی اگر فتنہ [illegible] اوس تصور کا اور نہین تو بجیز کر
[illegible] گناہ معاف کرواوی اور اگر اس مین بھی خوف فتنہ کا ہو تو رجوع خدا تعالی سے کرے اور تضرع اور زاری اور اعمال خیر کرے
[illegible] اللہ تعالی اوس سے راضی ہو اور اپنے فضل سے اوسکے دشمنون کو ساتھہ دینے اجر کے اپنے پاس سے راضی کرے اور اگر صاحب حق
[illegible] اوسکے قائم مقام اوسکے ہین اون سے بخشواوی اور سلوک کرے اون سی اور مردہ کے لیے بھی کچھہ للہ دی اور توبہ اور استغفار مین
[illegible] نفس و شیطان کی یہہ نہ کہو کہ مین توبہ پر ثابت نہین رہنے کا توبہ کیونکر کرون اس لیے کہ جب بندہ توبہ کرتا ہی تو گناہ اگلے
[illegible] اگر بندہ پر بسبب بشریت کے گناہ ہو جاوی تو پھر توبہ کرے اگرچہ دن مین کئی بار ہو بشرطیکہ وقت توبہ کے اوسکے دل مین نہو کہ پھر گناہ
[illegible] گناہ کرنیکے مرجاؤن اور جب توبہ کرے تو نہاکر پاک کپڑے پہن کر دو رکعت پڑہی حضور دل سی اور سجدہ
[illegible] نفس کو کرے اور گناہ گذری ہوونکو یاد کر کر عذاب الہی سی ڈر کر نادم ہو اور توبہ و استغفار کری بعدہ تہہ
[illegible] حاضر ہوا ہی اور عذر کرتا ہی گناہ میری بخشدی اور اپنے فضل سے عذر میرا قبول کر اور ساتھہ نظر رحمت کے

Marfat.com

میری طرف دیکھے اور میرے سب گناہ گذشتہ بخش اور مرتے دم تک مجکو اپنے گناہ [illegible]
پر ہے اور مسلمانون کے لیے بھی بخشش چاہے یہہ توبہ عوام کی ہے کہ صاحب اسکا مستحق بشارت ان [illegible]
تو خواص کی یہہ ہے کہ بری خلاق سے کہ واجب ہے پاک کرنا دل کا اون سے توبہ کرین اور توبہ محبون کی غفلت خدا سے اور شغول
ہے اور جانا چاہیے کہ گناہ کبیرہ ایمان سے تو خارج نہین کرتا لیکن فاسق و عاصی کر دیتا ہے اور گناہ کبیرہ اور صغیرہ کا بیان باب الکبائر
مین تفصیل سے کیا گیا ہے جو چاہے وہانسے دیکھلے اور صغیرہ گناہ بے انتہا ہین اور پرہیز کرنا بھی اون سے دشوار ہے اور بحسب مذہب مختار
لاتے ہین بشرطیکہ اصرار نہو صغیرہ پر اس لیے کہ صغیرہ بسبب اصرار کے کبیرہ ہو جاتا ہے پس مومن کو واجب ہے کہ کبائر سے بلکہ حتی المقدور
پرہیز کرے اور جانے کہ گناہ اگرچہ ایمان سے خارج نہین کر دیتے لیکن خوف اسکا ہے کہ رفتہ رفتہ انجام کار کو کفر و دوزخ کو نہ پہونچا دین اور
علاج گناہون سے بچنے کا یہہ ہے کہ ہر چیز مین حد ضرورت پر ٹھیرے اور وہ یہہ ہے لقمہ دفع کرنیوالا بھوک کو اور کپڑا ڈھانکنیوالا ستر کا اور مکان محافظ
کرنیوالا گرمی و سردی سے اور باسن ضروری اور ایک بیوی اگر ضرور ہو اور جانا چاہیے کہ بسبب تجاوز کرنیکے حد ضرور سے اور ساتھہ وسعت کرنیکے مباح
مین پڑتا ہے شبہات و مکروہات مین اور بسبب پڑنیکے مکروہات مین مرتکب حرام چیزون کا ہوتا ہے اور یہان سرحد اسلام کی تمام ہوتی ہے اور من بعد
اسکے گہ کفر و آگ کا ہے نعوذ باللہ منہ ع ح و تفسیر بحر العلوم **اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ** فصل پہلی **عَنْ** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ اِنِّیْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ فِی الْیَوْمِ اَکْثَرَ مِنْ سَبْعِیْنَ مَرَّةً رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ روایت ہے ابی ہریرہ
سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اللہ کی تحقیق مین البتہ استغفار کرتا ہون اللہ تعالی سے اور توبہ کرتا ہون طرف اوسکے دن مین
زیادہ ستر بار سے نقل کی یہہ بخاری **ف** توبہ و استغفار کرنا حضرت کا نہین تھا واسطے گناہ کے اس لیے کہ حضرت معصوم تھے بلکہ اس لیے
تھا کہ حضرت اپنے اعتقاد مین جانتے تھے کہ قصور ہوا مجھسے بندگی مین کہ لائق حضرت ذی الجلال والاکرام کی نہین ہوئی اور منظور رغبت
دلانی تھی امت کو توبہ و استغفار پر کہ حضرت باوجودیکہ معصوم اور خیر المخلوقات تھے جب اونہون نے توبہ و استغفار کو ہر دن زیادہ ستر بار سے تو گنہگاروں
کو بطریق اولی کثرت اسکی کرنی چاہیے فرمایا حضرت علی نے کہ تھین زمین مین دو امانین عذاب خدا سے پس ایک تو اوٹھہ گئی اور دوسری موجود
ہے پس چنگل مارو ساتھہ اوسکے وہ امان جو اوٹھہ گئی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم تھے اور وہ جو باقی ہے استغفار ہے فرمایا اللہ تعالی
وَمَا کَانَ اللّٰهُ لِیُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِیْهِمْ وَمَا کَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ یَسْتَغْفِرُوْنَ ع **وَعَنِ** الْاَغَرِّ الْمُزَنِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
وَسَلَّمَ اِنَّهٗ لَیُغَانُ عَلٰی قَلْبِیْ وَاِنِّیْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ فِی الْیَوْمِ مِائَةَ مَرَّةٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے اغر مزنی سے کہ کہا فرمایا رسول
صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق شان یہہ ہے کہ البتہ پردہ کیا جاتا ہے دل میرے پر اور تحقیق مین البتہ استغفار کرتا ہون اللہ سے بیچ دن کی سو بار **ف** اس
یہہ مسلم **ف** آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دوست رکھتے تھے کہ دل مبارک بروقت جناب باری مین حاضر رہے غافل نہو اور دہر سے پس بسبب
ہونیکے حضرت ان مباح کامون مین مثل کھانیکے اور بیویون سے خلطہ کرنیکے اور سوای انکی کے جو فی الجملہ اور دہر سے غفلت ہوتی تھی اسکو بہ نسبت اپنے
استغفار کرتے تھے اور اسکا اور بھی کتنے معنی لکھے ہین علمانے بخوف درازگی کے یہان نہین ذکر کیے اور مختار وہ ہے کہ جو بعضے اجو گون نے
یہہ ہے کہ یہہ حدیث متشابہات سے ہے علم اسکا اللہ اور رسول کو ہے ایمان اسپر لاوے اور در پے سمجھنے معنون اسکی کے نہووے ع ف
قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا اَیُّهَا النَّاسُ تُوْبُوْا اِلَی اللّٰهِ فَاِنِّیْ اَتُوْبُ اِلَیْهِ فِی الْیَوْمِ مِائَةَ مَرَّةٍ
کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اے لوگو توبہ کرو طرف اللہ کی پس تحقیق

Marfat.com

ان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیما
حرمت الظلم علی نفسی وجعلتہ بینکم محرما فلا تظالموا یا عبادی
فاستھدونی اھدکم یا عبادی کلکم جائع الا من اطعمتہ فاستطعمونی اطعمکم یا عبادی
فاستکسونی اکسکم یا عبادی انکم تخطئون باللیل والنھار وانا اغفر الذنوب جمیعا فاستغفرونی
انکم لن تبلغوا ضری فتضروونی ولن تبلغوا نفعی فتنفعونی یا عبادی لو ان اولکم واخرکم وانسکم
وجنکم کانوا علی اتقی قلب رجل واحد منکم ما زاد ذلک فی ملکی شیئا یا عبادی لو ان اولکم واخرکم وانسکم
وجنکم کانوا علی اتجر قلب رجل واحد منکم ما نقص ذلک من ملکی شیئا یا عبادی لو ان اولکم واخرکم وانسکم وجنکم قاموا
فی صعید واحد فسالونی فاعطیت کل انسان مسئلتہ ما نقص ذلک مما عندی الا کما ینقص المخیط اذا ادخل
البحر یا عبادی انما ھی اعمالکم احصیھا علیکم ثم اوفیکم ایاھا فمن وجد خیرا فلیحمد اللہ ومن وجد غیر ذلک
فلا یلومن الا نفسہ رواہ مسلم اور روایت ہے ابی ذر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ اون حدیثون کے کہ روایت کرتے
پروردگار اپنے اور بلند سے یعنی حدیث قدسی ہے یہہ کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے ای میری بندو تحقیق مینے حرام کیا ظلم اپنے اوپر یعنی پاک ہون مین ظلم سے پس وہ
تمہارے حق مین ایسا ہے جیسا اوگون کے حق مین حرام اور کیا مینے اوسکو درمیان تمہارے حرام پس نہ ظلم کرو آپس مین اے بندو میرے سب تم
گمراہ ہو مگر جسکو ہدایت کرون پس ہدایت چاہو مجھسے ہدایت کرونگا مین تمکو ای بندو میرے سب تم بھوکے ہو یعنے محتاج ہو طرف کھانے کے مگر جسکو
کھلاؤن مین یعنی اور فراخ کرون اوسپر رزق اور بے پروا کرون اوسکو پس مانگو کھانا مجھسے کھلاؤن گا مین تمکو ای بندو میرے سب تم ہو ننگے یعنی محتاج
ہو ستر عورت اور لباس کے مگر جسکو پہنے کو دیا مینے پس مانگو مجھسے لباس پہناؤن گا مین تمکو ای بندو میرے تحقیق تم یعنی اکثر تمہارے خطا کرتے ہو
رات کو اور دن اور مین بخشتا ہون گناہ سب پس بخشش مانگو مجھسے بخشونگا مین تمکو ای بندو میرے تحقیق تم ہرگز نہ پہونچوگے میرے ضرر کو تاکہ ضرر پہونچاؤ
مجھکو اور ہرگز نہ پہونچوگے نفع میرے کو تاکہ نفع پہونچاؤ مجھکو یعنی گناہ کرنے سے درگاہ صمدیت مین کچھ نقصان نہین اور طاعت کرنے سے کچھ فائدہ
نہین بلکہ نقصان و فائدہ تمہارے ہی لیے ہے چنانچہ آگے تفصیل سے فرمایا اسکو ای بندو میرے اگر تحقیق اگلے تمہارے اور پچھلے تمہارے اور آدمی تمہارے
اور جن تمہارے سب ملکر ہون اوپر بہت پرہیزگار دل ایک شخص کے تم مین سے نہ زیادہ کرے یہ سلطنت مین کچھ یعنی اگر تم نہایت پرہیزگار ہو یعنی
کسی شخص مین ہو جاؤ تو ہمارے ملک مین کچھ زیادتی نہین ہوتی ای بندو میرے اگر تحقیق اگلے تمہارے اور پچھلے تمہارے اور آدمی تمہارے اور جن تمہارے
سب ملکر ہون اوپر بدترین دل ایک شخص کے تم مین سے یعنی مانند شیطان کی ہو جاوے تو نہ گھٹے کچھ میری ملک مین سے کسی چیز کو ای بندو میرے اگر اگلے تمہارے
پچھلے تمہارے اور آدمی تمہارے اور جن تمہارے کھڑے ہون ایک مقام مین پھر مانگین مجھسے پس دون مین ہر آدمی کو موافق مانگنے اوسکے کے یعنی
دینا ہر ایک کو جو مانگے اور ایک ہی مکان مین نہ گھٹا وے وہ دینا اوس چیز سے کہ نزدیک میرے ہی مگر جیسے گھٹاتی ہے سوئی یعنی پانی کو جسوقت کہ ڈالی جاوے دریا
مین سوا میرے سوا اسکو نہین کہ اعمال تمہارے یاد رکھتا ہون اور لکھتا ہون تمپر پھر پورا دونگا مین تمکو بدلا اونکا پس جو شخص کہ پاوے بھلائی
کو پس چاہیے کہ حمد کرے پروردگار کی طرف سے پاوے اور عمل خیر کرے پس چاہیے کہ تعریف کرے اللہ کی اور جو پاوے سوای بھلائی کے یعنی برائی پس نہ ملامت
کرے مگر اپنے کو یہ حدیث صحیح ہوئی اوسکے نفس سے نقل کی یہہ مسلم نے **ف** سب تم گمراہ ہو یعنی ہر کمال اور سعادت دینیہ اور دنیویہ
سے مگر جسکو ہادی بین لوگ اوس حالت پر کہ انکی طبیعت مین ہے گمراہ ہون لیکن مین ہدایت کرتا ہون جسکو چاہتا ہون

Marfat.com

اور یہی معنی ہین اس قول صلی اللہ علیہ وسلم کے اِنَّ اللہ [illegible]

کُلُّ مَوْلُوْدٍ یُوْلَدُ عَلَی الْفِطْرَۃِ اسلیے کہ مراد فطرت سے توحید ہے اور مراد ضلالت سے نہ جاننا [illegible]

یعنی ہاتھہ توبہ و استغفار کے یا مراد یہہ ہے کہ سوای شرک کے بخشدیتا ہون اگر چاہتا ہون اور مگر جیسے گھٹاتی ہے سوئی کما طبی نے کہ گھٹانا سوئی کا [illegible]

کے نزدیک بلکہ وہ کالعدم ہے اس لیے اوسکے ساتھہ مشابہت دی والا اللہ کے خزانہ مین کمی کا کیا بائیگی اور کہا ابن ملک تو کہا جاوے

کسی ہے یعنی اگر فرض کرین نقصان اللہ کے خزانہ مین تو اسقدر ہوے ع **وَعَنْ** اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ

وَسَلَّمَ کَانَ فِیْ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ رَجُلٌ قَتَلَ تِسْعَۃً وَتِسْعِیْنَ اِنْسَانًا ثُمَّ خَرَجَ یَسْاَلُ فَاَتٰی رَاهِبًا فَسَاَلَهٗ هَلْ لَهٗ

جَعَلَ یَسْاَلُ فَقَالَ لَهٗ رَجُلٌ اِئْتِ قَرْیَۃَ کَذَا وَکَذَا فَاَدْرَکَهُ الْمَوْتُ فَنَاءَ بِصَدْرِهٖ نَحْوَهَا فَاخْتَصَمَتْ فِیْهِ مَلٰٓئِکَۃُ

الرَّحْمَۃِ وَمَلٰٓئِکَۃُ الْعَذَابِ فَاَوْحَی اللہُ اِلٰی هٰذِهٖ اَنْ تَقَرَّبِیْ وَاِلٰی هٰذِهٖ اَنْ تَبَاعَدِیْ فَقَالَ قِیْسُوْا مَا بَیْنَهُمَا فَوُجِدَ اِلٰی

اَقْرَبَ بِشِبْرٍ فَغُفِرَ لَهٗ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تھا بیچ بنی اسرائیل کے

ایک شخص کہ مارے ایک کم سو آدمی پھر نکلا یعنی اون مین سے پوچھتا تھا یعنی لوگون سے حال قبول ہونے توبہ اپنے کا پھر آیا ایک عابد زاہد پاس اور پوچھا اوس سے

پس کہا کیا ہے واسطے اسکے یعنی اس فعل کے واسطے اس کام کرنیوالے کے یعنی میری لیے توبہ یعنی قبول ہوگی یا نہین کہا اوس نے کہ نہین پس مار ڈالا اوس شخص نے

اوس عابد زاہد کو بھی اور شروع کیا پوچھنا پھر کہا اوسکو ایک شخص نے جا تو بستی فلانی کو ایسی ہین یعنی نام اوسکا لیا اور وصف اوسکا بیان کیا کہ وہ

خوب بستی ہے کہ اوس مین ایک عالم رہتا ہے فتوی دیگا تجکو قبول ہونے توبہ تیری پس آئی اوسکو موت یعنی جب اوس بستی کی طرف روانہ ہوا اور قریب آدھی

راہ کے پہونچا تو معلوم ہوئی اوسکو علامت مرنیکی پس جھکایا اوس نے سینہ اپنا طرف اوس بستی کے پس جھگڑی بیچ قبض کرنے روح اوسکی کے

فرشتے رحمت کے اور فرشتے عذاب کے پس حکم کیا اللہ تعالی نے اوس بستی کو کہ چلا تھا طرف اوسکے توبہ کے لیے یہہ کہ نزدیک ہو جا تو یعنی طرف بستی کے

اور حکم کیا طرف اوس بستی کے کہ راہب کو اوس مین مار کر چلا تھا یہہ کہ دور ہو جا میت سے پھر فرمایا اللہ تعالی نے یعنی اون فرشتون کو کہ ناپو تم

درمیان دونو بستیون کے یعنی جس بستی سے نزدیک ہوگا اوسی کے فرشتون کے حوالے ہوگا پس پایا گیا طرف اوس بستی کے کہ چلا تھا اوسکی طرف نزدیک تر

ایک بالشت پس بخشش کی گئی واسطے اوسکے نقل کی یہہ بخاری اور مسلم نے **ف** جھگڑے بیچ قبض کرنے روح اوسکی کے حضرت عزرائیل سے

اور کہا ابن ملک نے تھا یعنی کہا ملائکہ رحمت کے نے کہ ہم لیجاوینگے اوسکو طرف رحمت کے اس لیے کہ یہہ تائب تھا بسبب متوجہ ہونیکی طرف اس بستی کے

توبہ کے لیے اور کہا ملائکہ عذاب نے کہ ہم لیجاوینگے اسکو طرف عذاب کے اس لیے کہ مارا اسنے سو آدمیونکو اور نہین توبہ کی ابتک اور یہہ حدیث دلالت کرتی

ہے اوپر فراخ ہونے رحمت اللہ تعالی کے طالب توبہ کے لیے اور کہا طیبی نے تھا جب راضی ہوتا ہے اللہ تعالی اپنے بندے سے راضی کر دیتا ہے اوس سے دشمنون اپنے کو

اور حدیث مین رغبت دلائی توبہ پر اور منع کیا لوگون کو ناامید ہونے سے ع **وَعَنْ** اَبِیْ هُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ

وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَوْ لَمْ تُذْنِبُوْا لَذَهَبَ اللہُ بِکُمْ وَلَجَآءَ بِقَوْمٍ یُذْنِبُوْنَ فَیَسْتَغْفِرُوْنَ اللہَ فَیَغْفِرُ لَهُمْ رَوَاهُ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اوس ذات کی کہ جان میری ہے اوسکے ہاتھہ مین ہے اگر نہ گناہ کرو تم البتہ

اللہ تمکو اور البتہ لاوے ایک قوم کو کہ گناہ کرین پھر بخشش مانگین اللہ سے پس بخشے اللہ اونکو نقل کی یہہ مسلم نے **ف** مقصود بیان کرنا

رحمت اللہ تعالی کا ہے کہ وہ ایسا بخشنے والا ہے واسطے ظاہر کرنے معنی اسم غفور کے تا لوگ توبہ کرنے مین رغبت کرین اور مقنط [illegible]

اس لیے کہ اوس سے منع کیا ہے اور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی لیے بھیجا ہے [illegible]

Marfat.com

الشمس

یہ مسلم نے کہ بیشک اللہ تعالیٰ پھیلاتا ہی ہاتھہ اپنا رات کو تاکہ
توبہ کرے گناہ کی یہ والا رات کا یہانتک کہ نکلے آفتاب مغرب کی طرف سی نقل کی یہ مسلم نے
اس لیے کہ معلوم ہو لوگون کو کہ جب کسی سی کچھہ مانگتے ہین تو ہاتھہ پھیلاتے ہین اوسکی آگے پس معنی یہ ہین
یہ والا لیبون نے کہا کہ یہ کنایہ ہی وسعت مغفرت و رحمت سی اور یہانتک کہ نکلے آفتاب الخ یعنی جب طلوع ہوگا آفتاب
دروازہ توبہ کا بند ہوجاویگا پھر کسیکی توبہ نہین قبول ہونیکی ع **وعن** عائشة رض قالت قال رسول الله صلى الله
ان العبد اذا اعترف ثم تاب تاب الله عليه متفق عليه اور روایت ہی عائشہ سی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
جب اقرار کرتا ہی یعنی اپنے گناہ کا پھر توبہ کرتا ہی قبول کرتا ہی اللہ تعالیٰ توبہ اوسکی نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **وعن** ابی هريرة
قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من تاب قبل ان تطلع الشمس من مغربها تاب الله عليه رواه مسلم
روایت ہی ابی ہریرہ سی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو توبہ کرے پہلے نکلنے آفتاب کے مغرب کی طرف سی قبول کریگا اللہ تعالیٰ توبہ
نقل کی یہ مسلم نے **ف** کہا طیبی نے کہ یہہ حد ہی قبول ہونے توبہ کی کہ پہلے نکلنے آفتاب کے مغرب کی طرف سی توبہ قبول ہوتی ہی بعد ازان
ایک حد اسکی اور ہی کہ پہلی حالت غرغرہ کی توبہ کرے حالت غرغرہ کی توبہ بھی نہین قبول ہوتی ع **وعن** انس قال قال رسول
صلى الله عليه وسلم الله اشد فرحا بتوبة عبده حين يتوب اليه من احدكم كانت راحلته بارض فلاة
فيها طعامه وشرابه فايس منها فاتى شجرة فاضطجع في ظلها قد ايس من راحلته فبينما هو كذلك
عندها قائمة عنده فاخذ بخطامها ثم قال من شدة الفرح اللهم انت عبدي وانا ربك اخطاء من شدة الفرح
مسلم اور روایت ہی انس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے البتہ اللہ تعالیٰ بہت خوش ہوتا ہی ساتھہ توبہ کرنے بندے اپنے کی
کہ توبہ کرتا ہی طرف اوسکی بہ نسبت ایک تمھاری کی کہ ہو سوار ی اوسکی بیچ زمین جنگل کی پھر جاتی رہی سواری اوس سے اور اوسپر تھا کھانا
اوسکا پس ناامید ہوا اوس سے یعنی بعد تلاش کرنیکے پھر آیا ایک درخت کی پاس پس لیٹ رہا اوسکی سایہ مین ناامید ہوکر اپنی سواری سے
اس حالت کہ وہ تھا اسیطرح سے دیکھا کہ ناگہان سواری کھڑی ہی نزدیک اوسکی پس پکڑی مہار اوسکی پھر ہوا اوسکو نہایت خوشی کی یا الٰہی
تو بندہ میرا اور مین ہون رب تیرا چوک گیا ماری زیادتی خوشی کی نقل کی یہ مسلم نے **ف** کہا یون تھا کہ تو رب میرا ہی اور مین بندہ تیرا بسبب بیانات
خوشی ہوکر کہنے لگا بجای اوسکی کہ تو ہی بندہ میرا اور مین ہون رب تیرا مقصود بیان کرنا اسکا ہی کہ اللہ تعالیٰ بندی کی توبہ سے
زیادہ خوش ہوتا ہی اور توبہ قبول کرتا ہی اسکو مشابہت دی اوس شخص کے خوشی کی ساتھہ کہ گم ہوئی سواری اپنی جنگل مین پائی ح **وعن**
ابی هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان عبدا اذنب ذنبا فقال رب اذنبت فاغفره فقال ربه
علم عبدي ان له ربا يغفر الذنب ويأخذ به غفرت لعبدي ثم مكث ما شاء الله ثم اذنب ذنبا فقال رب
اذنبت آخر فاغفره فقال اعلم عبدي ان له ربا يغفر الذنب ويأخذ به غفرت لعبدي ثم مكث ما شاء الله
ثم اذنب ذنبا آخر فاغفره لي فقال علم عبدي ان له ربا يغفر الذنب ويأخذ به غفرت لعبدي
متفق عليه اور روایت ہی ابی ہریرہ سی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق ایک بندی نے یعنی اس امت

Marfat.com

مین سے یا اگلی امتون مین سے کیا گناہ پھر کیا ہے پر [illegible]
سے کیا جانا بندے میرے نے تحقیق اوسکے لیے پروردگار ہے بخشتا گناہ ہو[illegible]
یعنی جب چاہتا ہے جسکے لیے چاہتا ہے بخشا مینے بندے اپنے کو پھر ٹھہرا یعنی گناہ کرنے سے ایک مدت تک چاہا اللہ
پھر کیا مینے گناہ پس بخشا اوسکو پس فرمایا اللہ تعالیٰ نے کیا جانا بندے میرے نے تحقیق اوسکے لیے پروردگار ہے بخشتا
بخشا مینے بندے اپنے کو پھر ٹھہرا بندہ اوس مدت تک کہ چاہا اللہ نے پھر کیا گناہ کہا اے پروردگار میرے کیا مینے گناہ اور پس بخشا
پس فرمایا کیا جانا بندے میرے نے کہ تحقیق واسطے اوسکے پروردگار ہے بخشتا ہے گناہ اور پکڑتا ہے ساتھ اوسکے بخشا یعنی بندے اپنے کو پھر
جو چاہے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** کہے جو چاہے یعنی جبتک استغفار کرتا رہے حاصل یہ کہ جبتک کہ گناہ کرتا رہیگا اور استغفار
گا بخشوںگا گناہ اوسکے مقصود بیان کرنا فضیلت استغفار کا ہے اور تاثیر اوسکی کا بخشش گناہون مین نہ امر ساتھ گناہ کے ع ع
جُنْدُبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ وَاللّٰهِ لَا يَغْفِرُ اللّٰهُ لِفُلَانٍ وَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَتَاَلَّى
عَلَيَّ اَنِّيْ لَا اَغْفِرُ لِفُلَانٍ فَاِنِّيْ قَدْ غَفَرْتُ لِفُلَانٍ وَاَحْبَطْتُ عَمَلَكَ اَوْ كَمَا قَالَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے جندب سے یہ کہ رسول
خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث بیان فرمائی کہ ایک شخص نے یعنی اس امت مین سے یا اگلی امتون مین سے کہا قسم ہے خدا کی نہین بخشیگا اللہ فلانے
کو اور حدیث بیان فرمائی حضرت نے کہ تحقیق اللہ تعالیٰ نے فرمایا کون شخص ہے کہ قسم کہاتا ہے مجپر یہ کہ نہ بخشونگا فلانیکو پس تحقیق مینے بخشا فلانے کو اور ناپید کیا عمل تیرا یا ما
اوسکو کہا نقل کی یہ مسلم نے **ف** کوئی شخص گناہ بہت کرتا تھا اوسکو کسی نے کہا کہ فلانے کو اللہ نہین بخشیگا کہی یہ بات ازراہ تکبر کے کہ اوسکو
بہت گنہگار جانا اور اپنے کو اچھا جانا جیسیکہ صادر ہوتی ہے بعضے جاہل صوفیون سے اور ناپید کیا عمل تیرا یعنی باطل اور رہوئی کی مینے قسم تیری حاصل
یہ کہ اوس قسم کہانیوالے نے جو یقین کیا تھا اوسکے نہ بخشے جانیکا اوسپر عتاب ہوا اور وہ بخشا گیا پس جائز نہین ہے کسیکو قطعی دوزخی یا جنتی کہنا
مگر جنکو حق مین نص وارد ہوئی ہے مضائقہ نہین اونکو کہنا ع **وَعَنْ** شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
سَيِّدُ الْاِسْتِغْفَارِ اَنْ تَقُوْلَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ
اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ قَالَ وَمَنْ قَالَهَا مِنَ
النَّهَارِ مُوْقِنًا بِهَا فَمَاتَ مِنْ يَوْمِهٖ قَبْلَ اَنْ يُمْسِيَ فَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَمَنْ قَالَهَا مِنَ اللَّيْلِ وَهُوَ مُوْقِنٌ بِهَا فَمَاتَ
قَبْلَ اَنْ يُصْبِحَ فَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ اور روایت ہے شداد بن اوس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
افضل استغفار یہ ہے کہ کہے تو یا الٰہی تو ہی ہے پروردگار میرا نہین کوئی معبود مگر تو پیدا کیا تو نے مجکو اور مین بندہ تیرا ہون اور مین تیرے
عہد پر ہون یعنی مستقیم ہون اوپر وفا کرنے عہد میثاق کے اور تیرے وعدے پر ہون یعنی یقین کرنیوالا ہون ساتھ وعدے تیری کے جہنم کے
ہونیکا اور سوائے اسکی کا جو کیا ہے بقدر طاقت اپنی کے پناہ مانگتا ہون ساتھ تیری برائی اوس چیز کے سے کی مینے اقرار کرتا ہون مین
نعمتون تیری کے کہ مجپر ہین اور اقرار کرتا ہون مین ساتھ گناہون اپنے کے پس بخش مجکو پس تحقیق نہین بخشتا گناہون کو مگر تو فرمایا جسنے
پڑھے ان لفظونکو دن مین یقین کرکے معنون انکی پر پھر مرے اوسدن پہلے شام ہونیکے پس وہ بہشتیون مین سے ہے اور جو کوئی پڑھے یہ الفاظ رات کو اور یقین کرے معنون
ان الفاظ کی پھر مرے پہلے صبح کے پس وہ بہشتیون مین سے نقل کی یہ بخاری نے **اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ** فصل دوسری **عَنْ** اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ
وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَا ابْنَ اٰدَمَ اِنَّكَ مَا دَعَوْتَنِيْ وَرَجَوْتَنِيْ غَفَرْتُ لَكَ عَلٰى مَا كَانَ

Marfat.com

[illegible] قال الترمذی ھذا حدیث حسن غریب

فرماتا ہی اللہ تعالیٰ اے بیٹے آدم کے تحقیق تو جبتک کہ مانگیگا مجھسے یعنی بخشش گناہونکی اور امید رکھیگا
[illegible] یعنی تیرا بخشنا کچھ بڑی چیز نہین میرے نزدیک اگرچہ بڑا گنہگار ہو تو اے بیٹے آدم کے اگر پہونچیں گناہ
[illegible] نہین پروا کرتا مین بیشمار گناہون پر تیرے اے بیٹے آدم کے تحقیق تو اگر ملیگا مجھسے ساتھہ بھری مین کے خطاؤن سے پھر ملونگا تجھسے اس حال
[illegible] پاس ساتھہ بھری تی زمین کے از روی بخشش کی نقل کی یہہ ترمذی نے اور نقل کی احمد اور دارمی نے ابی ذر سے اور

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى مَنْ عَلِمَ اَنِّیْ ذُوْ قُدْرَةٍ عَلَى
[illegible] غَفَرْتُ لَهٗ وَلَا اُبَالِیْ مَا لَمْ يُشْرِكْ بِیْ شَيْئًا رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ اور روایت ہی ابن عباس سے کہ نقل کی رسول خدا صلی اللہ
[illegible] کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے جس شخص نے جانا کہ مین صاحب قدرت ہون اوپر بخشنے گناہون کے بخشتا ہون واسطے اوسکے اور نہین پروا کرتا مین جبتک کہ نہ شریک کرے
[illegible] کو نقل کی یہہ شرح السنہ مین **ف** دلالت کرتی ہی یہہ حدیث اسپر کہ جاننا بندیکا اسکو کہ اللہ قادر ہی مغفرت گناہون پر سبب اسے مغفرت کا
[illegible] جو کوئی جانتا ہی کہ اللہ تعالیٰ قادر ہی گناہون کے بخشنے پر امید رکھتا ہی اوس سے اور جو کوئی امید رکھتا ہی کریم سے وہ محروم نہین کیجاتا اوسکو پس یہہ حدیث
[illegible] حدیث کی ہی اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ منقول ہی کہ حماد بن سلمہ نے عیادت کی سفیان ثوری کی پس کہا سفیان نے حماد سے کہ آیا گمان کرتا ہے تو
[illegible] اللہ بمہ جیسکو کہا حماد نے اگر اختیار دیا جاؤن مین درمیان حساب لینے اللہ کے مجھسے اور درمیان حساب لینے باپ اپنی کے تو اللہ ہی کو مین اختیار
[illegible] اس لیے کہ اللہ زیادہ باپ سے رحم کرتا ہے مجھپر حاصل یہہ کہ تم امیدوار مغفرت کے رہو وہ ارحم الراحمین ہے ع ح **وَعَنْهُ** قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
[illegible] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَزِمَ الْاِسْتِغْفَارَ جَعَلَ اللّٰهُ لَهٗ مِنْ ضِيْقٍ مَخْرَجًا وَمِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا وَرَزَقَهٗ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ رَوَاهُ اَحْمَدُ
[illegible] دَ وَابْنُ مَاجَةَ اور روایت ہی ابن عباس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی لازم کریگا استغفار کو گردانا ہی اللہ تعالیٰ
[illegible] ماجہ
[illegible] کو ہر تنگی سے راہ نکلنے کی اور ہر غم سے خلاصی اور روزی دیتا ہی اوسکو یعنی حلال طیب اوس جگہہ سے کہ نہین گمان کرتا نقل کی یہہ احمد اور ابو داؤد ابن
[illegible] لازم کرے یعنی وقت صادر ہونے گناہ کے اور ظاہر ہونے بلا کے پڑا کرے یا معنی یہہ ہین کہ مداومت کرے اوسپر اسلیے کہ ہر دم مین محتاج ہی اوسکا
[illegible] ہی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے طُوْبٰی لِمَنْ وَجَدَ فِیْ صَحِيْفَتِهٖ اِسْتِغْفَارًا كَثِيْرًا اور یہہ فضیلت مذکور والے کی ہی کہ جو کوئی لازم کرتا ہی استغفار
[illegible] اور اعتماد اللہ پر ہوتا ہی اور بخشے جاتے ہین گناہ اوسکے پس بیچ حکم متقی اور متوکل کے [illegible] اوسکی شان مین یہہ آیت وارد ہوئی ہے
[illegible] لَهٗ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ پس یہہ حدیث اس آیت سے نکالی گئی ہی اور فضیلت استغفار کی

ہوتا اوسکا اس آیت سے بھی ثابت ہوتا ہی فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ
[illegible] لَكُمْ اَنْهٰرًا منقول ہی حسن بصری سے کہ ایک شخص نے شکوہ کیا اون سے قحط سالی کا پس کہا استغفار اللہ سے پھر شکوہ کیا ایک اور شخص نے
[illegible] کمی اولاد کا پھر ایک اور نے کمی پیدائش کا زمین اپنی مین پس سبھونکو حکم کیا استغفار کا پس کہا گیا اون سے کہ شکوہ کیا لوگون نے
[illegible] اور حکم کیا تمنے اون سبھونکو استغفار کرنیکا پس پڑھی اونھون نے آیت فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا الخ یعنی جتنے جواب دیے ہین سب اس آیت سے ثابت
[illegible] ابی بکر الصدیق قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَصَرَّ مَنِ اسْتَغْفَرَ وَاِنْ عَادَ فِی الْيَوْمِ سَبْعِيْنَ
[illegible] دَ وَابْنُ مَاجَةَ اور روایت ہی ابی بکر صدیق رضی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین دوام کیا گناہ پر اوس شخص نے

Marfat.com

کہ استغفار کی اگرچہ عود کرے دن مین ستر بار یعنی بار بار وہی گناہ کرے [illegible]
کبیرہ ہوتا ہی اور اصرار کبیرہ پر کفر کو پہونچاتا ہی پس فرمایا جو کوئی استغفار کرتا ہی اور [illegible]
ہی جو استغفار نکرے اور نادم نہووے ۔ فصل ۔ **وَعَنْ** اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ بَنِيْ اٰدَمَ [illegible]
التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ اور روایت ہی انس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو بنی آدم
اس لیے کہ وہ معصوم ہین خطا سی اور بہترین خطا کرنیوالون کی توبہ کرنیوالے ہین نقل کی یہہ ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے **وَعَنْ**
قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا اَذْنَبَ كَانَتْ نُكْتَةٌ سَوْدَاءُ فِيْ قَلْبِهٖ فَاِنْ تَابَ وَاسْتَغْفَرَ صُقِلَ
زَادَ زَادَتْ حَتّٰى تَعْلُوَ قَلْبَهٗ فَذٰلِكُمُ الرَّانُ الَّذِيْ ذَكَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ رَوَاهُ
وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ اور روایت ہی ابی ہریرہ سی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی
نے تحقیق مومن جب گناہ کرتا ہی ہوتا ہی ایک نقطہ سیاہ اوسکے دل مین پہر اگر توبہ کرتا ہی اور طلب بخشش کی کرتا ہی صاف کیا جاتا ہی دل اوسکا اور اگر زیادہ
کیا گناہ زیادہ ہوتا ہی وہ نقطہ یہانتک کہ چھا جاتا ہی اوسکے دل پر پس یہہ ہی ران یعنی زنگ کہ ذکر کیا اللہ تعالیٰ نے اس آیت مین ہرگز نہین یون بلکہ زنگ
باندہا ہی اونکے دلون پر اوس چیز نے کہ تھے کرتے یعنی گناہ یہانتک کہ نہین باقی رہی دلون مین خیر ہرگز نقل کی یہہ احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی
نے یہہ حدیث حسن صحیح ہی **ف** چھا جاتا ہی یعنی ڈھانپ لیتا ہی نور دل کو پس اندہا ہوتا ہی بینائی دلکی سی پس نہین دیکھتا کوئی چیز علمون نافع دینوالی
سی اور حکمتون فائدہ مند سی اور جاتی رہتی ہی شفقت و رحمت کہ نہ اپنے پر رحم کرتا ہی نہ اورون پر اور ثابت ہوتی ہین اوسکے دل مین آثار ظلم اور فتنہ
کی اور جرات کرتا ہی گناہ پر ۔ ع **وَعَنِ** ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ تَوْبَةَ الْعَبْدِ مَا لَمْ
يُغَرْغِرْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ اور روایت ہی ابن عمر سی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ تعالیٰ قبول کرتا ہی
توبہ بندے کی جبتک کہ نہین خرہ لگتا نقل کی یہہ ترمذی اور ابن ماجہ نے **ف** جبتک کہ خرہ نہین لگتا ہی یعنی جبتک کہ یقین نہین ہوتا موت کا جبتک توبہ
مقبول ہی اور جب یقین ہو موت کا توبہ نہین مقبول اور ظاہر اس حدیث سی یہہ معلوم ہوتا ہی کہ مطلق توبہ وقت مرنیکے نہین درست خواہ توبہ کفر سے
کرے خواہ گناہ سی اور ظاہر آیت لیست التوبۃ الخ سی بھی یہی معلوم ہوتا ہی اور بعضون نے کہا ہی کہ توبہ گناہون سی صحیح ہی نہ کفر سی پس انکے نزدیک ایمان یاس کا
غیر مقبول ہی اور توبہ یاس کی مقبول ہی اور کہا طیبی نے کہ یہہ حکم گناہون سی توبہ کرنیکا ہی اور اگر کسی سے حق اوسکا بخشوا دے ایسی حالت مین صحیح
ہی ۔ ح **وَعَنْ** اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّيْطٰنَ قَالَ وَعِزَّتِكَ يَا رَبِّ لَا اَبْرَحُ اُغْوِيْ
عِبَادَكَ مَا دَامَتْ اَرْوَاحُهُمْ فِيْ اَجْسَادِهِمْ فَقَالَ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ وَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ وَارْتِفَاعِ مَكَانِيْ لَا اَزَالُ اَغْفِرُ لَهُمْ
مَا اسْتَغْفَرُوْنِيْ رَوَاهُ اَحْمَدُ اور روایت ہی ابی سعید سی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق شیطان نے عرض کیا پروردگار
عزت کی اے رب میرے ہمیشہ گمراہ کرتا رہونگا میں تیرے بندون کو جبتک کہ ارواح اونکے بدنون اونکی مین ہونگی پس فرمایا پروردگار عزوجل نے
عزت اور بزرگی کی اور بلندی مرتبہ اپنی کی کہ ہمیشہ بخشتا رہونگا مین اونکو جبتک کہ بخشش مانگتے رہینگے جسکو نقل کی یہہ احمد نے **وَعَنْ**
بْنِ عَسَّالٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى جَعَلَ بِالْمَغْرِبِ بَابًا عَرْضُهٗ مَسِيْرَةُ سَبْعِيْنَ عَامًا
لَا يُغْلَقُ مَا لَمْ تَطْلُعِ الشَّمْسُ مِنْ قِبَلِهٖ وَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى يَوْمَ يَاْتِيْ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا
مِنْ قَبْلُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ اور روایت ہی صفوان بن عسال سی کہ کہا فرمایا رسول خدا

Marfat.com

[illegible] نفع دیگا کسی جانکو ایمان [illegible]
ہے ترمذی اور ابن ماجہ **ف** توبہ کرلیے یعنی کہلا ہوا ہی توبہ کرنیوالونکی لیے یا ملامت ہے
[illegible] لوگونکے لیے دروازہ توبہ کا کہلا ہوا ہی جبتک کہ آفتاب مغرب کی طرف سی نہین نکلتا جب اوسے نکلا تو
[illegible] نہین قبول ہوویگا ایمان اوز توبہ گناہون سی اور اوسدن کہ آویگی الخ یعنی ظاہر کریگا بعضی نشانیان [illegible]
[illegible] طلوع ہونا آفتاب کا ہی مغرب سی اور باقی آیت یہہ ہی اَوْ کَسَبَتْ فِیْ اِیْمَانِہَا خَیْرًا یعنی یا نہ تھی جان کہ کی حالت ایمان اپنی لے
[illegible] نفع دیگی اوسکو توبہ حاصل آیت کا یہہ ہی کہ جسدن آفتاب مغرب کی جانب سی نکلیگا تو جو کوئی پہلے اوسکے ایمان نہ لایا ہوگا یا ایمان پر
[illegible] گناہون سی توبہ نکی ہوگی تو اوسکو ایمان یا توبہ اوسدن سی نہ نفع دیگی ع **وَعَنْ** مُعَاوِیَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
[illegible] الہجرۃ حتی تنقطع التوبۃ ولا تنقطع التوبۃ حتی تطلع الشمس من مغربہا رواہ احمد وابو داؤد والدارمی اور روایت ہے معاویہ سے کہ کہا فرمایا
[illegible] صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین موقوف ہوگی ہجرت یعنی گناہون سی طرف توبہ کی یہانتک کہ موقوف ہو توبہ اور نہین موقوف ہوگی توبہ یہانتک نکلے
[illegible] آفتاب مغرب کی طرف سی نقل کی یہہ احمد اور ابو داؤد اور دارمی **ف** یعنی جبتک توبہ موقوف نہین ہوتی یعنی قبول ہوتی ہی تب تلک گناہون سے
[illegible] پاک ہوسکتا ہی اور جب توبہ موقوف ہوگی گناہون سی نہین پاک ہوسکیگا اور توبہ جب موقوف ہوگی کہ آفتاب مغرب سی نکلیگا حاصل یہہ کہ جبتک
[illegible] آفتاب مغرب سی نہین نکلتا توبہ کرکر پاک ہوسکتا ہی اور جب اودہر سی نکلیگا تو توبہ سی نہین پاک ہونیکا ع **وَعَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ رَجُلَیْنِ کَانَا فِیْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ مُتَحَابَّیْنِ اَحَدُھُمَا مُجْتَہِدٌ فِی الْعِبَادَۃِ وَالْاٰخَرُ یَقُوْلُ وَذَنْبٌ فَجَعَلَ یَقُوْلُ
[illegible] ما انت فیہ فیقول خلنی وربی حتی وجدہ یوما علی ذنب استعظمہ فقال اقصر فقال خلنی وربی اوبعثت علی رقیبا
[illegible] واللہ لا یغفر اللہ لک ابدا ولا یدخلک الجنۃ فبعث اللہ الیہما ملکا فقبض ارواحہما فاجتمعا عندہ فقال للمذنب
[illegible] الجنۃ برحمتی وقال للآخر اتستطیع ان تحظر علی عبدی رحمتی فقال لا یا رب قال اذہبوا بہ الی النار رواہ احمد
ترجمہ ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق دو شخص تھے بنی اسرائیل مین آپس مین دوست ایک اون مین سے کوشش کرتا تھا
[illegible] کرنے مین اور دوسرا کہتا تھا کہ مین گنہگار ہون یعنی اقرار کرتا تھا اپنے گناہ کا پس شروع کیا [illegible] کہ کہتا تھا گنہگار کو باز آ اوس
[illegible] مین ہی یعنی گناہ سی پس کہتا گناہ گار کہ چھوڑ مجکو ساتھہ پروردگار میری کے یعنی اس لیے کہ وہ غفور الرحیم ہی یہانتک کہ پایا اوس عابد نے
[illegible] ایک گناہ پر کہ بڑا جانا اوسکو پس کہا باز آ پس کہا گنہگار نے چھوڑ دی مجکو ساتھہ پروردگار میری کے کیا بھیجا گیا ہی تو مجہپر داروغہ پس کہا
[illegible] نے قسم ہی خدا کی نہین بخشیگا اللہ تجکو کبھی اور نہ داخل کریگا تجکو بہشت مین پس بھیجا اللہ تعالیٰ نے طرف اون دونون کی فرشتہ پھر
[illegible] دونون کی پس اکٹھی ہوئی دونون یعنی ارواحین اونکی نزدیک اللہ تعالیٰ کے یعنی برزخ مین یا عرش کے نیچے پس فرمایا
[illegible] بہشت مین بسبب رحمت میری کے اور فرمایا دوسرے کو کہ کیا طاقت رکھتا ہی تو یہہ کہ محروم کرے بندے میرے کو رحمت میری سے پس کہا
[illegible] طاقت رکھتا ہون اے پروردگار میرے فرمایا پروردگار نے فرشتون کو یعنی جو کہ دوزخ پر متعین ہین کہ لیجاؤ اوسکو طرف دوزخ کے نقل
[illegible] ہی یہہ عجب و اعتماد کیا اپنے عمل پر اور حقیر جانا اوس گنہگار کو اور کہا کہ اللہ تعالیٰ نہین بخشیگا تجکو مستحق عذاب کا ہوا اسی لیے
[illegible] ذلیل و حقیر جاننے کا اپنے تئین وہ بہتر ہی اوس طاعت سی کہ لازم کری عجب و تکبر کو ع **وَعَنْ** اَسْمَاءَ

Marfat.com

...نت یزید قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ

اِنَّ اللّٰہَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا لَا یُبَالِیْ رواہ احمد والترمذی وقال ھذا

اور روایت ہی اسمار بیٹی یزید کی سی کہ کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ پڑھتے تھے یہ آیت اے میرے بندو کہ زیادتی کی ہے

ناامید مت ہو رحمت خدا کی سے اسواسطے کہ اللہ تعالیٰ بخشتا ہی گناہ سب اور نہیں پروا کرتا نقل کی یہ احمد اور ترمذی نے

اور شرح السنۃ میں لفظ یقول کا ہی بدلے یقرا کے **ف** بخشتا ہی گناہ یعنی کافروں کے ساتھ توبہ کی اور مومنوں کے ساتھ توبہ اور بغیر

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِیْ قَوْلِ اللّٰہِ اِلَّا اللَّمَمَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنْ تَغْفِرِ اللّٰھُمَّ تَغْفِرْ جَمًّا وَاَیُّ

لَا اَلَمًا رواہ الترمذی وقال ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ اور روایت ہی ابن عباس سے بیچ تفسیر قول اللہ تعالیٰ کے الا

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر بخشے تو یا الٰہی تو بخشدے بڑے گناہ اور کونسا بندہ تیرا ہی کہ جسنے نہیں کیے چھوٹے گناہ نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا

حدیث حسن صحیح غریب ہی **ف** ساری آیت یون ہی وَالَّذِیْنَ یَجْتَنِبُوْنَ کَبَائِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ اِنَّ رَبَّکَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَۃِ یعنی جو لوگ

پرہیز کرتے ہین بڑے گناہون سے اور بے حیائیونسے سوای چھوٹے گناہونکے تحقیق پروردگار تیرا فراخ کرنیوالا ہی مغفرت کا پس اس آیت مین جو ہی سوای چھوٹے گناہونکے

اسپر حضرتؐ نے بطور سند کے شعر مذکور پڑہا کہ اس سے بھی معلوم ہوتا ہی کہ مومن خالی نہین ہے چھوٹے گناہون سے اور حاصل یہ ہی کہ شان و فضل تیرا ایسا ہی کہ

اگر چاہی تو بخشے تو کبیرہ گناہونکو چھوٹون کی تو کیا حقیقت ہی اور کونسا بندہ تیرا ہی کہ چھوٹے گناہ نہین کرتا اور تو نہین بخشتا بلکہ جہاڑ دیتا ہی اونکو

بسبب نیکیون کے اور یہ شعر امیہ بن ابی صلت کا ہی کہ ایام جاہلیت کی شاعرون مین سے ہی بہت عبادت کرتا تہا اوسوقت مین اور ایمان رکھتا تہا

قیامت پر پایا زمانہ اسلام کا لیکن مسلمان نہین ہوا اور وہ شعر حکمت امیز کہتا تہا اسلیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اوسکا شعر سنتے تہے اور خود بھی

کبھی پڑہتے تھے **وَعَنْ** اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی یَا عِبَادِیْ کُلُّکُمْ ضَالٌّ اِلَّا

مَنْ ھَدَیْتُ فَسَلُوْنِی الْھُدٰی اَھْدِکُمْ وَکُلُّکُمْ فُقَرَاءُ اِلَّا مَنْ اَغْنَیْتُ فَسَلُوْنِیْ اَرْزُقْکُمْ وَکُلُّکُمْ مُذْنِبٌ اِلَّا مَنْ عَافَیْتُ

فَمَنْ عَلِمَ مِنْکُمْ اَنِّیْ ذُوْ قُدْرَۃٍ عَلَی الْمَغْفِرَۃِ فَاسْتَغْفَرَنِیْ غَفَرْتُ لَہٗ وَلَا اُبَالِیْ وَلَوْ اَنَّ اَوَّلَکُمْ وَاٰخِرَکُمْ وَحَیَّکُمْ وَمَیِّتَکُمْ

وَرَطْبَکُمْ وَیَابِسَکُمْ اجْتَمَعُوْا عَلٰی اَتْقٰی قَلْبِ عَبْدٍ مِنْ عِبَادِیْ مَا زَادَ ذٰلِکَ فِیْ مُلْکِیْ جَنَاحَ بَعُوْضَۃٍ وَلَوْ اَنَّ اَوَّلَکُمْ

وَاٰخِرَکُمْ وَحَیَّکُمْ وَمَیِّتَکُمْ وَرَطْبَکُمْ وَیَابِسَکُمْ اجْتَمَعُوْا عَلٰی اَشْقٰی قَلْبِ عَبْدٍ مِنْ عِبَادِیْ مَا نَقَصَ ذٰلِکَ مِنْ مُلْکِیْ

جَنَاحَ بَعُوْضَۃٍ وَلَوْ اَنَّ اَوَّلَکُمْ وَاٰخِرَکُمْ وَحَیَّکُمْ وَمَیِّتَکُمْ وَرَطْبَکُمْ وَیَابِسَکُمْ اجْتَمَعُوْا فِیْ صَعِیْدٍ وَاحِدٍ فَسَاَلَ کُلُّ اِنْسَانٍ

مِنْکُمْ مَا بَلَغَتْ اُمْنِیَّتُہٗ فَاَعْطَیْتُ کُلَّ سَائِلٍ مِنْکُمْ مَا نَقَصَ ذٰلِکَ مِنْ مُلْکِیْ اِلَّا کَمَا لَوْ اَنَّ اَحَدَکُمْ مَرَّ بِالْبَحْرِ فَغَمَسَ

اِبْرَۃً غَمْسَۃً ثُمَّ رَفَعَھَا ذٰلِکَ بِاَنِّیْ جَوَادٌ مَاجِدٌ اَفْعَلُ مَا اُرِیْدُ عَطَائِیْ کَلَامٌ وَعَذَابِیْ کَلَامٌ اِنَّمَا اَمْرِیْ لِشَیْءٍ اِذَا اَرَدْتُّہٗ

اَنْ اَقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ رواہ احمد والبیہقی فی والترمذی وابن ماجۃ اور روایت ہی ابی ذر کی کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ

اللہ تعالیٰ اے بندو میرے سب تم گمراہ ہو راہ مگر جسکو ہدایت کی مینے پس مانگو مجھسے ہدایت ہدایت کرونگا مین تمکو اور سب تم محتاج ہو مگر جسکو

مین نے غنی کیا مینے پس مانگو مجھسے روزی دونگا مین تمکو یعنی حلال اور طیب اور سب تم ہو گنہگار یعنی مقصور ہو سب سے گناہ مگر جسکو

یعنی انبیا کو پس جسنے جانا تم مین سے کہ تحقیق مین قدرت والا ہون بخشنے پر پھر بخشش مانگی مجھسے بخشونگا مین اوسکو پروا نہین

رکھتا مین اور اگر اگلے تمہارے اور پچھلے تمہارے اور زندے تمہارے اور مردے تمہارے اور تر تمہارے اور خشک تمہارے

[illegible] تمہاری اور تر تمہاری اور خشک
[illegible] ایسا یعنی ہر ایک حکم کرے یہہ میری ملک مین سے بقدر بازو مچھر کے اور اگر تحقیق
[illegible] تمہاری اور مردے تمہاری اور تر تمہاری اور خشک تمہاری جمع ہون ایک جگہہ مین پھر مانگے ہر آدمی ترمین سے
[illegible] یعنی جو حاجت دل مین رکھتا ہو پھر دون مین ہر مانگنے والے کو تم مین سے یعنی مقدار اوسکے نہ کم کرے یہہ یعنی [illegible]
[illegible] ایک تم مین کا گذرے دریا پر پھر ڈالے اوس مین سوئی پھر اوٹھاوے اوسکو یعنی بالفرض التقدیر اگر کمی ہو تو اتنی ہو
[illegible] ملک جاتا ہو دلالہ اوسکے ملک مین کمی کا کیا بانیہ وہ کتنا ہی دے اوسکے ہان ہرگز کمی نہین ہوتی یعنی نہ کم ہونا یا روا کرنا حاجتونکا
[illegible] کہ مین بہت سخی ہون بہت دینے والا کرتا ہون جو چاہتا ہون یعنی یہہ تمام سخاوت وکرم ساتھہ ارادہ اور اختیار میری کے ہی ارادہ
[illegible] مین دینا میرا حکم کرنا ہی اور عذاب میرا حکم کرتا ہی یعنی ایک حکم مین یہہ سب کرتا ہون محتاج اسباب کا نہین ہے امر میرا واسطے
[illegible] چیز کے جسوقت کہ چاہتا ہون مین یعنی پیدا کرنا اوسکا مگر یہہ کہ کہتا ہون مین اوس چیز کو ہو جا پس ہو جاتی ہی نقل کی یہہ احمد اور ترمذی اور
ابن ماجہ نے **وعن** انس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قرأ ھو اھل التقوی واھل المغفرۃ قال قال ربکم
انا اھل ان اتقی فمن اتقانی فانا اھل ان اغفر لہ رواہ الترمذی وابن ماجہ والدارمی
اور روایت ہی انس سے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہہ کہ اونہون نے پڑہی یہہ آیت کہ وہی صاحب ہے تقوی کا اور بخشش کا فرمایا حضرت نے
[illegible] تفسیر آیت مذکورہ کو کہ فرمایا رب تمہارے نے کہ مین لائق اسکے ہون کہ لوگ پرہیز کرین شرک کرنے سے ساتھہ میرے اور [illegible] کوئی پرہیز کرتا ہی شرک کرنے
سے ساتھہ میرے پس مین ہون لائق اسکے کہ بخشون مین اوسکو نقل کی یہہ ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے مضمون اس آیت کا مانند
مضمون اس آیت کے ہے ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ ویغفر ما دون ذلک لمن یشاء یعنی تحقیق اللہ نہین بخشتا یہہ کہ شریک کیا جاوے ساتھہ
اوسکے اور بخشتا ہی سوای اسکے واسطے جسکے کہ چاہتا ہی ع **وعن** ابن عمر قال ان کنا لنعد لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی
المجلس یقول رب اغفر لی وتب علی انک انت التواب الغفور مائۃ مرۃ رواہ احمد والترمذی وابو داؤد وابن ماجۃ
اور روایت ہی ابن عمر سے کہ کہا تحقیق تہی ہم البتہ گنتے واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک مجلس مین [illegible] پروردگار میرے بخش واسطے
[illegible] قبول کر توبہ میری تحقیق تو ہی ہی توبہ قبول کرنیوالا بخشنے والا نقل کی یہہ احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے **وعن** بلال
[illegible] مولی النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال حدثنی ابی عن جدی انہ سمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
[illegible] استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ غفر لہ وان کان قد فر من الزحف رواہ
[illegible] ولکنہ عند ابی داؤد وھلال ابن یسار وقال الترمذی ھذا حدیث غریب اور روایت ہی بلال سے
[illegible] مولی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا تہا کہ کہا حدیث کی مجھسے باپ میرے نے نقل کی دادا میری سے یہہ کہ اونہون نے سنا رسول خدا
[illegible] کہ جو کوئی بخشش کی کرتا ہون مین اللہ سے وہ اللہ کہ نہین کوئی معبود مگر وہ زندہ خبر گیری کرنیوالا اور توبہ کرتا ہون
[illegible] اگرچہ بھاگا ہو لڑائی کفار کی سے کہ کبیرہ گناہ ہی نقل کی یہہ ترمذی اور ابو داؤد نے لیکن نزدیک ابی داؤد
[illegible] لفظ الحی القیوم کو زبر ہی ہو اور پیش بھی لیکن زبر مشہور تر اکثر روایتون مین ہے

اور جب استغفار پڑھے تو صدق دل سے اور اچھا یہ ہے

اپنی کر عیاذا باللہ منہ ع **الفصل الثالث** [illegible]

انَّ اللّٰہ عزَّ وجلَّ لیرفع الدرجۃ للعبد الصالح فی الجنۃ فیقول یا ربِّ انّی لی ھذہ فیقول

روایت ہی ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ عزوجل البتہ بلند کرتا ہی درجہ

بندہ ای پروردگار میرے کہان سی حاصل ہوا مجکو یہہ درجہ فرماتا ہی اللہ تعالیٰ کہ حاصل ہوا یہہ درجہ بسبب استغفار

وعن عبد اللّٰہ بن عبّاسٍ قال قال رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم ما المیّت فی القبر الّا کالغریق

تلحقہ من اب او امّ او اخ او صدیق فاذا لحقتہ کان احبّ الیہ من الدّنیا وما فیھا وانّ اللّٰہ تعالیٰ لیدخل علی اھل القبور

من دعاء اھل الارض امثال الجبال وانّ ھدیّۃ الاحیاء الی الاموات الاستغفار لھم رواہ البیہقی فی

اور روایت ہی عبداللہ بن عباس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین ہوتا ہی مردہ قبر مین مگر مانند ڈوبنی والے فریاد کرنیوالی کا کہ

ہاتھہ اوسکا پکڑے منتظر ہوتا ہی دعا کا کہ پہونچے اوسکو باپ کی طرف سی یا مان کی طرف سی یا بہائی کی طرف سی یا دوست کی طرف سی پس جبوقت

کہ پہونچتی ہی دعا اوسکو ہوتا ہی پہونچنا دعا کا بہت پیارا طرف اوسکی دنیا سے اور دنیا کی چیزون سی اور تحقیق اللہ تعالیٰ البتہ پہونچاتا ہی قبر والونکو

بسبب دعا کرنیوالون کی مانند پہاڑون کی یعنی ثواب بڑا اور رحمت اور بخشش اور تحقیق تحفہ زندونکا طرف مردونکی استغفار کرنا ہی اونکی لیئے نقل کی

بیہقی نی شعب الایمان مین **وعن** عبد اللّٰہ بن بسرٍ قال قال رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم طوبی لمن وجد فی صحیفتہ

استغفارا کثیرا رواہ ابن ماجۃ وروی النسائیّ فی عمل یومٍ ولیلۃٍ اور روایت ہی عبداللہ بن بسر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ

علیہ وسلم نے خوشحالی ہی واسطی اوس شخص کے کہ پائی اپنی اعمال نامہ مین استغفار بہت یعنی استغفار مقبول نقل کی یہہ ابن ماجہ نی اور نقل کی نسائی

نی بیچ کتاب عمل یوم ولیلۃ کی **ف** روایت کی بزار نی انس سے بطریق مرفوع کی کہ نہین دونون فرشتی اعمال لکہنی والی اوٹہاتی ہین اعمال نامہ بندہ کا

ہر دن پہر دیکہتا ہی اللہ تعالیٰ اول اعمال نامہ مین اور اخیر مین استغفار مگر کہ فرماتا ہی تبارک و تعالیٰ بخشی مینی واسطی بندی اپنی کی وہ گناہ کہ درمیان دونون

طرفون اعمال نامہ کی ہین حاصل یہہ کہ صبح و شام کی استغفار سی یہہ مرتبہ حاصل ہوتا ہی ع **وعن** عائشۃ انّ النّبیّ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

کان یقول اللّٰھمّ اجعلنی من الّذین اذا احسنوا استبشروا واذا اساؤا استغفروا رواہ ابن ماجۃ والبیہقی فی الدّعوات

الکبیر اور روایت ہی عائشہ سی یہہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تہی کہتے یا الٰہی کر مجکو اون لوگون مین سی کہ جب نیکی کرین خوش ہون اور جب برائی کرین استغفار

کرین نقل کی یہہ ابن ماجہ نی اور بیہقی نی دعوات کبیر مین **وعن** الحارث بن سویدٍ قال حدّثنا عبد اللّٰہ بن مسعود وحذیفۃ

احدھما عن رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم والآخر عن نفسہ قال انّ المؤمن یری ذنوبہ کانّہ قاعد تحت

یخاف ان یقع علیہ وانّ الفاجر یری ذنوبہ کذبابٍ مرّ علی انفہ فقال بہ ھکذا ای بیدہ فذبّہ عنہ

رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم یقول اللّٰہ افرح بتوبۃ عبد المؤمن من رجل نزل فی ارضٍ [illegible]

راحلتہ علیھا طعامہ وشرابہ فوضع راسہ فنام نومۃ فاستیقظ وقد [illegible]

علیہ الحرّ والعطش او ما شاء اللّٰہ قال ارجع الی مکانی الّذی کنت فیہ فانام [illegible]

لیموت فاستیقظ فاذا راحلتہ عندہ علیھا [illegible]

مسعود اور دو حدیثین ایک اون مین سے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور دوسری
کہ مومن گناہون کو اپنے دیکھتا ہے اپنے گناہونکو گویا کہ بیٹھا ہوا ہے نیچے پہاڑ کے ڈرتا ہے اس سے کہ گر پڑے پہاڑ اوسپر اور تحقیق فاجر
گناہون کو اپنے دیکھا ہے مکھی کے کہ اوڑی اوسکی ناک پر پس اشارہ کیا ساتھہ اوس مکھی کے اس طرح سے یعنی اپنے ہاتھہ سے پس اوڑایا اوسکو اپنے
سے اپنے گناہ سے بہت ڈرتا ہے اور خوف کرتا ہے اسکا کہ پکڑا نہ جاؤن اور فاجر کو اپنے گناہ کرنیکی پروا نہین ہوتی پھر کہا عبد اللہ نے
حضرت سے سنی تھی وہ بیان کی کہ سنا مینے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے البتہ اللہ تعالیٰ بہت خوش ہوتا ہے بسبب توبہ
کرنے اپنے بندے مومن کے بہ نسبت اوس شخص کے کہ اوترا ایک میدان مین کہ خالی ہے درخت اور گھاس سے جگہہ ہے ہلاکت کے ساتھہ اوسکی تھی سواری
کھانا اوسکا اوپر پینا اوسکا پس کہا سر اپنا یعنی استراحت کے لیے زمین پر اور سو رہا کچھہ سونا پھر جاگا اوس حال مین کہ تحقیق جاتی
سواری اوسکی پھر تلاش کیا اوسکو یہانتک کہ جسوقت سخت ہوئی اوسپر گرمی اور پیاس اور جو چاہا اللہ تعالیٰ نے یعنی رنج و بلا سوای گرمی
پیاس کے کہا پھر جاؤن مین طرف مکان اپنی کے کہ تھا مین اوس مین پس سو رہوان یہانتک کہ مر جاؤن پس کہا اپنا سر اپنے بازو پر تاکہ مر رہے پھر جاگا
پس ناگہان سواری اوسکی اوسکے پاس حاضر ہے اوسپر ہے توشہ اوسکا اور پانی اوسکا پس اللہ تعالیٰ بہت خوش ہوتا ہے بسبب توبہ کرنے بندے
مومن کے اس شخص سے ساتھہ سواری اپنی کے اور توشہ اپنی کے یعنی جیسے یہہ شخص اپنی سواری اور توشہ کے ملنے سے خوش ہوتا ہے اس سے زیادہ
اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے بندے کی توبہ کرنے سے نقل کی مسلم نے ان دونو حدیثون سے اوسکو کہ مرفوع ہے طرف پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے
تحقیق یعنی جس مین قصہ سواری کے بھاگنے اور پانے کا ہے اور حدیث جو موقوف ہے ابن مسعود پر کہ مومن گناہ کو مانند پہاڑ کے دیکھتا ہے وہ نہیں
ذکر کی اور نقل کی بخاری نے حدیث موقوف بھی **ف** حاصل یہہ کہ حدیث مرفوع متفق علیہ ہے اور حدیث موقوف افراد بخاری سے ہے اور اس
حدیث مین اشارہ ہے طرف اس آیت کے ان اللہ یحب التوابین کہا امام غزالی رح نے منقول ہے بڑے عالم باعمل اوستاد ابی اسحاق اسفرائنی رحمہ اللہ
سے کہ اونہون نے کہا دعا کی مینے اللہ سبحانہ تعالیٰ سے تیس برس تک یہہ کہ نصیب کرے مجکو توبہ نصوح پس نہ قبول کی گئی دعا میری پھر تعجب کیا
اپنے دل مین اور کہا مینے سبحان اللہ ایک حاجت کے لیے دعا کی مینے تیس برس تک اور نہ روا ہوئی تبتک پس دیکھا مینے خواب مین کہ کوئی کہتا ہے
مجھکو تعجب کیا تو نے اوس سے یہہ بھی جانتا ہے کہ کیا مانگتا ہے تو مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ سے یہہ کہ دوست رکھنا مین سنا تو نے اللہ تعالیٰ سے
کہنا ہے ان اللہ یحب التوابین و یحب المتطہرین پس یہہ حاجت کیا آسان ہے ع **وعن** علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
للہ یعجب العبد المؤمن المفتن التواب اور روایت ہے حضرت علی رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ تعالیٰ
تعجب کرتا ہے اوس بندے مومن کو کہ مبتلا ہوتا ہے گناہون مین اور بہت توبہ کرتا ہے **ف** یہہ دوست رکھنا بسبب توبہ کی ہے نہ بسبب گناہ کے
توبات قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ما احب ان لی الدنیا بھذہ الایۃ یعبادی الذین
اسرفوا علی انفسہم لا تقنطوا الایۃ فقال رجل فمن اشرک فسکت النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثم قال الا ومن اشرک
روایت ہے ثوبان سے کہ کہا سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہین دوست رکھتا مین کہ تحقیق میرے لیے دنیا ہو بدلے
اس چیز کے کہ زیادتی کرے اپنے جانون پر یعنی ساتھہ گناہ کرنیکے نہ ناامید ہو آخر آیت تک پھر کہا ایک شخص نے پس جسنے شرک کیا
اسکے حق مین حکم ہے یا نہین یعنی بخشا جاویگا یا نہین پس خاموش ہو رہے حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم یعنی واسطے

Marfat.com

انتظار امر الٰہی کے یا واسطے تفکر قائل کے ادای جواب مین ہر دو یا یہ

شرک کیا اور توبہ کو اپنی زندگی مین توبہ اوسکی قبول ہوتی پس وہ بھی داخل ہی اس آیت کے

یہ نہین دوست رکھتا مین کہ اس آیت کو بدلے تمام دنیا کی چیزون کے ہاتھ لگین اور اونکو للہ دون اور لذت اوٹھاون اوسکی

اس لیے کہ خوشخبری ہی اس مین مغفرت گناہون کی اور بعد لفظ لاتقنطوا کے باقی آیت یہ ہی مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ

یہی مضمون حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ان شعرون مین باندہا ہی **شعر** ایا صاحبی الذنب لا تقنطوا ✦ فان الالٰہ رؤف رؤف

بالعبدۃ ✦ فان الطریق مخوف مخوف ✦ اور یہی مضمون ان شعرون فارسی کے مین ہی **شعر** غافل مرو کہ مرکب مردان مرد را ✦ در سنگلاخ بادیہ بسیار

اند ✦ تو میدہم مباش کہ رندان بادہ نوش ✦ ناگہ بیک خروش بمنزل رسیدہ اند ✦ ع وغیرہ **وَعَنْ** اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی لَیَغْفِرُ لِعَبْدِهٖ مَا لَمْ یَقَعِ الْحِجَابُ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الْحِجَابُ قَالَ اَنْ تَمُوْتَ

النَّفْسُ وَهِیَ مُشْرِكَةٌ رَوَی الْاَحَادِیْثَ الثَّلٰثَةَ اَحْمَدُ وَرَوَی الْبَیْهَقِیُّ الْاَخِیْرَ فِیْ كِتَابِ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ اور روایت ہی

ابی ذر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ تعالیٰ البتہ بخشتا ہی واسطے بندہ اپنی کے یعنی جو کچھ چاہتا ہی گناہون سے جبتک کہ نہو پردہ

درمیان بندہ کے اور رحمت حق کے عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ کیا ہی پردہ فرمایا یہ کہ مرے آدمی اس حالمین کہ ہو شرک کرنیوالا نقل کین یہ تینون حدیثین

احمد اور نقل کی بیہقی نے اخیر کی کتاب البعث والنشور مین **وَعَنْهُ** قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَتَی اللّٰهَ لَا یُشْرِكُ

بِهٖ شَیْئًا وَاِنْ كَانَ عَلَیْهِ مِثْلُ جِبَالِ ذُنُوْبٍ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ فِیْ كِتَابِ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ اور روایت ہی

ابی ذر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ملاقات کریگا اللہ تعالیٰ سے یعنی مریگا اس حال مین کہ نہ برابر کرتا ہو ساتھ اللہ تعالیٰ کے

کسیکو دنیا مین ہم ہون اوسپر بھاڑ گناہ یعنی بعد مرنیکے بخشے گا اللہ تعالیٰ واسطے اوسکے یعنی سب گناہ اگرچہ ہونگے نقل کی بیہقی نے کتاب

بعث ونشور مین ✦ **وَعَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لَا ذَنْبَ

لَهٗ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَقَالَ تَفَرَّدَ بِهِ النَّهْرَانِیُّ وَهُوَ مَجْهُوْلٌ وَفِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ رَوٰی عَنْهُ مَوْقُوْفًا

قَالَ النَّدَمُ تَوْبَةٌ وَالتَّائِبُ كَمَنْ لَا ذَنْبَ لَهٗ اور روایت ہی عبداللہ بن مسعود سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے توبہ کرنیوالا گناہ سے

ہی یعنی توبہ صحیحہ مانند اوس شخص کے ہی کہ نہین گناہ واسطے اوسکی نقل کے یہہ ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان مین اور کہا بیہقی

نے کہ فقط نقل کیا اوسکو نہرانی نے اور وہ مجہول ہی اور شرح السنہ مین روایت کی بغوی نے عبداللہ بن مسعود سے بطریق موقوف کے کہ کہا عبداللہ

بن مسعود نے پشیمانی بڑا رکن ہی توبہ کا اور توبہ کرنیوالا مانند اوس شخص کے ہی کہ نہین گناہ واسطے اوسکے **ف** اور

کہ توبہ جب ہوتی ہی ساتھ شرطون معتبرہ کے تو نہین شک اوسکے قبول ہونے مین اور ہوتی ہی اوسپر مغفرت بموجب وعدہ الٰہی

بسبب التوبہ ونحو عبادہ اور استغفار از راہ محتاجگی اور کسر نفسی کے بدون توبہ کے کبھی ہوتی ہی مثلاً واجب گناہون کے اور کبھی

ثواب باجر اوپر البتہ مامل ہی کہ یہہ موقوف ہی مشیت ایزدی پر کہ چاہتا ہی استغفار سے گناہ دور کرنا ہو اور چاہتا

بَابٌ یہ باب ہی بیچ بیان اون حدیثون کے کہ متعلق ہین پہلی باب کے **ف** اکثر نسخون

باب فی سعۃ رحمتہ یعنی اس باب مین بیان ہی وسعت رحمت باری تعالیٰ کی

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

[illegible] اللہ تعالیٰ کی ہے اوپر عرش اوسکی کے اوسنے [illegible]
[illegible] میں ہے کہ غالب ہے رحمت میری غضب میری پر نقل کی یہ بخاری اور
[illegible] کے سبب بزرگ قدری اوسکی کے اور مراد سبقت رحمت اور غلبہ اوسکی سے غضب پر غالب
[illegible] کا ہے کہ تمام مخلوقات کو گھیری ہوئی ہے اور بے انتہا ہے اور نشانیان غضب کی کم
[illegible] اور فرمایا ہے عَذَابِیْ اُصِیْبُ بِهٖ مَنْ اَشَاءُ وَرَحْمَتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ اور بندی جو قصور کرتی ہین ادای شکر نعمت
[illegible] زیادہ از حد ہے جیساکہ فرمایا وَلَوْ یُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَا تَرَكَ عَلٰی ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ پس یہہ رحمت ہے اللہ تعالیٰ کی ہی کہ باقی رکھتا ہے
[illegible] اونکو اور روزی دیتا ہے اور نعمت پہونچاتا ہے اور عذاب نہین کرتا یہہ تو ظہور اوسکی رحمت کا دنیا مین ہے اور آخرت مین اس سے زیادہ ہوگا جیسا
کہ حدیث آیندہ مین بیان اوسکا ہے ع ح **وَعَنْهُ** قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ مِائَةَ رَحْمَةٍ اَنْزَلَ
[illegible] مِنْهَا رَحْمَةً وَاحِدَةً بَیْنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْبَهَائِمِ وَالْهَوَامِّ فَبِهَا یَتَعَاطَفُوْنَ وَبِهَا یَتَرَاحَمُوْنَ وَبِهَا تَعْطِفُ الْوَحْشُ عَلٰی
وَلَدِهَا وَاَخَّرَ اللّٰهُ تِسْعًا وَتِسْعِیْنَ رَحْمَةً یَرْحَمُ بِهَا عِبَادَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَفِیْ رِوَایَةٍ لِمُسْلِمٍ عَنْ سَلْمَانَ نَحْوُهٗ
[illegible] اخرہ قَالَ فَاِذَا كَانَ یَوْمُ الْقِیٰمَةِ اَكْمَلَهَا بِهٰذِهِ الرَّحْمَةِ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
